| ۳۱ | وَلَآ اَقُوْلُ | وَلَا.. اَ قُوْ لُ | اور میں نہیں کہتا | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تم سے | | |
| | عِنْدِيْ | عِنْ دِیْ | کہ میرے پاس | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں، عِندَ الطَّلَب |
| | خَزَآئِنُ | خَ زَا ... ءِ نُ | خزانے ہیں | خ ز ن | خَزَائِن، خَزِینہ، وَزارتِ خَزانہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَلَآ اَعْلَمُ | وَلَا.. اَ عْ لَ مُ | اور نہ میں جانتا ہوں | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | الْغَيْبَ | لْ غَائِ بَ | غیب | غ ی ب | غَیب کا عِلم، غِیاب، غَیبی اَمداد |
| | وَلَآ اَقُوْلُ | وَلَا.. اَقُوْلُ | اور نہ میں کہتا ہوں | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | (یہ کہ) بے شک میں | | |
| | مَلَكٌ | مَ لَ کُوں | فرشتہ ہوں | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فرِشتہ) مَسجُودِ مَلائکہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ

میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں، (سنو!) میں غیب کا علم بھی نہیں رکھتا، نہ میں یہ کہتا ہوں کہ میں کوئی فرشتہ ہوں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّلَآ اَقُوْلُ | وَلَآ.. اَقُوْلُ | اور نہ میں کہتا ہوں | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ ی نَ | ان لوگوں کے بارے میں جنہیں | | |
| | تَزْدَرِيْٓ | تَ زْ دَ رِ یْ.. | حقیر دیکھتی ہیں | ز ر ی | |
| | اَعْيُنُكُمْ | اَ عْ یُ نُ كُمْ | تمہاری آنکھیں | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ) قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ | لَ ئِیْ یُ x تِ یَ ہُ مُ | (کہ) انہیں ہرگز نہیں دے گا | ء ت ی | |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | خَيْرًا ؕ | خَا ئِ رًا | کوئی بھلائی | خ ی ر | خَیرخواہی، خَیروشَر، خَیروبَرکت |
| | اَللّٰهُ | اَل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | خوب جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| | بِمَا | بِ مَا | جو کچھ | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجِرہ |

وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

نہ میرا یہ قول ہے کہ جن پر تمہاری نگاہیں ذلت سے پڑ رہی ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کوئی نعمت دیگا ہی نہیں، انکے دل میں جو ہے اسے اللہ تعالیٰ ہی خوب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ | فِیْ.. اَنْ فُ سِ ہِمْ | ان کے دلوں میں ہے | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتنفّس |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِیْ.. | (اگر میں نے ایسے کہا تو) بلاشبہ میں | | |
| | اِذًا | اِ ذَ | تب | | |
| | لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ | ل لَ مِ نَظ ظَا لِ مِیْ ن | ضرور ظالموں میں سے ہوں گا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| ٣٢ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰنُوْحُ | یَا نُوْ حُ | اے نوح! | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | جٰدَلْتَنَا | جَا دَلْ تَ نَا | تو نے ہم سے جھگڑا کیا | ج د ل | جَنگ وجَدَل، مُجَادَلہ، سُورۃُ المُجَادَلَہ |
| | فَاَكْثَرْتَ | فَ اَكْ ثَ رْ تَ | اور تو نے بہت کیا | ك ث ر | خَیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٣١ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ

جانتا ہے، اگر میں ایسی بات کہوں تو یقیناً میرا شمار ظالموں میں ہوجائے گا ۝٣١ (قوم کے لوگوں نے) کہا اے نوح! تو نے ہم سے بحث

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جِدَالَنَا | جِ دَا لَ نَا | ہم سے جھگڑا | ج د ل | جَنگ وجَدَل، مُجَادَلہ، سُورۃُ المُجَادَلَہ |
| | فَاْتِنَا | فَ x تِ نَا | لہٰذا تو لے آ ہم پر | ء ت ی | |
| | بِمَا | بِ مَا | وہ (عذاب) جس کا | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | تَعِدُنَآ | تَ عِ دُ نَا.. | تو ہمیں وعدہ دیتا ہے | و ع د | وَعدہ، وَعدہ وَعِید، وَعدہ خِلَافی |
| | اِنْ كُنْتَ | اِنْ كُنْ تَ | اگر تو ہے | ك و ن | |
| | مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٣٢ | مِنَ صْ صَا دِ قِیْ نَ | سچوں میں سے؟ | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ٣٣ | قَالَ | قَا لَ | اس (نوح) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ | اِن نَ مَا یَ x تِیْ کُمْ | یقیناً تم پر لائے گا | ء ت ی | |

جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٣٢ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ

کرلی اور خوب بحث کرلی، اب تو جس چیز سے ہمیں دھمکا رہا ہے وہی ہمارے پاس لے آ، اگر تو سچوں میں ہے ۝٣٢ جواب دیا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ هٖ | وہ (عذاب) | | |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ (ہی) | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِنْ شَآءَ | اِنْ شَا...ءَ | اگر اس نے چاہا | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَا شَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَمَآ اَنْتُمْ | وَ مَا.. اَنْ تُمْ | اور تم نہیں ہو | | |
| | بِمُعْجِزِيْنَ ۝٣٣ | بِ مُ عْ جِ زِیْ نَ | (اسے) عاجز کرنے والے | ع ج ز | عاجز ہونا، عجز وانکساری، عاجزی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۴ | وَلَا يَنْفَعُكُمْ | وَلَا يَنْ فَ عُ كُ مْ | اور تمہیں نفع نہیں دے گی | ن ف ع | نَفعَ نُقصان، مُنافِع، مَنفعت |
| | نُصْحِيْٓ | نُصْ حِيْ.. | میری نصیحت | ن ص ح | نَصِیحت کرنا، نَاصِح، نَصَائِح |
| | اِنْ اَرَدْتُّ | اِنْ اَرَتْ تُ | اگر میں چاہوں | ر و د | پُختہ اِرادہ، مُرِید صادِق، مُرادِ رَسُول |

بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ

اسے بھی اللہ تعالیٰ ہی لائے گا اگر وہ چاہے اور ہاں تم اسے ہرانے والے نہیں ہو ﴿۳۳﴾ تمہیں میری خیر خواہی کچھ بھی نفع نہیں دے سکتی،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ اَنْصَحَ | اَنْ اَنْصَ حَ | یہ کہ میں نصیحت کروں | ن ص ح | نَصِیحت کرنا، نَاصِح، نَصَائِح |
| | لَكُمْ | لَ كُمْ | تمہیں | | |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | كَانَ | كَ انَ | ہو | ك و ن | |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | يُرِيْدُ | يُ رِيْ دُ | چاہتا | ر و د | پُختہ اِرادہ، مُرِید صادِق، مُرادِ رَسُول |
| | اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ط | اَئیں يُ غْ وِ يَ كُمْ | یہ کہ تمہیں گمراہ رکھے | غ و ی | اَغوا، مُغوِی، اَغوا کار |
| | هُوَ | هُ وَ | وہی | | |
| | رَبُّكُمْ قف | رَبْ بُ كُ مْ | تمہارا رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَاِلَيْهِ | وَاِلَا يْ هِ | اور اسی کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ط هُوَ رَبُّكُمْ قف وَاِلَيْهِ

گو میں کتنی ہی تمہاری خیر خواہی کیوں نہ چاہوں، بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ تمہیں گمراہ کرنے کا ہو، وہی تم سب کا پروردگار ہے اور اسی کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُرْجَعُوْنَ ط ﴿۳۴﴾ | تُ رْ جَ عُوْنَ | تم لوٹائے جاؤ گے | ر ج ع | رَجعت پَسند، مَرجَعِ خلائق، رُجوع |
| ۳۵ | اَمْ | اَمْ | کیا | | |
| | يَقُوْلُوْنَ | يَ قُوْ لُوْنَ | وہ کہتے ہیں کہ | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | افْتَرٰىهُ ؕ | فْ تَ رَا هُ | اس نے خود گھڑا ہے اس (قرآن) کو؟ | ف ر ی | مُفْتَرِی (بہتان باندھنا)، اِفتراء پردازی |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنِ | اِ نِ | اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | افْتَرَيْتُهٗ | فْ تَ رَا یْ تُ ہُوْ | میں نے اسے خود گھڑا ہے | ف ر ی | مُفْتَرِی (بہتان باندھنا)، اِفتراء پردازی |
| | فَعَلَيَّ | فَ عَ لَا یْ یَ | تو مجھ ہی پر ہے | | |
| | اِجْرَامِيْ | اِ جْ رَا مِیْ | میرا جرم | ج ر م | جُرم، مُجرم، فردِ جُرم، جرائم پیشہ |
| | وَاَنَا | وَ اَ نَا | اور میں | | |
| | بَرِيْٓءٌ | بَ رِیْ ... ءٌ | بری ہوں | ب ر ء | بَرِیّت، بَری ہونا، مُبَرّاء ہونا |

تُرْجَعُوْنَ ۧ ﴿۳۴﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ

لوٹائے جاؤ گے ﴿۳۴﴾ کیا یہ کہتے ہیں کہ اسے خود اسی نے گھڑ لیا ہے؟ تو جواب دے کہ اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہو تو میرا گناہ مجھ پر ہے اور میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّمَّا | م مِمْ مَا | اس سے جو | | مَا شاءَ اللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |
| | تُجْرِمُوْنَ ع ﴿۳۵﴾ | تُ جْ رِ مُوْ نَ | تم جرم کرتے ہو | ج ر م | جُرم، مُجرم، فردِ جُرم، جرائم پیشہ |
| ۳۶ | وَاُوْحِيَ | وَ اُوْ حِ یَ | اور وحی کی گئی | و ح ی | وحیِ مَتلو، وحیِ غیر مَتلو، وحی کا آنا |
| | اِلٰى نُوْحٍ | اِ لَا نُوْ حِنْ | نوح کی طرف | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَنَّهٗ | اَ نْ نَ ہُوْ | یہ بات کہ بے شک شان یہ ہے | | |
| | لَنْ | لَنْ | ہرگز نہیں | | |
| | يُّؤْمِنَ | یُ x ءْ مِ نَ | ایمان لائے گا | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | مِنْ قَوْمِكَ | مِنْ قَا وْ مِ کَ | تیری قوم میں سے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | سوائے | | اِلّا ماشاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | مَنْ | مَنْ | اس شخص کے جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |

مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ

ان گناہوں سے بَری ہوں جو تم کر رہے ہو ﴿٣٥﴾ نوح (علیہ السلام) کی طرف وحی بھیجی گئی کہ تیری قوم میں سے جو ایمان لا چکے ان کے سوا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنَ | آ مَ نَ | ایمان لا چکا ہے (پہلے) | ء م ن | آمَن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | فَلَا | فَ لَا | چنانچہ نہ | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | تَبْتَئِسْ | تَبْ تَ ءِ سْ | تُو غم کر | ب ء س | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے جو | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | كَانُوْا | كَ انُوْ | تھے | ك و ن | |
| | يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ | يَفْ عَ لُوْنَ | وہ کرتے رہے | ف ع ل | فِعل، فاعِل، مَفعُول، اَفعال |
| ٣٧ | وَاصْنَعِ | وَصْ نَ عِ | اور تُو بنا | ص ن ع | صَنعت کاری، صَنعتی شہر، مَصنُوعات |
| | الْفُلْكَ | لْ فُ لْ كَ | ایک کشتی | ف ل ك | فُلک (کشتی) |
| | بِاَعْيُنِنَا | بِ اَعْ يُ نِ نَا | ہماری آنکھوں کے سامنے | ع ی ن | عُیُون، اَعیُن، عَین (آنکھ)<br>قُرّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | وَوَحْيِنَا | وَ وَحْ يِ نَا | اور ہماری وحی کے مطابق | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |

اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا

اور کوئی اب ایمان لائے گا ہی نہیں، پس تو ان کے کاموں پر غمگین نہ ہو ﴿٣٦﴾ اور ایک کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی سے تیار کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا تُخَاطِبْنِيْ | وَلَا تُ خَاطِبْ نِيْ | اور تُو مجھ سے بات نہ کرنا | خ ط ب | خُطبہ، خَطِیب، خِطاب |
| | فِي الَّذِيْنَ | فِلْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کے متعلق جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم (کفر) کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | اِنَّهُمْ | اِنْ نَ هُمْ | بلاشبہ وہ | | |
| | مُّغْرَقُوْنَ ﴿٣٧﴾ | مُ غْ رَ قُوْنَ | غرق کئے جائیں گے | غ ر ق | غرق کرنا، غَریقِ رحمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۸ | وَيَصْنَعُ | وَیَص نَ عُ | اور وہ (نوح) بنا تا رہا | ص ن ع | صَنعت کَاری، صَنعتی شہر، مَصنُوعات |
| | الْفُلْكَ قف | اُل فُ لْ ک | کشتی | ف ل ك | فُلک (کشتی) |
| | وَكُلَّمَا | وَ کُل لَ مَا | اور جب بھی | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |

وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿٣٧﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف وَكُلَّمَا

اور ظالموں کے بارے میں ہم سے کوئی بات چیت نہ کر وہ پانی میں ڈبو دیئے جانے والے ہیں ﴿۳۷﴾ وہ (نوح علیہ السلام) کشتی بنانے لگے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَرَّ | مَرْرَ | گزرتے | م ر ر | مُرُورِ زمانہ (زمانے کا گزرنا) |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس کے پاس سے | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلان |
| | مَلَأٌ | مَ لَ اُ | کوئی وڈیرے | م ل ء | |
| | مِّنْ قَوْمِهٖ | م مِن قَا وْ مِ ہِیْ | اس کی قوم میں سے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | سَخِرُوْا | سَ خِ رُوْ | تو وہ مذاق کرتے | س خ ر | مَسخَراپَن، تَمسخُر اُڑانا |
| | مِنْهُ ط | مِن ہُ | اس سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | قَالَ | قَ ا لَ | اس (نوح) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَ اللّٰہ |
| | تَسْخَرُوْا | تَس خَ رُوْ | تم (آج) مذاق کرتے ہو | س خ ر | مَسخَراپَن، تَمسخُر اُڑانا |
| | مِنَّا | مِن نَا | ہم سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | فَاِنَّا | فَ اِن نَا | تو بے شک ہم بھی | | |
| | نَسْخَرُ | نَس خَ رُ | (ایک روز) مذاق کریں گے | س خ ر | مَسخَراپَن، تَمسخُر اُڑانا |
| | مِنْكُمْ | مِن کُ مْ | تم سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ط قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ

ان کی قوم کے جو سرداران کے پاس سے گزرتے وہ ان کا مذاق اڑاتے، وہ کہتے اگر تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو تو ہم بھی تم پر ایک دن ہنسیں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَمَا | کَ مَا | جس طرح | | کالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | تَسْخَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ ط | تَسْ خَ رُوْ ن | تم مذاق کرتے ہو | س خ ر | مَسخرا پن، تمسخر اُڑانا |
| ٣٩ | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | پھر جلد ہی | | |
| | تَعْلَمُوْنَ لا | تَ عْ لَ مُوْن | تم جان لوگے | ع ل م | عِلم، عالِم، مَعلوم، علّامہ |
| | مَنْ | مَا ئِیُں | کوئی شخص ہے کہ | | |
| | يَّأْتِيْهِ | یَ x تِیْ ہِ | اس پر آتا ہے | ء ت ی | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُوْ ئِیں | ایسا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | يُّخْزِيْهِ | یُ خْ زِیْ ہِ | جو اسے رُسوا کردے گا (دنیا میں) | خ ز ی | خزایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| | وَيَحِلُّ | وَ یَ حِلْ لُ | اور اُترے گا | ح ل ل | |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس پر | | عَلٰی وَجہِ البصیرت، عَلَی الْاِعلان |

كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّأْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ

جیسے تم ہم پر ہنستے ہو ﴿٣٨﴾ تمھیں بہت جلد معلوم ہوجائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کرے اور اس پر ہمیشگی کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | مُّقِيْمٌ ﴿٣٩﴾ | م مُ قِیْ م | ہمیشہ کا (آخرت میں) | ق و م | قوّام، مُقیم، قائم ودائم |
| ٤٠ | حَتّٰٓى | حَت تَا | حتیٰ کہ | | حتَّی الاِمکان، حتّٰی کہ |
| | إِذَا جَآءَ | اِذَا جَا... ءَ | جب آگیا | ج ی ء | |
| | أَمْرُنَا | اَمْ رُ نَا | ہمارا حکم | ء م ر | اَمر، اُمور، آمر، امر بِالمعروف |
| | وَفَارَ | وَ فَا رَ | اور جوش مارا | ف و ر | پانی کا فوّارہ، پانی کی فوّار، فوّارہ پھوٹنا |
| | التَّنُّوْرُ لا | تْ تَنْ نُوْ رُ | تنور نے | ن و ر | تنور، تنوری روٹی |
| | قُلْنَا | قُ لْ نَ | تو ہم نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِحْمِلْ | حْ مِ لْ | سوار کرلے | ح م ل | حَمل، حامِلہ عورت، حامِلِ قرآن |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس (کشتی) میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | مِنْ كُلٍّ | مِنْ کُل لِ نْ | ہر قسم سے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٩﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ

سزا اترآئے ﴿۳۹﴾ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آپہنچا اور تنور ابلنے لگا ہم نے کہا کہ اس کشتی میں ہر قسم کے (جانداروں میں سے) جوڑے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | زَوْجَيْنِ | زَ اْ وْ جَا ئِ یْ نِ | جوڑے | ز و ج | زوجہ، زَوج، اَزواجِ مُطہَّرات |
| | اثْنَيْنِ | ثْ نَا ئِ یْ نِ | (نر اور مادہ ہر ایک سے) دو | ث ن ی | ثانی، عَقدِ ثانی، لاثانی |
| | وَاَهْلَكَ | وَ اَ ہْ لَ كَ | اور اپنے گھر والوں کو | ء ہ ل | اَہل وعیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بیت |
| | اِلَّا | اِل لَا | سوائے | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | مَنْ | مَنْ | اس شخص کے کہ | | |
| | سَبَقَ | سَ بَ قَ | پہلے گزر چکا | س ب ق | سابِق، سابِقہ، سَبقت لِسانی<br>سَبقت لیجانا |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ یْ ہِ | اس کے متعلق | | |
| | الْقَوْلُ | لْ قَا وْ لُ | (ہمارا) حکم | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور ان کو (بھی سوار کرلے) جو | | |
| | اٰمَنَ ؕ | آ مَ نَ | ایمان لاچکے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، ایمان |
| | وَمَآ | وَ مَا.. | اور نہیں | | |
| | اٰمَنَ | آ مَ نَ | ایمان لائے تھے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، ایمان |
| | مَعَهٗٓ | مَ عَ ہُوْ.. | اس کے ساتھ | | مَع اَہل وعیال، مَعِیّت |

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ

(یعنی) دو (جانور، ایک نر اور ایک مادہ) سوار کرالے اور اپنے گھر کے لوگوں کو بھی، سوائے انکے جن پر پہلے سے بات پڑ چکی ہے اور سب ایمان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ | قَ لِیْ ل | تھوڑے ہی (لوگ) | ق ل ل | قَلِیل، اَقَلِیّت، قِلَّت |
| ۴۱ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور (نوح نے) کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | ارْكَبُوْا | رُ کَ بُوْ | تم سوار ہو جاؤ | ر ك ب | رَاکِب، مَرَاکِب، رُکبَان |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس (کشتی) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | بِسْمِ | بِسْ مِ | نام کے ساتھ ہے | س م و | وَجہِ تَسمِیہ، اِسمِ بَامُسَمّٰی، مُسَمَّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | مَجْرٖىهَا | مَ جْ رِ ے ہَا | اس کا چلنا | ج ر ی | جَاری وسَاری، اِجرَاء، جَرَیَان |
| | وَمُرْسٰىهَا ط | وَ مُ رْ سَا ہَا | اور اس کا ٹھہرنا | ر س ء | |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | رَبِّيْ | رَب بِیْ | میرا رب | ر ب ب | رَبّ، مُرَبِّی، اَربَاب، رَبُّ الاَرض |

اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ط اِنَّ رَبِّيْ

والوں کو بھی، اسکے ساتھ ایمان لانے والے بہت ہی کم تھے ﴿۴۰﴾ نوح (عَلَیْہِ السَّلَام) نے کہا، اس کشتی میں بیٹھ جاؤ اللہ تعالیٰ ہی کے نام سے اس کا چلنا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَغَفُوْرٌ | لَ غَ فُوْ ر | یقیناً بہت بخشنے والا | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُ الغَفُور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ | ر رَ حِیْ م | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحِیم، رَحم وکَرَم |
| ۴۲ | وَهِيَ | وَ ہِ یَ | اور وہ (کشتی) | | |
| | تَجْرِيْ | تَ جْ رِیْ | چلتی تھی | ج ر ی | جَاری وسَاری، اِجرَاء، جَرَیَان |
| | بِهِمْ | بِ ہِمْ | انہیں لے کر | | |
| | فِيْ مَوْجٍ | فِیْ مَا وْ جِنْ | ایسی موجوں میں | م و ج | مَوجِ دَریَا، مَوجِیں، فَوج ظَفَرمَوج |
| | كَالْجِبَالِ قف | کَل جِ بَا ل | جو پہاڑوں جیسی تھیں | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَنَادٰى | وَ نَا دَا | اور آواز دی | ن د ی | نِدا آئی، مُنادی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | نُوۡحُ | نُو حُ | نوح نے | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِبۡنَهٗ | نِبۡ نَ هُوۡ | اپنے بیٹے کو | ب ن و | اِبنِ مریم، اِبنِ عَبدُاللہ، اِبنِ نُوح |

لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِىَ تَجۡرِىۡ بِهِمۡ فِىۡ مَوۡجٍ كَالۡجِبَالِ قف وَنَادٰى نُوۡحُ اِۨبۡنَهٗ

اور ٹھہرنا ہے، یقیناً میرا رب بڑی بخشش اور بڑے رحم والا ہے ﴿۴۱﴾ وہ کشتی انہیں پہاڑوں جیسی موجوں میں لیکر جارہی تھی اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے لڑکے کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَانَ | وَ كَا نَ | اور وہ تھا | ك و ن | |
| | فِىۡ مَعۡزِلٍ | فِیۡ مَ عۡ زِ لِنۡ | (سب سے) الگ تھلگ | ع ز ل | عزل کرنا، فِرقہ مُعتزلہ، معزول کرنا |
| | يّٰبُنَىَّ | یَا بُ نَا یۡ یَ | اے میرے پیارے بیٹے! | ب ن و | اِبن، اَبناء، بنُون، بنات |
| | ارۡكَبۡ | رۡ كَ بۡ | تُو (بھی) سوار ہوجا | ر ك ب | راکب، مَراکب، رُکبان، ہم رکاب |
| | مَّعَنَا | مَ عَ نَا | ہمارے ساتھ | | مَعَ ہذا، مَعیّت، اسکی مَعیّت میں |
| | وَلَا تَكُنۡ | وَلَا تَ كُ نۡ | اور تُو نہ ہو | ك و ن | |
| | مَّعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَعَ ہذا، مَعیّت، اسکی مَعیّت میں |
| | الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۴۲﴾ | لۡ كَا فِ رِیۡنَ | کافروں کے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| ۴۳ | قَالَ | قَ الَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | سَاٰوِىۡۤ | سَ آ وِیۡ.. | میں ابھی پناہ لے لیتا ہوں | ء و ی | ملجاء وماویٰ، جنّتُ الماویٰ |
| | اِلٰى | اِلَا | کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

وَكَانَ فِىۡ مَعۡزِلٍ يّٰبُنَىَّ ارۡكَبۡ مَّعَنَا وَلَا تَكُنۡ مَّعَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِىۡۤ اِلٰى

جو ایک کنارے پر تھا، پکار کر کہا کہ اے میرے پیارے بچے ہمارے ساتھ سوار ہوجا اور کافروں میں شامل نہ رہ ﴿۴۲﴾ اس نے جواب دیا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَبَلٍ | جَ بَ لِنۡ | کسی پہاڑ | ج ب ل | جَبلِ اُحد، جَبلِ ثور، جَبلِ رحمت |
| | يَّعۡصِمُنِىۡ | یَ عۡ صِ مُ نِیۡ | وہ مجھے بچالے گا | ع ص م | عاصِم، معصُوم، عِصمت وعِفّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْمَآءِ ؕ | مِ نَ لْ مَا ... ء | پانی (کے عذاب) سے | م و ء | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیریں، مَاءِ بَارِد |
| | قَالَ | قَ ا لَ | اس (نوح) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَا عَاصِمَ | لَا عَا صِ مَ | کوئی بچانے والا نہیں | ع ص م | عَاصِم، مَعْصُوم، عِصمت وعفّت |
| | الْيَوْمَ | لْ يَا وْ مَ | آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | مِنْ اَمْرِ | مِنْ اَ مْ رِ | حکم (عذاب) سے | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمر، امر بالمعروف |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | اِلَّا | اِ ل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | مَنْ | مَ رْ | جس پر | | |
| | رَّحِمَ ج | رَ حِ مَ | وہ (اللہ) رحم کرے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |

جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ج

میں تو کسی بڑے پہاڑ کی طرف پناہ میں آجاؤں گا جو مجھے پانی سے بچالے گا، نوح (علیہ السلام) نے کہا، آج اللہ کے امر سے بچانے والا کوئی نہیں، صرف وہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَحَالَ | وَ حَ ا لَ | اور حائل ہوگئی | ح و ل | حَائل ہونا، دو کے درمیان حَائل |
| | بَيْنَهُمَا | بَ ا یْ نَ هُ مَا | ان دونوں کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاقوامی |
| | الْمَوْجُ | لْ مَا وْ جُ | موج | م و ج | مَوجِ دَریا، اَمواج، مَوجیں |
| | فَكَانَ | فَ کَ ا نَ | تو وہ ہوگیا | ك و ن | |
| | مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿٤٣﴾ | مِ نَ لْ مُ غْ رَ قِیْ نْ | غرق کئے گئے لوگوں میں سے | غ ر ق | غَرق کرنا، غَرِیقِ رَحمت |
| ۴۴ | وَقِيْلَ | وَ قِیْ لَ | اور کہا گیا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰۤاَرْضُ | یَا .. اَ رْ ضُ | اے زمین! | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | ابْلَعِيْ | بْ لَ عِیْ | تو نگل لے | ب ل ع | |
| | مَآءَكِ | مَا ... ءَ کِ | اپنا پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیریں، مَاءِ بَارِد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿٤٣﴾ وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ | | | | | |
| بچیں گے جن پر اللہ کا رحم ہوا، اسی وقت ان دونوں کے درمیان موج حائل ہوگئی اور وہ ڈوبنے والوں میں سے ہوگیا ﴿٤٣﴾ فرمادیا گیا کہ اے زمین | | | | | |
| | وَيٰسَمَآءُ | وَ یَا سَ مَا...ءُ | اور اے آسمان! | س م و | سماوی کُتُب ، اَرض وسَماء |
| | اَقْلِعِيْ | اَ قْ لِ عِیْ | تو تھم جا (برسنے سے) | ق ل ع | |
| | وَغِيْضَ | وَ غِیْ ضَ | اور کم کردیا گیا | غ ی ض | |
| | الْمَآءُ | لْ مَا...ءُ | پانی | م و ہ | مَاءِ زمزم، مَاءِ شیریں، مَاءِ بارِد |
| | وَقُضِيَ | وَ قُ ضِ یَ | اور تمام کردیا گیا | ق ض ی | قضاوقدر، قضائے اِلٰہی، قاضی |
| | الْاَمْرُ | لْ اَمْ رُ | (ان کا) کام | ء م ر | اَمر، اُمور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | وَاسْتَوَتْ | وَ سْ تَ وَ تْ | اور وہ (کشتی) جاٹھہری | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُساوات، مُساوِی |
| | عَلَى الْجُوْدِيِّ | عَ لَلْ جُوْ دِیْ یِ | جودی (پہاڑی) پر | | جودی پہاڑ کا نام |
| | وَقِيْلَ | وَ قِیْ لَ | اور کہا گیا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ | | | | | |
| اپنے پانی کو نگل جا اور اے آسمان بس کر تھم جا، اسی وقت پانی سکھا دیا گیا اور کام پورا کردیا گیا اور کشتی ''جودی'' نامی پہاڑ پر جالگی اور فرمادیا گیا کہ | | | | | |
| | بُعْدًا | بُ عْ دَ | دوری (لعنت) ہے | ب ع د | مَاضِی بَعِید، بَعِید از عَقل، بُعد (دوری) |
| | لِّلْقَوْمِ | لِ لِلْ قَوْ مِ | لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ | ظْ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظالمین |
| ٤٥ | وَنَادٰى | وَ نَا دَا | اور پکارا | ن د ی | نِدا آئی، مُنادِی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | نُوْحٌ | نُوْ حُ | نوح نے | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | رَّبَّهٗ | رَ رَبْ بَ هُوْ | اپنے رب کو | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | پس اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | ابْنِیْ | بْ نِیْ | میرا بیٹا | ب ن ی | اِبن، اَبناء، بَنُون، بَنَات |
| | مِنْ اَهْلِیْ | مِنْ اَ ہْ لِیْ | میرے اہل میں سے ہے | ء ہ ل | اَہل وعَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |

بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَ نَادٰی نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ

ظالم لوگوں پر لعنت نازل ہو ﴿۴۴﴾ نوح (علیہ السلام) نے اپنے پروردگار کو پکارا اور کہا کہ میرے رب میرا بیٹا تو میرے گھر والوں میں سے ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلاشبہ | | |
| | وَعْدَكَ | وَ عْ دَ کَ | تیرا وعدہ | و ع د | وَعدہ، وَعدہ وَعِید، وَعدہ خِلافی |
| | الْحَقُّ | اَلْ حَق قُ | حق (سچا) ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقیقَت |
| | وَاَنْتَ | وَ اَنْ تَ | اور تُو | | |
| | اَحْكَمُ | اَ حْ کَ مُ | بہتر فیصلہ کرنے والا ہے | ح ك م | حَاکِم، مَحکمۂ عدل، حَکَم، حُکّام |
| | الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾ | اَلْ حَا کِ مِیْ نَ | تمام فیصلہ کرنے والوں سے | ح ك م | حَاکِم، مَحکمۂ عدل، حَکَم، حُکّام |
| ۴۶ | قَالَ | قَ الَ | (اللہ نے) فرمایا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | يٰنُوْحُ | یَا نُوْ حُ | اے نوح! | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بے شک وہ | | |
| | لَيْسَ | لَیْ سَ | نہیں ہے | | |

وَ اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَ اَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ

یقیناً تیرا وعدہ بالکل سچا ہے اور تو تمام حاکموں سے بہتر حاکم ہے ﴿۴۵﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نوح (علیہ السلام) یقیناً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ اَهْلِكَ ج | مِنْ اَ ہْ لِ کَ | تیرے اہل میں سے | ء ہ ل | اَہل وعَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ اس کا | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَمَلٌ | عَ مَ لُنْ | عمل | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | غَيْرُ | غَ اَئِ رُ | نہیں ہے | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | صَالِحٍ | صَا لِ حِنْ | اچھا | ص ل ح | صَالِحین، صُلحاء، اَعمَالِ صَالِح |
| | فَلَا تَسْـَٔلْنِ | فَ لَا تَسْ ءَلْ نِ | چنانچہ تُو مجھ سے سوال نہ کر | س ء ل | سَائِل، سَائِلین، مَسَائِل، مَسئَلہ |
| | مَا | مَا | اس چیز کا کہ | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | لَيْسَ | لَا اَئِ سَ | نہیں ہے | | |
| | لَكَ | لَ كَ | تجھے | | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کا | | |
| | عِلْمٌ | عِ لْ م | کوئی علم | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاَّمہ |

مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ

وہ تیرے گھرانے سے نہیں ہے، اس کے کام بالکل ہی ناشائستہ ہیں تجھے ہرگز وہ چیز نہ مانگنی چاہئے جس کا تجھے مطلقاً علم نہ ہو، میں تجھے نصیحت کرتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنِّیْٓ | اِن نِیْ.. | بے شک میں | | |
| | اَعِظُكَ | اَ عِ ظُ كَ | تجھے نصیحت کرتا ہوں | و ع ظ | وَعظ، وَاعظ، وَعظ و نصیحت |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | تَكُوْنَ | تَ كُو نَ | تُو (نہ) ہو | ك و ن | |
| | مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۞ | مِ نَ لْ جَا ہِ لِیْ نَ | جاہلوں میں سے | ج ھ ل | جَاہِل، جُہلا، جَاہلیّت، جَہالَت |
| ۴۷ | قَالَ | قَ الَ | اس (نوح) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | اِنِّیْٓ | اِن نِیْ.. | بے شک میں | | |
| | اَعُوْذُ بِكَ | اَ عُوْ ذُ بِ كَ | تیری پناہ میں آتا ہوں | ع و ذ | تَعوُّذ، اِستِعَاذَہ (پناہ مانگنا)، اَعُوذُ بِاللہ پڑھنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَنْ | اس سے کہ | | |
| | اَسْـَٔلَكَ | اَ سْ ءَ لَ كَ | میں تجھ سے سوال کروں | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |

اِنِّیْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ

ہوں کہ تو جاہلوں میں سے اپنا شمار کرانے سے باز رہے ﴿۴۶﴾ نوح (علیہ السلام) نے کہا میرے پالنہار میں تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | اس چیز کا کہ | | مَاحول، مَافوق الفطرت، مَاجرہ |
| | لَیْسَ | لَا یْ سَ | نہیں ہے | | |
| | لِیْ | لِیْ | مجھے | | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کا | | |
| | عِلْمٌ ؕ | عِ لْ مْ | کوئی علم | ع ل م | علم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | وَاِلَّا | وَ اِلْ لَا | اور اگر | | |
| | تَغْفِرْ لِیْ | تَ غْ فِ رْ لِیْ | تُو نے میری بخشش نہ کی | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، غافر، استغفار |
| | وَتَرْحَمْنِیْٓ | وَ تَ رْ حَ مْ نِیْ.. | اور تُو نے مجھ پر رحم (نہ) کیا | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم وکرم |
| | اَكُنْ | اَ كُ نْ | تو میں ہوجاؤں گا | ك و ن | |
| | مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾ | مِنَ لْ خَا سِ رِ یْنَ | خسارہ پانے والوں میں سے | خ س ر | خسارہ اُٹھانے والا، خائب وخاسر |

مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾

تجھ سے وہ مانگوں جس کا مجھے علم ہی نہ ہو اگر تُو مجھے نہ بخشے گا اور تو مجھ پر رحم نہ فرمائے گا، تو میں خسارہ پانے والوں میں ہوجاؤں گا ﴿۴۷﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۸ | قِیْلَ | قِیْ لَ | کہا گیا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | یٰنُوْحُ | یَا نُوْ حُ | اے نوح! | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اهْبِطْ | ہْ بِ طْ | تو اتر | ھ ب ط | ہُبوطِ آدم، مَہبطِ وحی (نزولِ وحی) |
| | بِسَلٰمٍ | بِ سَ لَا مِ | بڑی سلامتی کے ساتھ | س ل م | اِسلام، مُسلم، مُسلمان، سلامتی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَّا | مِ ن نَا | ہماری طرف سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَبَرَكٰتٍ | وَ بَ رَ کَا تِنْ | اور بہت برکتوں (کے ساتھ) | ب ر ك | بَرَکت، بَرَکات، مُبارَک باد |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِیْ کَ | تجھ پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلان |
| | وَعَلٰٓى اُمَمٍ | وَ عَ لَا.. اُ مَ مِ | اور ان جماعتوں پر | ء م م | اُمَّتِ مُسلِمہ، اُمَّتِ محمّدیہ، اُمَمِ سابِقہ |
| | مِّمَّنْ | مِم مَ | جو ان میں سے ہوں گی جو | | |
| | مَّعَكَ ط | م مَ عَ کَ | تیرے ساتھ ہیں | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |

**قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ط**

فرمادیا گیا کہ اے نوح! ہماری جانب سے سلامتی اور ان برکتوں کے ساتھ اتر، جو تجھ پر ہیں اور تیرے ساتھ کی بہت سی جماعتوں پر اور بہت سی وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاُمَمٌ | وَ اُ مَ مُنْ | اور کچھ جماعتیں ہوں گی | ء م م | اُمَّتِ مُسلِمہ، اُمَّتِ محمّدیہ، اُمَمِ سابِقہ |
| | سَنُمَتِّعُهُمْ | سَ نُ مَتْ تِ عُ هُمْ | (کہ) عنقریب ہم انہیں فائدہ دیں گے | م ت ع | مَتاعِ کاروان، مَتاعِ عزیز، تَمَتُّع (فائدہ اٹھانا)، حِجِّ تَمَتُّع |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | يَمَسُّهُمْ | یَ مَس سُ هُمْ | انہیں پہنچے گا | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | مِّنَّا | مِن نَا | ہماری طرف سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| | اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾ | اَ لِیْ مْ | بڑا دردناک | ء ل م | اَلمناک حادِثہ، رَنج واَلَم |
| ۴۹ | تِلْكَ | تِ لْ کَ | یہ | | |
| | مِنْ اَنْۢبَآءِ | مِنْ اَمْ بَا...ءِ | کچھ خبریں ہیں | ن ب ء | نبی، اَنبِیاء، خَتمِ نَبُوّت، اَنبَاء (سعودی چینل) |
| | الْغَيْبِ | لْ غَا ئِیْ بِ | غیب کی | غ ی ب | غَیب کا علم، غَیبی اَمداد، غَیبی قُوَّت |

**وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ**

اُمتیں ہونگی جنہیں ہم فائدہ تو ضرور پہنچائیں گے لیکن پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا ﴿۴۸﴾ یہ خبریں غیب کی خبروں میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُوۡحِيۡهَآ | نُو حِی ہَا.. | ہم انہیں وحی کرتے ہیں | و ح ی | وحی متلو، وحی غیر متلو، وحی کا آنا |
| | اِلَيۡكَ ۚ | اِ لَا ئِ ک | آپ کی طرف | | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | مَا كُنۡتَ | مَا کُن تَ | آپ نہ تھے | ك و ن | |
| | تَعۡلَمُهَآ | تَ عۡ لَ مُ ہَا.. | ان کو جانتے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، معلوم، علاّمہ |
| | اَنۡتَ | اَن تَ | آپ | | |
| | وَلَا قَوۡمُكَ | وَلَا قَا وۡ مُ کَ | اور نہ آپ کی قوم | ق و م | قوم، اقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | مِنۡ قَبۡلِ | مِن قَب لِ | سے پہلے | ق ب ل | قبل اس کے، قبل از نماز، قبل از طعام |
| | هٰذَا ۛ | ہَا ذَا | اس (وحی) | | |
| | فَاصۡبِرۡ ۛ | فَ صۡ بِ رۡ | پس آپ صبر کریں | ص ب ر | صبر، صابر، صبور، صابرین |
| | **نُوۡحِيۡهَآ اِلَيۡكَ ۚ مَا كُنۡتَ تَعۡلَمُهَآ اَنۡتَ وَلَا قَوۡمُكَ مِنۡ قَبۡلِ هٰذَا ۛ فَاصۡبِرۡ ۛ** | | | | |
| | سے ہیں جن کی وحی ہم آپ کی طرف کرتے ہیں انہیں اس سے پہلے آپ جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم، اس لئے آپ صبر کرتے رہئے | | | | |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | الۡعَاقِبَةَ | لۡ عَا قِ بَ تَ | (بہترین) انجام | ع ق ب | ناعاقبت اندیش، عالَمِ عُقبیٰ |
| | لِلۡمُتَّقِيۡنَ ۴۹ ع | لِلۡ مُت تَ قِی ن | متقین کے لئے ہے | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ۵۰ | وَاِلٰى عَادٍ | وَاِلَا عَادِن | اور (ہم نے بھیجا) عاد کی طرف | | حضرت ہود علیہ السلام کی قوم |
| | اَخَاهُمۡ | اَ خَا ہُم | ان کے بھائی | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُواخات، اُخوّت، اخوانُ المسلمین |
| | هُوۡدًا ۘ | ہُو دَا | ہود کو | | حضرت ہود علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰقَوۡمِ | یَا قَا وۡ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعۡبُدُوا | عۡ بُ دُ | تم عبادت کرو | ع ب د | عبادت کرنا، عابد، معبود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٩﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

(یقین مانیئے) کہ انجام کار پرہیزگاروں کیلئے ہی ہے ﴿۴۹﴾ اور قوم عاد کی طرف انکے بھائی ہود کو ہم نے بھیجا، اس نے کہا میری قوم والو! اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | نہیں ہے | | |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِلَا هِنْ | کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | غَيْرُهٗ ۭ | غَا ئِ رُ هٗ | اس کے سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُاللہ، اِسکے بغیر |
| | اِنْ اَنْتُمْ | اِنْ اَنْ تُمْ | تم نہیں ہو | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | مُفْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ | مُفْ تَ رُوْن | جھوٹ گھڑنے والے | ف ر ی | مُفتری (بُہتان طراز)، اِفتراء پردازی، کِذب و اِفتِراء، مُفتری لوگ |
| ٥١ | يٰقَوْمِ | يَا قَا وْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | لَآ اَسْـَٔــلُكُمْ | لَا.. اَسْ ءَ لُ كُ مْ | میں تم سے سوال نہیں کرتا | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ هِ | اس (تبلیغ) پر | | |

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ

ہی کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تم تو صرف بہتان باندھ رہے ہو ﴿۵۰﴾ اے میری قوم! میں تم سے اس کی کوئی اُجرت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَجْرًا ۭ | اَجْ رَا | کسی اجر کا | ء ج ر | اَجر و ثواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | اِنْ | اِنْ | نہیں ہے | | |
| | اَجْرِيَ | اَجْ رِ يَ | میرا اجر | ء ج ر | اَجر و ثواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | عَلَى الَّذِيْ | عَ لَلْ لَ ذِ يْ | اس ذات پر جس نے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَطَرَنِیْ ؕ | فَ طَ رَ نِیْ | مجھے پیدا کیا | ف ط ر | فاطِر (پیدا کرنے والا) سُورَۃ فاطِر فِطرَت، فِطرِی چیز |
| | اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۵۱ | اَ فَ لَا تَ عْ قِ لُوْ نَ | کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ | ع ق ل | عَقلمند، عاقِل بَالغ، مَعقُول |
| ۵۲ | وَیٰقَوْمِ | وَ یَا قَا وْ مِ | اور اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | اسْتَغْفِرُوْا | سْ تَ غْ فِ رُوْ | تم بخشش طلب کرو | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، اِستغفار، مَغفِرَت |

اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۵۱ وَیٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا

نہیں مانگتا، میرا اجر اسکے ذمے ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے تو کیا پھر بھی تم عقل سے کام نہیں لیتے ۝۵۱ اے میری قوم کے لوگو! تم اپنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبَّکُمْ | رَ بْ بَ کُ مْ | اپنے رب سے | ر ب ب | رَبّ، مُرَبِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | تُوْبُوْٓا | تُ وْ بُوْ.. | تم توبہ کرو | ت و ب | توبہ، تائب، توبہ قبول کرنیوالا |
| | اِلَیْهِ | اِ لَا ئِ هِ | اسی کی طرف | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | یُرْسِلِ | یُ رْ سِ لِ | وہ بھیجے گا | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | السَّمَآءَ | س سَ مَا... ءَ | بادل | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | عَلَیْکُمْ | عَ لَا ئِ کُ مْ | تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلَان |
| | مِّدْرَارًا | مِدْ رَا رَا وْ ں | خوب برسنے والا | د ر ر | |
| | وَّیَزِدْکُمْ | وَ یَ زِ دْ کُ مْ | اور وہ تمہیں بڑھا دے گا | ز و د | زِیادہ، زَائد، مَزِید، زِیَادَات |
| | قُوَّۃً | قُو وَ تَنْ | قوت میں | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | اِلٰی قُوَّتِکُمْ | اِ لَا قُو وَ تِ کُ مْ | تمہاری (موجودہ) قوت کے ساتھ | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |

رَبَّکُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا وَّیَزِدْکُمْ قُوَّۃً اِلٰی قُوَّتِکُمْ

پالنے والے سے اپنی تقصیروں کی معافی طلب کرو اور اسکی جناب میں توبہ کرو، تاکہ وہ برسنے والے بادل تم پر بھیج دے اور تمہاری طاقت پر اور طاقت قوت بڑھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا تَتَوَلَّوْا | وَ لَا تَ تَ وَلْ لَا وْ | اور تم منہ نہ پھرو | و ل ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُجْرِمِيْنَ ۝٥٢ | مُ جْ رِ مِیْ نَ | مجرم بن کر | ج ر م | جُرم، مُجرم، فردِ جُرم |
| ٥٣ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰهُوْدُ | یَا ہُوْدُ | اے ہود! | ھ و د | حضرت ہود علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مَا جِئْتَنَا | مَا جِ x تَ نَا | تو نہیں لایا ہمارے پاس | ج ی ء | |
| | بِبَيِّنَةٍ | بِ بَائِیْ یِ نَ تِنْ اُوْں | کوئی واضح دلیل | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| | وَّمَا نَحْنُ | وَ مَا نَ حْ نُ | اور ہم نہیں ہیں | | |
| | بِتَارِكِيْٓ | بِ تَا رِ کِیْ.. | چھوڑنے والے | ت ر ك | ترک، تارک، متروک، ترکہ |

وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ۝٥٢ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

دے اور تم جرم کرتے ہوئے روگردانی نہ کرو ۝٥٢ انہوں نے کہا اے ہود! تو ہمارے پاس کوئی دلیل تو لایا نہیں اور ہم صرف تیرے کہنے سے اپنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰلِهَتِنَا | آ لِ ہَ تِ نَا | اپنے معبودوں کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَنْ قَوْلِكَ | عَنْ قَاوْ لِ کَ | (صرف) تیرے کہنے پر | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | وَمَا نَحْنُ | وَ مَا نَ حْ نُ | اور ہم نہیں ہیں | | |
| | لَكَ | لَ کَ | تجھ پر | | |
| | بِمُؤْمِنِيْنَ ۝٥٣ | بِ مُ x مِ نِیْ نَ | ایمان لانے والے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| ٥٤ | اِنْ نَّقُوْلُ | اِ نْ نَ قُوْ لُ | ہم نہیں کہتے | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِلَّا | اِ لْ لَ | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | اعْتَرٰىكَ | عْ تَ رَا کَ | (یہ کہ) تجھے مبتلا کر دیا ہے | ع ر ی | |
| | بَعْضُ | بَ عْ ضُ | کسی | ب ع ض | بعض لوگ، بعض النّاس، بعض اشیاء |

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝٥٣ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ

معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اور نہ ہم تجھ پر ایمان لانے والے ہیں ۝٥٣ بلکہ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ تو ہمارے کسی معبود کے بڑے جھپٹے میں آ گیا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰلِهَتِنَا | آلِ ہَ تِ نَا | ہمارے معبود نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | بِسُوْٓءٍ ؕ | بِ سُوْ... ء | بُرائی (خللِ دماغ) میں | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | قَالَ | قَ الَ | اس (ہود) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِيْ.. | بے شک میں | | |
| | اُشْهِدُ | اُشْ ہِ دُ | گواہ بناتا ہوں | ش ھ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَاشْهَدُوْٓا | وَشْ ہَ دُوْ.. | اور تم (بھی) گواہ رہو | ش ھ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | اَنِّيْ | اَن نِيْ | کہ بے شک میں | | |
| | بَرِيْٓءٌ | بَ رِيْ... ءُ | بری ہوں | ب ر ء | بَرِیُّ الذِّمہ، بَرأت، مُبَرّا ہونا |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | ان سے جنہیں | | مَاحول، مَافوقُ الفطرت، مَاجِرہ |
| | تُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۵۴﴾ | تُشْ رِ كُوْ نَ | تم شریک ٹھہراتے ہو | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |

اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۵۴﴾

اس نے جواب دیا کہ میں اللہ تعالیٰ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں تو اللہ کے سوا ان سب سے بیزار ہوں، جنہیں تم شریک بنا رہے ہو ﴿۵۴﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۵ | مِنْ دُوْنِهٖ | مِنْ دُوْ نِ ہِیْ | اس (اللہ) کے سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | فَكِيْدُوْنِيْ | فَ كِيْ دُوْ نِيْ | لہٰذا تم مجھے (نقصان پہنچانے کی) تدبیر کرلو | ك ی د | کائد، مَکائد (مکار) |
| | جَمِيْعًا | جَ مِيْ عَنْ | سب مل کر | ج م ع | جمع، جمیع، اِجماع، مجمع، مجموعہ |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمّ آمین |
| | لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ | لَا تُنْ ظِ رُوْ نِ | تم مجھے مہلت نہ دو | ن ظ ر | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب، اِنظار (مہلت دینا) مُنظِر (مہلت دینے والا) |
| ۵۶ | اِنِّيْ | اِن نِيْ | بے شک میں نے | | |
| | تَوَكَّلْتُ | تَ وَكْ كَلْ تُ | بھروسہ کیا ہے | و ك ل | توکّل کرنا، مُتوکّل علَی اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَل لَا هِ | اللہ پر | ء ل ہ | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | رَبِّیْ | رَب بِیْ | جو میرا رب ہے | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |

مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٥٥﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ

اچھا تم سب مل کر میرے خلاف چالیں چل لو اور مجھے بالکل مہلت بھی نہ دو ﴿٥٥﴾ میرا بھروسہ صرف اللہ تعالیٰ پر ہی ہے، جو میرا اور تم سب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَرَبِّكُمْ ط | وَ رَب بِ کُ مْ | اور تمہارا رب ہے | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | مَا | مَا | نہیں ہے | | |
| | مِنْ دَآبَّةٍ | مِنْ دَ آب بَ تِنْ | کوئی چلنے والا (جاندار) | د ب ب | دَابّۃُ الاَرض، دَبِیبُ الاَرض (زمین پر رینگنے والا جانور) |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | هُوَ | ھُ وَ | وہ (اللہ) | | |
| | اٰخِذٌۢ | آ خِ ذُ مْ | پکڑے ہوئے ہے | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | بِنَاصِيَتِهَا ط | بِ نَا صِ یَ تِ ہَا | اس کی پیشانی | ن ص ی | |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | رَبِّيْ | رَب بِیْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | عَلٰى | عَ لَا | پر (ہے) | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | صِرَاطٍ | صِ رَا طِ | راستے | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |
| | مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٦﴾ | مُ سْ تَ قِیْ م | سیدھے | ق و م | اِستقامت فِی الدِّین، مُقیم، خطِ مُستقیم |

وَرَبِّكُمْ ط مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ط اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٦﴾

کا پروردگار ہے جتنے بھی پاؤں دھرنے والے ہیں سب کی پیشانی وہی تھامے ہوئے ہے، یقیناً میرا رب بالکل صحیح راہ پر ہے ﴿٥٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۷ | فَاِنْ | فَ اِنْ | پھر اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | تَوَلَّوْا | تَ وَل لَا وْ | تم روگردانی کرو | و ل ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَقَدْ | فَ قَ دْ | تو تحقیق | | |
| | اَبْلَغْتُكُمْ | اَ بْ لَ غْ تُ كُ مْ | میں نے تمہیں پہنچا دی ہے | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغت، اِبلاغِ عامہ، مُبلّغ |
| | مَّآ | مَا.. | وہ چیز کہ | | |
| | اُرْسِلْتُ | اُرْ سِلْ تُ | میں بھیجا گیا ہوں | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | بِهٖٓ | بِ ہِیْ.. | اس کے ساتھ | | |
| | اِلَيْكُمْ ط | اِ لَاْ ئِ كُ مْ | تمہاری طرف | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَيَسْتَخْلِفُ | وَ يَسْ تَ خْ لِ فُ | اور (تمہارا) جانشین بنا دے گا | خ ل ف | خَلِیفہ، خُلَفَاءِ رَاشِدِین، خلَافت |
| | رَبِّيْ | رَب بِيْ | میرا رب | ر ب ب | رَبّ، مُرَبِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | قَوْمًا | قَا وْ مَنْ | ایک اور قوم کو | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ط وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا

پس اگر تم روگردانی کرو تو کرو میں تو تمہیں وہ پیغام پہنچا چکا جو دے کر مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا تھا، میرا رب تمہارے قائم مقام اور لوگوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيْرَكُمْ ج | غَا ئِ رَ كُ مْ | تمہارے سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بَغیر |
| | وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ | وَ لَا تَ ضُرْ رُوْ نَ هُوْ | اور تم اسے نقصان نہ پہنچا سکو گے | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجِدِ ضِرَار |
| | شَيْئًا ط | شَا ئِ آ | کچھ بھی | ش ی ء | شَیئ، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی اَشیائے خُوردونوش |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | رَبِّيْ | رَب بِيْ | میرا رب | ر ب ب | رَبّ، مُرَبِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | عَلٰى كُلِّ | عَ لَا كُل لِ | ہر پر | ك ل ل | کُل کَائِنات، کُل جَہان، کُل عَالَم |
| | شَيْءٍ | شَا ئِ ءِ نْ | چیز | ش ی ء | شَیئ، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی اَشیائے خُوردونوش |
| | حَفِيْظٌ ۝٥٧ | حَ فِيْ ظ | خوب نگہبان ہے | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| ٥٨ | وَلَمَّا | وَ لَم مَا | اور جب | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَآءَ | جا... ءَ | آ گیا | ج ی ء | |
| | اَمْرُنَا | اَ مْ رُ نَا | ہمارا حکم (عذاب) | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |

غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝٥٧ وَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا

کردے گا اور تم اس کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکو گے، یقیناً میرا پروردگار ہر چیز پر نگہبان ہے ۝٥٧ اور جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَجَّيْنَا | نَ ج جَا ئِ نَا | تو ہم نے نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجیہ، نَجات دَہندہ |
| | هُوْدًا | ہُوْ دَا اُوں | ہود کو | ھ و د | یَہُودی لوگ، یَہُودی مَذہب |
| | وَّالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور ان لوگوں کو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے تھے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | مَعَهٗ | مَ عَ ہُوْ | اس کے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | بِرَحْمَةٍ | بِ رَ حْ مَ تِ | عظیم رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحِیم، رَحم و کَرَم |
| | مِّنَّا ۚ | م مِنْ نَا | اپنی | | |
| | وَنَجَّيْنٰهُمْ | وَ نَ ج جَا ئِ نَا ہُمْ | اور ہم نے انہیں نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجیہ، نَجات دَہندہ |
| | مِّنْ عَذَابٍ | مِنْ عَ ذَا بِنْ | عذاب سے | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | غَلِيْظٍ ۝٥٨ | غَ لِیْ ظ | نہایت سخت | غ ل ظ | غَلِیظ اَشیاء، غَلِیظُ القَلب، غَلِیظ خُون |

نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝٥٨

ہود (عَلَیہِ السَّلام) کو اور اس کے مسلمان ساتھیوں کو اپنی خاص رحمت سے نجات عطا فرمائی اور ہم نے ان سب کو سخت عذاب سے بچا لیا ۝٥٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٩ | وَتِلْكَ | وَ تِلْ کَ | اور یہ | | |
| | عَادٌ ڙ قف | عَا دُ | عاد ہیں | | حضرت ہود عَلَیہِ السَّلام کی قوم |
| | جَحَدُوْا | جَ حَ دُوْ | انہوں نے انکار کیا تھا | ج ح د | جُحُود (انکار کرنا) |
| | بِاٰيٰتِ | بِ آ یا تِ | آیتوں کا | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیاتِ قُرآنیہ، آیاتِ بَیِّنَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّهِمْ | رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کی | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | وَعَصَوْا | وَ عَ صَاؤ | اور نافرمانی کی | ع ص و | عَاصِی آدمی، عِصیَان (نافرمانی) |
| | رُسُلَهٗ | رُ سُ لَ ہُوْ | اس (رب) کے رسولوں کی | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَاتَّبَعُوْٓا | وَت تَ بَ عُوْ.. | اور انہوں نے پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّبَاعِ سُنَّت |
| | اَمْرَ | اَمْ رَ | حکم کی | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمَعرُوف |
| | كُلِّ | كُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کَائنات، کُل جہان، کُل عَالَم |
| | جَبَّارٍ | جَب بَا رِنْ | سرکش | ج ب ر | جبر و ستم، جبر و ظُلم، عَبدُ الجَبَّار (نام) |
| وَتِلْكَ عَادٌ ۟ۙ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ | | | | | |
| یہ تھی قوم عاد، جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر ایک سرکش نافرمان کے حکم کی | | | | | |
| | عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ | عَ نِیْ دٍ | عناد رکھنے والے کے | ع ن د | بُغض و عَناد، بُغض رکھنا، بُغض و عَداوت |
| ۶۰ | وَاُتْبِعُوْا | وَ اُتْ بِ عُوْ | اور ان کے پیچھے لگائی گئی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّبَاعِ سُنَّت |
| | فِيْ هٰذِهٖ | فِیْ ہَا ذِ ہٖ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | الدُّنْيَا | دُ دُنْ يَا | دنیا | د ن و | دِین و دُنیا، دُنیَاوِی زندگی |
| | لَعْنَةً | لَ عْ نَ تَاؤں | لعنت | ل ع ن | لَعنَت کرنا، لَعِین، مَلعُون، لَعن طَعن |
| | وَّيَوْمَ | وَ يَاؤ مَ | اور دن | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | الْقِيٰمَةِ ؕ | اَلْ قِ يَا مَ ةِ | قیامت کے بھی | ق و م | قِیَامَت، روزِ قِیَامَت، سُورَةُ القِیَامَہ |
| | اَلَآ | اَلَا.. | آگاہ رہو! | | |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | عَادًا | عَا دَنْ | (قوم) عاد نے | | حضرت ہود علیہ السلام کی قوم عاد |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | انکار کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

عَنِيْدٍ ۝٥٩ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا

تابعداری کی ۝٥٩ دنیا میں بھی ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن بھی، دیکھ لو قوم عاد نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبَّهُمْ ط | رَ ب بَ هُمْ | اپنے رب کا | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | اَلَآ | اَ لَآ | سن لو! | | |
| | بُعْدًا | بُ عْ دَ | دوری ہے | ب ع د | بَعید از قیاس، بُعد، بُعدالمَشرق |
| | لِّعَادٍ | ل لِ عَا دِنْ | عاد کے لئے | | حضرت ہود علیہ السلام کی قوم عاد |
| | قَوْمِ | قَا ؤِ مِ | (یعنی) قوم | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | هُوْدٍ ۝٦٠ ع | هُوْ دٍ | ہود (کے لئے) | | حضرت ہود علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ٦١ | وَاِلٰى ثَمُوْدَ | وَاِ لَا ثَ مُوْ دَ | اور (ہم نے بھیجا) ثمود کی طرف | | حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود |
| | اَخَاهُمْ | اَ خَا هُمْ | ان کے بھائی | ء خ و | اُخُوّت پروگرام، مُواخات<br>اُخُوّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | صٰلِحًا م | صَا لِ حَنْ | صالح کو | ص ل ح | حضرت صالح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰقَوْمِ | يَا قَا ؤِ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |

رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ۝٦٠ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ

اپنے رب سے کفر کیا، ہود کی قوم عاد پر دوری ہو ۝٦٠ اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو بھیجا، اس نے کہا کہ اے میری قوم! تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اعْبُدُوا | عْ بُ دُ | تم عبادت کرو | ع ب د | عِبادت کرنا، عابِد، مَعبود، عِبادت گُزار |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ کی | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَا | مَا | نہیں ہے | | |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِلَا هِنْ | کوئی معبود | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيْرُهٗ ط | غَائِ رُہٗ | اس کے سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | هُوَ | ہُ وَ | اسی نے | | |
| | اَنْشَاَكُمْ | اَنْ شَ اَ کُ مْ | تمہیں پیدا کیا ہے | ن ش ء | اِنشاء پَردازی، عِلمِ اِنشاء، نَشو ونُما |
| | مِّنَ الْاَرْضِ | مِنَ لْ اَرْضِ | زمین سے | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَاسْتَعْمَرَكُمْ | وَسْ تَ عْ مَ رَ کُ مْ | اور اسی نے تمہیں آباد کیا ہے | ع م ر | عِمرانیات، اِستِعمار، اِستِعماری قوتیں |

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اسی نے تمہیں زمین سے پیدا کیا ہے اور اسی نے اس زمین میں تمہیں بسایا ہے، پس تم اس سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | فَاسْتَغْفِرُوْهُ | فَسْ تَ غْ فِ رُوْہُ | لہٰذا تم اس سے بخشش طلب کرو | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، اِستغفار، مَغفِرت |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | تُوْبُوْٓا | تُوْبُوْ.. | تم توبہ کرو | ت و ب | توبہ، تائب، توبہ قبول کرنیوالا |
| | اِلَيْهِ ط | اِلَآئِ ہِ | اس کی طرف | | رُجوع اِلیٰ اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | رَبِّيْ | رَب بِیْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | قَرِيْبٌ | قَ رِیْبٌ | بہت قریب ہے | ق ر ب | قُرب، قَریب، اَقرَب، قَریبی<br>عَزیز واَقارِب |
| | مُّجِيْبٌ ۝٦١ | م مُ جِیْ ب | (دعائیں) قبول کرنے والا ہے | ج و ب | مُستَجیب، مُستَجابُ الدَّعوات |
| ٦٢ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰصٰلِحُ | یَا صَالِ حُ | اے صالح! | ص ل ح | حضرت صالح علیہ السلام (نبی کا نام) |

فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ط اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝٦١ قَالُوْا يٰصٰلِحُ

معافی طلب کرو اور اس کی طرف رجوع کرو، بے شک میرا رب قریب ہے اور دعاؤں کا قبول کرنے والا ہے ۝٦١ انہوں نے کہا اے صالح!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | كُنْتَ | كُنْ تَ | تو تھا | ك و ن | |
| | فِيْنَا | فِيْ نَا | ہم میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَرْجُوًّا | مَ رْ جُوْ وَنْ | امیدوں کا مرکز | ر ج و | رَجاء، اِرجاء، اُمیّد و رَجاء |
| | قَبْلَ | قَبْ لَ | پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |
| | هٰذَآ | ہَا ذَا.. | اس سے | | |
| | اَتَنْهٰنَآ | اَ تَنْ ہَا نَا.. | کیا تُو ہمیں روکتا ہے | ن ھ ی | نَہی عَنِ المُنکَر، مَنہِیات (رُکنا) |
| | اَنْ نَّعْبُدَ | اَن نَ عْ بُ دَ | اس سے کہ ہم عبادت کریں | ع ب د | عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | مَا | مَا | ان کی جن کی | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يَعْبُدُ | يَ عْ بُ دُ | عبادت کرتے تھے | ع ب د | عِبادَت کرنا، عابِد، مَعبُود، عِبادَت گُزار |
| | اٰبَآؤُنَا | آ بَا..ءُ نَا | ہمارے باپ دادا؟ | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | وَاِنَّنَا | وَ اِن نَ نَا | اور بے شک ہم | | |

قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا

اس سے پہلے تو ہم تجھ سے بہت کچھ امیدیں لگائے ہوئے تھے، کیا تُو ہمیں انکی عبادتوں سے روک رہا ہے جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے چلے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَفِيْ شَكٍّ | لَ فِيْ شَ كْ كِ | یقیناً ایک ایسے شک میں ہیں | ش ك ك | شَک، شُکُوک، شُکُوک وشُبہات |
| | مِّمَّا | مِ مْ مَا | اس چیز (توحید) سے کہ | | مَاحول، مَافوقَ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | تَدْعُوْنَآ | تَ دْ عُوْ نَا.. | تُو ہمیں بلاتا ہے | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا يْ هِ | اس کی طرف | | مُرسَل اِلَیہ، مَکتوب اِلَیہ |
| | مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾ | مُ رِ يْب | جو پریشان کرنے والا ہے | ر ی ب | لَا رَیب کِتاب، لَا رَیب بَات |
| ٦٣ | قَالَ | قَ الَ | اس (صالح) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰقَوْمِ | يَا قَا وْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اَرَءَيْتُمْ | اَ رَ ءَ يْ تُمْ | بھلا بتاؤ تو | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | اِنْ كُنْتُ | اِنْ كُنْ تُ | اگر میں ہوں | ك و ن | |

لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ

آئے، ہمیں تو اس دین میں حیران کن شک ہے جس کی طرف تُو ہمیں بلا رہا ہے ﴿٦٢﴾ اس نے جواب دیا کہ اے میری قوم کے لوگو! ذرا بتاؤ تو اگر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى بَيِّنَةٍ | عَ لَا بَ ئْ يِ نَ تِ | واضح دلیل پر | ب ی ن | بیان، مُبیَّنہ طور پر، دلیلِ بیِّن |
| | مِّنْ رَّبِّيْ | مِ رْ رَ بْ بِيْ | اپنے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | وَاٰتٰىنِيْ | وَ آ تَا نِيْ | اور اس نے مجھے دی ہو | ء ت ی | |
| | مِنْهُ | مِنْ هُ | اپنی طرف سے | | مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | رَحْمَةً | رَ حْ مَ تَنْ | عظیم رحمت (نبوت) | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کرم |
| | فَمَنْ | فَ مَا ئِيْں | تو کون | | |
| | يَّنْصُرُنِيْ | يَنْ صُ رُ نِيْ | میری مدد کرے گا | ن ص ر | نُصرت، ناصِر، منصُور، نصیر |
| | مِنَ اللّٰهِ | مِنَ لْ لَا هِ | اللہ (کے عذاب) سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | عَصَيْتُهٗ ؔقف | عَ صَا ئْ تُ هُوْ | میں اس کی نافرمانی کروں؟ | ع ص و | عاصی آدمی، عِصیان (نافرمانی) |

عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ؔقف

میں اپنے رب کی طرف سے کسی مضبوط دلیل پر ہوا اور اس نے مجھے اپنے پاس کی رحمت عطا کی ہو، پھر اگر میں نے اس کی نافرمانی کر لی تو کون ہے جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ | فَ مَا تَ زِيْ دُوْ نَ نِيْ | پھر (اگر تمہاری مان لوں تو) تم مجھے زیادہ نہیں کرو گے | ز و د | زیادہ، زائد، مزید، زیادات |
| | غَيْرَ | غَا ئْ رَ | سوائے | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| ٦٣ | تَخْسِيْرٍ ﴿٦٣﴾ | تَ خْ سِيْ رْ | خسارہ دینے کے | خ س ر | خسارہ اُٹھانے والا، خائب و خاسر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٤ | وَيٰقَوْمِ | وَ یَا قَ وْ مِ | اور اے میری قوم! | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | هٰذِهٖ | ہَا ذِ ہِیْ | یہ | | |
| | نَاقَةُ | نَا قَ تُ | اونٹنی ہے | | |
| | اللّٰهِ | ل لاَ ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | اٰيَةً | آ یَ تَنْ | عظیم نشانی | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | فَذَرُوْهَا | فَ ذَ رُوْ ہَا | لہٰذا تم اسے چھوڑ دو | و ذ ر | |

فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿٦٣﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا

اسکے مقابلے میں میری مدد کرے؟ تم تو میرا نقصان ہی بڑھا رہے ہو ﴿٦٣﴾ اور اے میری قوم والو! یہ اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی اونٹنی ہے جو تمہارے لئے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَاْكُلْ | تَ x کُ لْ | کہ کھاتی (چرتی) پھرے | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | فِيْٓ اَرْضِ | فِیْ.. اَ رْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | اللّٰهِ | ل لاَ ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَلَا تَمَسُّوْهَا | وَ لاَ تَ مَسْ سُوْ ہَا | اور تم اسے ہاتھ نہ لگانا | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | بِسُوْٓءٍ | بِ سُوْ... ءِنْ | بُرائی کے ساتھ | س و ء | عُلماءِ سُوء، اخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | فَيَاْخُذَكُمْ | فَ یَ x خُ ذَ کُ مْ | ورنہ تمہیں پکڑ لے گا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾ | قَ رِیْ بُنْ | قریب ہی | ق ر ب | قُرب، قَریب، اَقرَب، قَریبی عزیز و اَقارِب |

تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾

ایک معجزہ ہے اب تم اسے اللہ تعالیٰ کی زمین میں کھاتی ہوئی چھوڑ دو اور اسے کسی طرح کی ایذا نہ پہنچاؤ ورنہ فوری عذاب تمہیں پکڑ لے گا ﴿٦٤﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٥ | فَعَقَرُوْهَا | فَ عَ قَ رُوْ ہَا | پھر انہوں نے اس کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں | ع ق ر | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو (صالح نے) کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | تَمَتَّعُوْا | تَ مَت تَ عُوْ | تم فائدہ اُٹھالو | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عزیز، تَمتُّع (فائدہ اٹھانا)، حجِّ تمتُّع |
| | فِيْ دَارِكُمْ | فِيْ دَا رِ کُ مْ | اپنے گھروں میں | د و ر | دَارُالفِکر، دَارُالاِحسان، دِیارِ غیر |
| | ثَلٰثَةَ | ثَ لَا ثَ ةَ | تین | ث ل ث | ثُلُثُ اللّیل، ثُلثُ القُرآن، ثَلاثَہ |
| | اَيَّامٍ ط | اَیْ یَا مِ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | وَعْدٌ | وَ عْ دُنْ | ایسا وعدہ ہے | و ع د | وَعدہ، وَعدہ وَعید، وَعدہ خِلافی |
| | غَيْرُ | غَ ئْ رُ | کہ نہیں | غ ی ر | غیرآدمی، غَیرُاللہ، اِسکے بغیر |

فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ط ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ

پھر بھی ان لوگوں نے اس اونٹنی کے پاؤں کاٹ ڈالے، اس پر صالح (علیہ السلام) نے کہا کہ اچھا تم اپنے گھروں میں تین دن تک تو رہ سہ لو، یہ وعدہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَكْذُوْبٍ ۶۵ | مَ کْ ذُ وْ ب | جھوٹ بولا گیا (اس میں) | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب، مُسیلمہ کذّاب (جھوٹے نبی کا نام) |
| ٦٦ | فَلَمَّا | فَ لَم مَا | پھر جب | | |
| | جَآءَ | جَا... ءَ | آ گیا | ج ی ء | |
| | اَمْرُنَا | اَمْ رُ نَا | ہمارا حکم (عذاب) | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بالمعروف |
| | نَجَّيْنَا | نَ ج جَا ئِیْ نَا | تو ہم نے نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقۂ ناجیہ، نَجات دَہندہ |
| | صٰلِحًا | صَا لِ حَا ءُن | صالح کو | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، مُصالحت |
| | وَّالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور ان لوگوں کو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے تھے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | مَعَهٗ | مَ عَ ہُوْ | اس کے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیّت، اسکی مَعیّت میں |
| | بِرَحْمَةٍ | بِ رَح مَ تِ | عظیم رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرَم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

جھوٹا نہیں ہے ﴿٦٥﴾ پھر جب ہمارا فرمان آ پہنچا، ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور ان پر ایمان لانے والوں کو اپنی رحمت سے اس سے بھی بچالیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَّا | م من نا | اپنی سے | | |
| | وَمِنْ خِزْيِ | وَ مِنْ خِ زْ يِ | اور اس کی رسوائی سے (بھی) | خ ز ی | خَزَایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| | يَوْمِئِذٍ ؕ | یَا ؤْ مِ ءِ ذٍ | (قیامت کے) دن کی | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | رَبَّكَ | رَب بَ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | هُوَ الْقَوِيُّ | ہُ وَلْ قَ وِ یْ یُ | وہی نہایت طاقتور | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾ | لْ عَ زِ یْ زُ | سب پر غالب ہے | ع ز ز | اَلعزیز (غالب، اللہ کا صِفاتی نام) |
| ٦٧ | وَاَخَذَ | وَ اَ خَ ذَ | اور آ پکڑا | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کو جنھوں نے | | |

مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ

اور اس دن کی رسوائی سے بھی، یقیناً تیرا رب نہایت توانا اور غالب ہے ﴿٦٦﴾ اور ظالموں کو بڑے زور کی چنگھاڑ نے آ دبوچا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ظَلَمُوا | ظَ لَ مُ | ظلم کیا تھا | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالمین |
| | الصَّيْحَةُ | ص صَا یْ حَ ةُ | چیخ نے | ص ی ح | |
| | فَاَصْبَحُوْا | فَ اَصْ بَ حُوْ | تو وہ ہو گئے | ص ب ح | |
| | فِيْ دِيَارِهِمْ | فِيْ دِ یَا رِ ہِمْ | اپنے گھروں میں | د و ر | دارُالفکر، دارُالاحسان، دِیارِ غیر |
| | جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ | جَا ثِ مِیْ نَ | گھٹنوں کے بل گرے ہوئے | ج ث م | |
| ٦٨ | كَاَنْ | کَ اَ | گویا کہ | ك و ن | |
| | لَّمْ يَغْنَوْا | لَمْ یَ غْ نَا ؤْ | وہ نہیں رہے تھے | غ ن ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا ۗ | فِيْ هَا | ان (گھروں) میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقت |
| | اَلَآ | اَ لَا.. | آگاہ رہو! | | |

ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۗ اَلَآ

پھر تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے رہ گئے ﴿٦٧﴾ ایسے کہ گویا وہ وہاں کبھی آباد ہی نہ تھے، آگاہ رہو کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | ثَمُوْدَاْ | ثَ مُوْ دَ | (قومِ) ثمود نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُوْ | انکار کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | رَبَّهُمْ ۗ | رَ ب بَ هُمْ | اپنے رب کا | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | اَلَا | اَ لَا | سن لو! | | |
| | بُعْدًا | بُ عْ دَ | دوری ہے | ب ع د | بَعید از قیاس، بُعد، بُعدُ المَشرِق |
| | لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ | ل لِ ثَ مُوْد | (قومِ) ثمود کے لئے | | |
| ٦٩ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلا شبہ تحقیق | | |
| | جَآءَتْ | جَا...ءَتْ | آئے | ج ی ء | |
| | رُسُلُنَآ | رُ سُ لُ نَا.. | ہمارے قاصد (فرشتے) | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِبْرٰهِيْمَ | اِبْ رَا هِیْ مَ | ابراہیم کے پاس | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |

اِنَّ ثَمُوْدَاْ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۗ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ

قوم ثمود نے اپنے رب سے کفر کیا، سن لو! ان ثمودیوں پر پھٹکار ہے ﴿٦٨﴾ اور ہمارے بھیجے ہوئے پیغامبر ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْبُشْرٰى | بِلْ بُشْ رَا | خوشخبری کے ساتھ | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | سَلٰمًا ۗ | سَ لَا مَا | سلام (کرتے ہیں ہم) | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَالَ | قَ ا لَ | (ابراہیم نے) کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | سَلٰمٌ | سَ لَا مُنْ | سلام (ہو تم پر) | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |
| | فَمَا لَبِثَ | فَ مَا لَ بِ ثَ | پھر اس (ابراہیم) نے دیر نہ کی | ل ب ث | |
| | اَنْ جَآءَ | اَنْ جَا...ءَ | کہ وہ لے آیا | ج ی ء | |
| | بِعِجْلٍ | بِ عِ جْ لِنْ | ایک بچھڑا | ع ج ل | |
| | حَنِيْذٍ ﴿٦٩﴾ | حَ نِیْ ذ | بُھنا ہوا | ح ن ذ | |

بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿٦٩﴾

خوشخبری لے کر پہنچے اور سلام کہا، انہوں نے بھی جواب سلام دیا اور بغیر کسی تاخیر کے گائے کا بھنا ہوا بچھڑا لے آئے ﴿٦٩﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٠ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | چنانچہ جب | | |
| | رَاٰ | رَ آ.. | اس (ابراہیم) نے دیکھے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | اَيْدِيَهُمْ | اَیْ دِ یَ ہُمْ | ان کے ہاتھ | ی د ی | یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رَفع یدین، قطع ید |
| | لَا تَصِلُ | لَا تَ صِ لُ | کہ نہیں پہنچتے | و ص ل | وَاصِلِ جَہَنّم ہونا، وَصل وفِراق |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا ئِیْ ہِ | اس (بچھڑے) کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | نَكِرَهُمْ | نَ کِ رَ ہُمْ | تو انہیں اوپرا جانا (غیر جانا) | ن ك ر | نَہی عَنِ المُنکَر، مُنکَرات، مُنکِرین |
| | وَاَوْجَسَ | وَ اَ وْ جَسَ | اور (دل میں) محسوس کیا | و ج س | |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | خِيْفَةً ؕ | خِیْ فَ ۃ | خوف | خ و ف | خوف وہراس، بِلاخوف، خوفناک |
| | قَالُوْا | قَ ا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا

اب جو دیکھا کہ ان کے تو ہاتھ بھی اس کی طرف نہیں پہنچ رہے تو ان سے اجنبیت محسوس کر کے دل ہی دل میں ان سے خوف کرنے لگے، انہوں نے کہا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا تَخَفْ | لَا تَ خَفْ | تو (ہم سے) نہ ڈر | خ و ف | خوف وہِراس، بِلاخوف، خوفناک |
| | اِنَّآ | اِن نَا.. | بلاشبہ ہم | | |
| | اُرْسِلْنَآ | اُرْ سِلْ نَا.. | بھیجے گئے ہیں | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِلٰى قَوْمِ | اِلَا قَاوْمِ | طرف قوم | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | لُوْطٍ ؕ﴿۷۰﴾ | لُوْط | لوط کی | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۷۱ | وَامْرَاَتُهٗ | وَمْ رَاَتُ هُوْ | اور اس (ابراہیم) کی بیوی | م ر ء | |
| | قَآئِمَةٌ | قَا...ءِمَ تُنْ | کھڑی تھی | ق و م | قِیَام، قَائِم، مُقِیم، اِقَامَتِ صَلوٰۃ |
| | فَضَحِكَتْ | فَ ضَ حِ كَتْ | تو وہ ہنس پڑی | ض ح ك | ضَاحِک آدمی (ہنس مکھ)، مُضحِکہ خیز خبر، مُضحِکہ خَاتُون |
| | فَبَشَّرْنٰهَا | فَ بَش شَ رْ نَا هَا | پھر ہم نے اسے خوشخبری دی | ب ش ر | بَشَارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |

لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ﴿۷۰﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا

ڈرو نہیں ہم تو قوم لوط (علیہ السلام) کی طرف بھیجے ہوئے ہیں ﴿۷۰﴾ اس کی بیوی جو کھڑی ہوئی تھی وہ ہنس پڑی، تو ہم نے اسے اسحاق کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاِسْحٰقَ ۙ | بِ اِسْ حَا قَ | اسحاق کی | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَمِنْ وَّرَآءِ | وَ مِوْ وَرَا...ءِ | اور بعد | و ر ء | مَاوراءُالنَّہر، مَاورائے آئین، مَاورائے عدالت |
| | اِسْحٰقَ | اِسْ حَا قَ | اسحاق کے | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ | يَ عْ قُوْ بَ | یعقوب (پوتے) کی | | حضرت یعقوب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ۷۲ | قَالَتْ | قَا لَتْ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | يٰوَيْلَتٰٓى | يَا وَ اِيْ لَ تَا.. | ہائے ہائے! | | |
| | ءَاَلِدُ | ءَ اَ لِ دُ | کیا (اب) میں بچہ جنوں گی؟ | و ل د | وَالِدَہ، وَلَد، وَالِد، وَالِدَین |
| | وَاَنَا | وَ اَ نَا | حالانکہ میں | | |
| | عَجُوْزٌ | عَ جُوْ زُ وْنْ | بڑھیا ہوں | ع ج ز | عَاجِز ہونا، عجز وانکساری، عَاجِزی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿٧١﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ

اور اسحاق (علیہ السلام) کے پیچھے یعقوب (علیہ السلام) کی خوشخبری دی ﴿٧١﴾ وہ کہنے لگی ہائے میری کم بختی! میرے ہاں اولاد کیسے ہوسکتی ہے میں خود بڑھیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّهٰذَا | وَ ہَا ذَا | اور یہ | | |
| | بَعْلِىْ | بَ عْ لِیْ | میرا خاوند (بھی) | ب ع ل | |
| | شَيْخًا ؕ | شَائِیْ خًا | بوڑھا ہے | ش ی خ | شَیْخُ الْمَشَائِخ، شُیُوْخ، شَیْخِ طَرِیْقَت |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ (تو) | | |
| | لَشَىْءٌ | لَ شَائِیْ ءُ نْ | یقیناً ایک چیز ہے | ش ی ء | شَےْ، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی اَشیائے خُوردنوش |
| | عَجِيْبٌ ﴿٧٢﴾ | عَ جِیْ ب | عجیب | ع ج ب | عَجِیب، تَعَجُّب، اِعْجَاب، عَجَب |
| ٧٣ | قَالُوْٓا | قَ الُوْ.. | (فرشتوں نے) کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اَتَعْجَبِيْنَ | اَ تَ عْ جَ بِیْ نَ | کیا تو تعجب کرتی ہے | ع ج ب | عَجِیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عُجُوبَہ |
| | مِنْ اَمْرِ | مِنْ اَ مْ رِ | حکم سے؟ | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمَعرُوف |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ

اور یہ میرے خاوند بھی بہت بڑی عمر کے ہیں یہ تو یقیناً بڑی عجیب بات ہے! ﴿٧٢﴾ فرشتوں نے کہا کیا تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے تعجب کر رہی ہے؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَحْمَتُ | رَ حْ مَ تُ | رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم و کَرَم |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَبَرَكٰتُهٗ | وَ بَ رَ کَا تُ ہُوْ | اور اس کی برکتیں ہوں | ب ر ك | بَرَکَت، بَرَکَات، مُبَارَک باد |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَائِیْ کُ مْ | تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الْاِعلَان |
| | اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ | اَ ہْ لَلْ بَائِیْ تِ | اے اہلِ بیت! | ا ہ ل<br>ب ی ت | اَہلِ ثَروَت، اَہلِ بَیت، اَہلِ مَال بَیتُ المَعمُور، بَیتِ اَرقَم، بَیتُ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ وہ (اللہ) | | |
| | حَمِيْدٌ | حَ مِیْ دُ | انتہائی قابلِ تعریف | ح م د | حمد و ثناء، حامد، محمود، محمد |
| | مَّجِيْدٌ ۝٧٣ | م مَ جِیْ د | نہایت بزرگی والا ہے | م ج د | مجید (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام)، جدِّ امجد، مجد و شرف، مجدیت، عبد الماجد |
| ٧٤ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |

رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝٧٣ فَلَمَّا

تم پر اے اس گھر کے لوگو! اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اسکی برکتیں نازل ہوں، بیشک اللہ تعالیٰ حمد و ثنا کا سزاوار اور بڑی شان والا ہے ۝٧٣ پھر جب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | ذَهَبَ | ذَ هَ بَ | چلا گیا | ذ ه ب | ذاہب، مذہب، ذہاب |
| | عَنْ اِبْرٰهِيْمَ | عَنْ اِبْ رَا ہِیْ مَ | ابراہیم سے | | حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام |
| | الرَّوْعُ | رَ رَوْ عُ | خوف | ر و ع | |
| | وَجَآءَتْهُ | وَ جَا... ءَ تْ هُ | اور اس کے پاس آگئی | ج ی ء | |
| | الْبُشْرٰى | لْ بُشْ رَا | خوشخبری | ب ش ر | بشارت، مبشر، بشیر، بشریٰ |
| | يُجَادِلُنَا | یُ جَا دِ لُ نَا | تو وہ ہم سے جھگڑتا تھا | ج د ل | جنگ و جدل، مجادلہ، سورۃ المجادلہ |
| | فِيْ قَوْمِ | فِیْ قَا وْ مِ | قوم کے بارے میں | ق و م | قوم، اقوام، مسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | لُوْطٍ ۝٧٤ | لُوْ ط | لوط کی | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |

ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝٧٤

حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کا ڈر خوف جاتا رہا اور اسے بشارت بھی پہنچ چکی تو ہم سے قوم لوط کے بارے میں کہنے سننے لگے ۝٧٤

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ٧٥ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اِبْرٰهِيْمَ | اِبْ رَا ہِیْ مَ | ابراہیم | | حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام |
| | لَحَلِيْمٌ | لَ حَ لِیْ مُنْ | یقیناً بڑا بردبار | ح ل م | حلیم (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام)، حلم و بردباری، حلم الطبع، حلیمی |
| | اَوَّاهٌ | اَوْ وَا هُ | بہت آہ و زاری کرنے والا | ء و ه | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّنِيْبٌ ۝٧٥ | م مُ نی ب | رجوع کرنے والا تھا | ء ن ب | مُنِیبُ الرَّحمٰن، اِنابَت (رُجوع کرنا) |
| ٧٦ | يٰٓاِبْرٰهِيْمُ | یا..اِب رَا ہی مُ | اے ابراہیم! | | حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام |
| | اَعْرِضْ | اَع رِض | منہ پھیر لے | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |
| | عَنْ هٰذَا ج | عَن ہَا ذَا | اس (بات) سے | | |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُو | بے شک | | |

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝٧٥ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ج اِنَّهٗ

یقیناً ابراہیم (علیہ السلام) بہت تحمل والے نرم دل اور اللہ تعالیٰ کی جانب جھکنے والے تھے ۝٧٥ اے ابراہیم! اس خیال کو چھوڑ دیجئے، آپ کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ د | تحقیق | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آ گیا ہے | ج ی ء | |
| | اَمْرُ | اَم رُ | حکم | ء م ر | اَمر، اُمور، آمِر، امر بالمعرُوف |
| | رَبِّكَ ج | رَب بِ کَ | تیرے رب کا | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَاِنَّهُمْ | وَاِن نَ ہُم | اور بلاشبہ وہ لوگ | | |
| | اٰتِيْهِمْ | آ تِی ہِم | ان پر آئے گا | ء ت ی | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُن | ایسا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنّم عَذابِ آخرت |
| | غَيْرُ | غَا ئِ رُ | نہیں | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | مَرْدُوْدٍ ۝٧٦ | مَ ر دُو د | جو (ان سے) پھیرا جائے گا | ر د د | رَدّ کرنا، تَردید کرنا، رَدِّ کُفر، مَردُود |
| ٧٧ | وَلَمَّا | وَ لَم مَا | اور جب | | |
| | جَآءَتْ | جَا...ءَت | آئے | ج ی ء | |

قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ج وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ۝٧٦ وَلَمَّا جَآءَتْ

رب کا حکم آپہنچا ہے، اور ان پر نہ ٹالے جانے والا عذاب ضرور آنے والا ہے ۝٧٦ جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رُسُلُنَا | رُ سُ لُ نَا | ہمارے قاصد (فرشتے) | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | لُوۡطًا | لُو طَنۡ | لوط کے پاس | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | سِیۡٓءَ | سِیۡ ... ءَ | تو وہ غمگین ہوا | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | بِهِمۡ | بِ ہِمۡ | ان کی وجہ سے | | |
| | وَضَاقَ | وَ ضَا قَ | اور تنگ ہوا | ض ی ق | ضِیقُ النَّفس، ضِیقُ الصَّدر (سانس کی تنگی) (سینہ کی تنگی) |
| | بِهِمۡ | بِ ہِمۡ | ان کی وجہ سے | | |
| | ذَرۡعًا | ذَ رۡ عَا ؤں | دل میں | ذ ر ع | |
| | وَّقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | |
| | يَوۡمٌ | یَا ؤُ مُنۡ | دن ہے | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | عَصِيۡبٌ ۝٧٧ | عَ صِیۡ ب | انتہائی سخت | ع ص ب | عصبہ، اعصاب، اعصابی کمزوری |

رُسُلُنَا لُوۡطًا سِیۡٓءَ بِهِمۡ وَضَاقَ بِهِمۡ ذَرۡعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوۡمٌ عَصِيۡبٌ ۝٧٧

پہنچے تو وہ ان کی وجہ سے بہت غمگین ہوگئے اور دل ہی دل میں کڑھنے لگے اور کہنے لگے کہ آج کا دن بڑی مصیبت کا دن ہے ۝٧٧

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٧٨ | وَجَآءَهٗ | وَ جَا ... ءَ ہُوۡ | اور اس کے پاس آئی | ج ی ء | |
| | قَوۡمُهٗ | قَا ؤۡ مُ ہُوۡ | اس کی قوم | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | يُهۡرَعُوۡنَ | یُ ہۡ رَ عُوۡ نَ | دوڑتی ہوئی | ھ ر ع | |
| | اِلَيۡهِ ط | اِ لَا یۡ ہِ | اس کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَمِنۡ قَبۡلُ | وَ مِنۡ قَبۡ لُ | اور پہلے ہی سے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | كَانُوۡا | کَ ا نُوۡ | وہ تھے | ك و ن | |
| | يَعۡمَلُوۡنَ | یَ عۡ مَ لُوۡ نَ | عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، معمول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّيِّاٰتِ ؕ | س سَا ئِ یِ آت | بُرے | س و ء | سیئات، اَعمالِ سَیِّئہ، بِدعتِ سَیِّئہ |
| | قَالَ | قَا لَ | اس (لوط) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰقَوۡمِ | یَا قَا وۡمِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |

وَجَآءَهٗ قَوۡمُهٗ يُهۡرَعُوۡنَ اِلَيۡهِ ؕ وَمِنۡ قَبۡلُ كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوۡمِ

اور اس کی قوم دوڑتی ہوئی اس کے پاس آ پہنچی، وہ تو پہلے ہی سے بدکاریوں میں مبتلا تھی، حضرت لوط (علیہ السلام) نے کہا اے قوم کے لوگو!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰٓؤُلَآءِ | ہَا ..ءُ لَا... ءِ | یہ ہیں | | |
| | بَنَاتِىۡ | بَ نَا تِیۡ | میری بیٹیاں (قوم کی، ان سے نکاح کرلو) | ب ن و | اِبن، بَنات، مَدرَسۃُ البَنات (گرلز سکول) |
| | هُنَّ | ہُن نَ | وہ | | |
| | اَطۡهَرُ | اَ طۡ ہَ رُ | بہت پاکیزہ ہیں | ط ہ ر | طاہر، طَہارت، مُطَہّر، اَطہر |
| | لَـكُمۡ | لَ کُ مۡ | تمہارے لئے | | |
| | فَاتَّقُوا | فَت تَ قُ | پس تم ڈرو | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَلَا تُخۡزُوۡنِ | وَلَا تُ خۡ زُ وۡ نِ | اور تم مجھے رسوا نہ کرو | خ ز ی | خَزَایا، خزیان (رُسوا ہونا) |
| | فِىۡ ضَيۡفِىۡ ؕ | فِیۡ ضَا ئِ فِیۡ | میرے مہمانوں میں | ض ی ف | ضُیُوفُ الرَّحمٰن، ضُیُوفِ کِرام |
| | اَلَـيۡسَ | اَ لَا ئِ سَ | کیا نہیں ہے | | |
| | مِنۡكُمۡ | مِن کُ مۡ | تم میں | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |

هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِىۡ هُنَّ اَطۡهَرُ لَـكُمۡ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخۡزُوۡنِ فِىۡ ضَيۡفِىۡ ؕ اَلَـيۡسَ مِنۡكُمۡ

یہ ہیں میری بیٹیاں جو تمہارے لئے بہت ہی پاکیزہ ہیں، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور مجھے میرے مہمانوں کے بارے میں رسوا نہ کرو، کیا تم میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَجُلٌ | رَ جُ لُ | کوئی بھی مرد | ر ج ل | اَسماءُ الرِّجال کی کُتُب، رِجال کشی، قَحطُ الرِّجال |
| ٧٨ | رَّشِيۡدٌ ۞ | رَ رَ شِیۡ د | بھلا؟ | ر ش د | رُشد وہدایت، رَاشد، مُرشد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۹ | قَالُوْا | قَ ا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | عَلِمْتَ | عَ لِمْ تَ | تو جانتا ہے (کہ) | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | مَا لَنَا | مَا لَ نَا | ہمارے لئے نہیں ہے | | |
| | فِيْ بَنٰتِكَ | فِيْ بَ نَا تِ كَ | تیری (قوم کی) بیٹیوں میں | ب ن و | اِبن، بَنَات، مَدرَسَۃُ البَنَات (گرلز سکول) |
| | مِنْ حَقٍّ ج | مِنْ حَقْ قٍ | کوئی حق (دلچسپی) | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | وَاِنَّكَ | وَ اِن نَ كَ | اور بلاشبہ تُو | | |
| | لَتَعْلَمُ | لَ تَ عْ لَ مُ | یقیناً جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |

رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۞ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ج وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ

ایک بھی بھلا آدمی نہیں ۞ انہوں نے جواب دیا کہ تو بخوبی جانتا ہے کہ ہمیں تو تیری بیٹیوں پر کوئی حق نہیں ہے اور تُو ہماری اصلی چاہت سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا نُرِيْدُ ۞ | مَا نُ رِیْ دُ | جو ہم چاہتے ہیں | ر و د | پختہ ارادہ، مُرِید صادِق، مُرادِ رسُول |
| ۸۰ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (لوط) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | لَوْ اَنَّ | لَ وْ اَن نَ | کاش کہ بے شک | | |
| | لِيْ | لِيْ | (ہوتی) میرے لئے | | |
| | بِكُمْ | بِ كُ مْ | تمہارے مقابلے میں | | |
| | قُوَّةً | قُوْ وَ تَنْ | کوئی قوت | ق و ی | قُوَّت، قَوِی، مُقَوِّی غذا |
| | اَوْ اٰوِيْٓ | اَ وْ آ وِیْ.. | یا میں پناہ پکڑتا | ء و ی | مَلجاء وماویٰ، جَنَّتُ المَاویٰ |
| | اِلٰى رُكْنٍ | اِ لَا رُكْ نِنْ | کسی سہارے کی طرف | ر ک ن | رُکنِ یَمانی، اَرکانِ اِسلَام |
| | شَدِيْدٍ ۞ | شَ دِیْ دٍ | مضبوط | ش د د | شَدِید، تَشدِید، مُتَشَدِّد، شِدَّتِ غَم |
| ۸۱ | قَالُوْا | قَ ا لُوْ | (فرشتوں نے) کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |

مَا نُرِيْدُ ﴿٧٩﴾ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿٨٠﴾ قَالُوْا

بخوبی واقف ہے ﴿٧٩﴾ لوط (علیہ السلام) نے کہا کاش کہ مجھ میں تم سے مقابلہ کرنے کی قوت ہوتی یا میں کسی زبردست کا آسرا پکڑ پاتا ﴿٨٠﴾ کہا:

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰلُوْطُ | یَا لُوْ طُ | اے لوط! | | حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |
| | رُسُلُ | رُ سُ لُ | قاصد ہیں | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | تیرے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لَنْ يَّصِلُوْٓا | لَ ئیَں یَ صِ لُو.. | وہ ہرگز نہیں پہنچ سکیں گے | و ص ل | وَاصِلِ جہنم ہونا، وصل وفراق، وِصال |
| | اِلَيْكَ | اِ لَا ئِ کَ | تجھ تک | | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | فَاَسْرِ | فَ اَس رِ | لہٰذا تو لے چل | س ر ی | سَیر وتفریح، صُبح کی سَیر، سَیّارہ |
| | بِاَهْلِكَ | بِ اَہ لِ کَ | اپنے گھر والوں کو | ء ہ ل | اَہل وعَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | بِقِطْعٍ | بِ قِ طْ عِ | ایک حصے میں | ق ط ع | قِطعہ اَراضی، قَطع تَعلُّقی، قَطعِ رَحمی |
| | مِّنَ الَّيْلِ | م مِنَ ل لَا ئِ لِ | رات کے | ل ی ل | لَیلۃُ القدر، لَیل ونہار، لَیلۃُ المُبارکہ |

يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ

اب فرشتوں نے، اے لوط! ہم تیرے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں ناممکن ہے کہ یہ تجھ تک پہنچ جائیں پس تُو اپنے گھر والوں کو لے کر کچھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا يَلْتَفِتْ | وَ لَا یَل تَ فِتْ | اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے | ل ف ت | نَظرِ اِلتِفات کرنا، اِلتِفات کرنا |
| | مِنْكُمْ | مِن کُ مْ | تم میں سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | اَحَدٌ | اَ حَ دُن | کوئی بھی | ء ح د | اَحَدُ الآحاد، عَبدُ الاَحد، وَاحِد |
| | اِلَّا | اِل لَ | سوائے | | اِلّا ما شاء اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | امْرَاَتَكَ ط | مْ رَ اَ تَ کَ | تیری بیوی کے | م ر ء | |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُو | بے شک شان یہ ہے کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُصِيْبُهَا | مُ صِیْ بُ ہَا | اسے پہنچنے والا ہے | ص و ب | مُصیبت زدہ، مَصائِب و آلام |
| | مَآ | مَا.. | وہ (عذاب) جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | اَصَابَهُمْ ؕ | اَ صَا بَ ہُمْ | انہیں پہنچے گا | ص و ب | مُصیبت زدہ، مَصائِب و آلام |

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ

رات رہے نکل کھڑا ہو، تم میں سے کسی کو مڑ کر بھی نہ دیکھنا چاہئے، بجز تیری بیوی کے، اس لئے کہ اسے بھی وہی پہنچنے والا ہے جو ان سب کو پہنچے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | مَوْعِدَهُمُ | مَوْ عِ دَ ہُ مُ | ان کے وعدے کا وقت | و ع د | وَعدہ، وَعدہ وَعید، وَعدہ خِلافی |
| | الصُّبْحُ ؕ | ص صُبْ حُ | صبح ہے | ص ب ح | صُبح، صُبح خَواہی، صُبح کی سَیر |
| | اَلَيْسَ | اَ لَا ئِ سَ | کیا نہیں ہے | | |
| | الصُّبْحُ | ص صُبْ حُ | صبح | ص ب ح | صُبح، صُبح خَواہی، صُبح کی سَیر |
| | بِقَرِيْبٍ ﴿٨١﴾ | بِ قَ رِ یْب | قریب؟ | ق ر ب | قُرب، قَریب، اَقرَب، قَریبی عزیز و اَقارِب |
| ٨٢ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آ گیا | ج ی ء | |
| | اَمْرُنَا | اَمْ رُ نَا | ہمارا حکم (عذاب) | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | جَعَلْنَا | جَ عَ لْ نَا | تو ہم نے کر دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |

اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿٨١﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا

گا، یقیناً اس کے وعدے کا وقت صبح کا ہے، کیا صبح بالکل قریب نہیں ﴿٨١﴾ پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا، ہم نے اس بستی کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَالِيَهَا | عَا لِ یَ ہَا | اس کے اوپر والے حصے کو | ع ل و | عَالی، عُلو، عَالِیہ، اَعلیٰ، عَالیشان |
| | سَافِلَهَا | سَا فِ لَ ہَا | اس کے نیچے والا (اور نیچے والے حصے کو اوپر) | س ف ل | سُفلی عِلم، سُفلی عَمل، اَسفَل، سُفلیٰ |
| | وَاَمْطَرْنَا | وَ اَمْ طَ رْ نَا | اور ہم نے برسائے | م ط ر | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئِ ہَا | اس (بستی) پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلَان |
| | حِجَارَةً | حِ جَا رَ تَ | پتھر | ح ج ر | حَجرِ اَسود، شَجر وحَجر، وادیٔ حَجر |
| | مِّنْ سِجِّيْلٍ | مِ مِنْ سِجْ جِیْ لِ | کھنگر (کی قسم) سے (پکے ہوئے) | س ج ل | |
| | مَّنْضُوْدٍ ﴿٨٢﴾ | مِ مَنْ ضُوْ دِ | جو تہہ بہ تہہ اور | ن ض د | |
| ٨٣ | مُّسَوَّمَةً | مُ سَاؤْ وَ مَ تَنْ | نشان زدہ تھے | س و م | |

عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٨٢﴾ مُّسَوَّمَةً

زیر و زبر کردیا اوپر کا حصہ نیچے کر دیا اور ان پر کنکریلے پتھر برسائے جو تہ بہ تہ تھے ﴿٨٢﴾ نشان دار تھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عِنْدَ | عِنْ دَ | ہاں (سے) | ع ن د | عِندَ اللہ ماجور ہوں، عِندَ الطَّلب |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَمَا هِيَ | وَ مَا ہِیَ | اور نہیں ہے وہ (بستی) | | |
| | مِنَ الظّٰلِمِيْنَ | مِنَ ظ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالموں سے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلوم، ظَالِمین |
| | بِبَعِيْدٍ ﴿٨٣﴾ | بِ بَ عِیْ دِ | کچھ دور | ب ع د | بَعِید از قیاس، بُعد، بُعد المشرق |
| ٨٤ | وَاِلٰى مَدْيَنَ | وَ اِ لَا مَ دْ یَ نَ | اور (ہم نے بھیجا اہلِ) مدین کی طرف | | "مدین" علاقے کا نام ہے |
| | اَخَاهُمْ | اَ خَا ہُمْ | ان کے بھائی | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُواخات اُخوّت، اِخوانُ المسلمین |
| | شُعَيْبًا | شُ عَا ئِ بَا | شعیب کو | | حضرت شعیب علیہ السلام (نبی کا نام) |

عِنْدَ رَبِّكَ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٣﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا

تیرے رب کی طرف سے اور وہ ان ظالموں سے کچھ بھی دور نہ تھے ﴿٨٣﴾ اور ہم نے مدین والوں کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَا ؤْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعْبُدُوا | عْ بُ دُ | تم عبادت کرو | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَا لَكُمْ | مَا لَ كُ مْ | تمہارے لئے نہیں ہے | | |
| | مِّنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِ لَا هِنْ | کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | غَيْرُهٗ ط | غَ ا ئِ رُ هٗ | اس کے سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُاللہ، اِسکے بَغیر |
| | وَلَا تَنْقُصُوا | وَ لَا تَنْ قُ صُ | اور تم کم نہ کرو | ن ق ص | نَقصِ اَمن، نُقصان، نقائص، تَنقیص |
| | الْمِكْيَالَ | لْ مِكْ يَا لَ | ماپ | ك ی ل | مِکیال، کَیل (ناپ تول) |

قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ

کو بھیجا، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اور تم ناپ تول میں بھی کمی نہ کرو

| | | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | وَالْمِيْزَانَ | وَلْ مِيْ زَا نَ | اور تول | و ز ن | وزن، اَوزان، مِیزان |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِيْ.. | بے شک میں | | |
| | اَرٰىكُمْ | اَ رَا كُ مْ | تمہیں دیکھتا ہوں | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مرئی |
| | بِخَيْرٍ | بِ خَا ئِ رِنْ | اچھی حالت میں | خ ی ر | خیر خواہی، خیر و شر، خیر و برکت |
| | وَّاِنِّيْٓ | وَ اِن نِيْ.. | اور بے شک میں | | |
| | اَخَافُ | اَ خَا فُ | ڈرتا ہوں | خ و ف | خوف و ہراس، بِلا خوف، خوفناک |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ كُ مْ | تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصیرت، عَلَی الاِعلان |
| | عَذَابَ | عَ ذَا بَ | عذاب سے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | يَوْمٍ | يَا ئُ مِ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| ۸۴ | مُّحِيْطٍ ۸۴ | مُ حِيْ طِ | گھیرنے والے کے | ح ی ط | اِحاطہ کرنا، اِحاطۂ تحریر، مُحیط ہونا |

وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۸۴

میں تو تمہیں آسودہ حال دیکھ رہا ہوں اور مجھے تم پر گھیرنے والے دن کے عذاب کا خوف (بھی) ہے ۸۴

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٥ | وَيٰقَوْمِ | وَ یَا قَا ؤ مِ | اور اے میری قوم! | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | اَوْفُوا | آ ؤ فُ | تم پورا کرو | و ف ی | وَفاشِعارِی، وَفادارِی، اِیفائے عَہد |
| | الْمِكْيَالَ | لْ مِکْ یَا لَ | ماپ | ك ی ل | مِکیال، کَیل (ناپ تول) |
| | وَالْمِيْزَانَ | وَلْ مِیْ زَا نَ | اور تول | و ز ن | وَزن، اَوزان، مِیزان |
| | بِالْقِسْطِ | بِلْ قِسْ طِ | انصاف کے ساتھ | ق س ط | قِسط، قُسط، اَقساط، مُقسِط |
| | وَلَا تَبْخَسُوا | وَلَا تَبْ خَ سُ | اور تم کم نہ دو | ب خ س | |
| | النَّاسَ | نْ نَا سَ | لوگوں کو | ن و س | خَیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عَوامُ النّاس |
| | اَشْيَآءَهُمْ | اَشْ یَا...ءَ ھُمْ | ان کی چیزیں | ش ی ء | شَیئے، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی، اَشیائے خُوردونوش |

وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

اے میری قوم! ناپ تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کرو لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا تَعْثَوْا | وَلَا تَ عْ ثَ ؤ | اور تم نہ پھرو | ع ث و | |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | مُفْسِدِيْنَ ۝٨٥ | مُفْ سِ دِیْ نَ | فسادی بن کر | ف س د | فَساد، فَسادات، فاسِدمادّہ، مُفسِد |
| ٨٦ | بَقِيَّتُ | بَ قِیْ یَ تُ | بچت (جائز نفع) | ب ق ی | بَاقی، بَقِیہ مَواد، بَقا، بَقایا |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | خَيْرٌ لَّكُمْ | خَا ئِ رُ لْ لَ کُ مْ | بہت بہتر ہے تمہارے لئے | خ ی ر | خَیرخواہی، خَیروشَر، خَیروبَرکَت |
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ کُنْ تُمْ | اگر تم ہو | ك و ن | |
| | مُّؤْمِنِيْنَ ۚ | مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمن | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝٨٥ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ

اور زمین میں فساد اور خرابی نہ مچاؤ ۝٨٥ اللہ تعالیٰ کا حلال کیا ہوا جو بچ رہے تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم ایمان والے ہو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَآ اَنَا | وَ مَا.. اَ نَا | اور میں نہیں ہوں | | |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِیْ کُ مْ | تم پر | | |
| | بِحَفِيْظٍ ﴿٨٦﴾ | بِ حَ فِیْ ظ | نگران | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفاظت، مَحفُوظ |
| ٨٧ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | يٰشُعَيْبُ | یَا شُ عَا ئِیْ بُ | اے شعیب! | | حضرت شعیب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَصَلٰوتُكَ | اَ صَ لَا تُ کَ | کیا تیری نماز | ص ل و | صَلٰوۃِ ظُہر، صَلٰوۃِ عید، صَلٰوۃِ جُمعہ |
| | تَاْمُرُكَ | تَ x مُ رُ کَ | تجھے حکم دیتی ہے | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | اَنْ نَّتْرُكَ | اَنْ نَتْ رُ کَ | یہ کہ ہم چھوڑ دیں | ت ر ك | تَرک، تارِک، مَترُوک، تَرکہ |

وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ

میں تم پر کچھ نگہبان (اور داروغہ) نہیں ہوں ﴿٨٦﴾ انہوں نے جواب دیا کہ اے شعیب! کیا تیری صلوٰۃ تجھے یہی حکم دیتی ہے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | ان (معبودوں) کو جن کی | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | يَعْبُدُ | یَ عْ بُ دُ | عبادت کرتے تھے | ع ب د | عِبادت کرنا، عابِد، مَعبُود، عِبادت گُزار |
| | اٰبَآؤُنَآ | آ بَا... ءُ نَا.. | ہمارے باپ دادا | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | اَنْ نَّفْعَلَ | اَنْ نَفْ عَ لَ | ہم کرنا (چھوڑ دیں) | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فاعِل، مَفعُول |
| | فِيْٓ اَمْوَالِنَا | فِیْ.. اَمْ وَا لِ نَا | اپنے مالوں میں | م و ل | مَال ودَولت، اَموال، مَالِ غَنِیمت |
| | مَا | مَا | جو | | مَا حَول، مَا فَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |
| | نَشٰٓؤُا ؕ | نَ شَا... ءُ | ہم چاہیں؟ | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَا شَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | اِنَّكَ لَاَنْتَ | اِن نَ کَ لَ اَنْ تَ | بلاشبہ تُو تو یقیناً | | |
| | الْحَلِيْمُ | لْ حَ لِیْ مُ | بہت بُردبار | ح ل م | حِلم، حَلیم، حَلیم آدمی، حَلیمہ سَعدِیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ

ہم اپنے باپ دادوں کے معبودوں کو چھوڑ دیں اور ہم اپنے مالوں میں جو کچھ چاہیں اس کا کرنا بھی چھوڑ دیں تو تو بڑا ہی باوقار اور نیک چلن

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الرَّشِيْدُ ﴿٨٧﴾ | ر رَ شِیْ د | بڑا سمجھدار ہے | ر ش د | رُشد و ہدایت، رَاشِد، مُرشِد |
| ٨٨ | قَالَ | قَا لَ | اس (شعیب) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَا وْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اَرَءَيْتُمْ | اَ رَ آ ئِ تُمْ | بھلا بتلاؤ تو | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مرئی |
| | اِنْ كُنْتُ | اِنْ کُنْ تُ | اگر میں ہوں | ك و ن | |
| | عَلٰى بَيِّنَةٍ | عَ لَا بَا ئِ یِ نَ تِ | واضح دلیل پر | ب ی ن | بیان، مُبَیِّنَہ طور پر، دَلیلِ بَیّن |
| | مِّنْ رَّبِّيْ | م مِر رَب بِیْ | اپنے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | وَرَزَقَنِيْ | وَ رَ زَ قَ نِیْ | اور اس نے مجھے دیا ہو | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | مِنْهُ | مِنْ ہُ | اپنی طرف سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |

الرَّشِيْدُ ﴿٨٧﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ

آدمی ہے ﴿٨٧﴾ کہا اے میری قوم! دیکھو تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل لئے ہوئے ہوں اور اس نے مجھے اپنے پاس سے بہترین

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رِزْقًا | رِ زْ قَنْ | رزق | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | حَسَنًا ؕ | حَ سَ نَا | اچھا (تو کیسے اس کی نافرمانی کروں؟) | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | وَمَآ اُرِيْدُ | وَ مَا.. اُ رِیْ دُ | اور میں نہیں چاہتا | ر و د | پُختہ اِرادہ، مُرید صادِق، مُرادِ رَسُول |
| | اَنْ اُخَالِفَكُمْ | اَنْ اُ خَا لِ فَ کُ مْ | یہ کہ میں تمہاری مخالفت کروں | خ ل ف | اِختِلاف، مُختَلِف ہونا، مُخَالَفَت |
| | اِلٰى مَآ | اِ لَا مَا.. | (اور اختیار کروں) ان کاموں کو) | | |
| | اَنْهٰكُمْ | اَنْ ہَا کُ مْ | میں تمہیں روکتا ہوں | ن ہ ی | نَہیِ عَنِ المُنکَر، مَنہِیات (رُکنا) |
| | عَنْهُ ؕ | عَنْ ہُ | ان سے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنْ اُرِيْدُ | اِنْ اُرِیْ دُ | میں نہیں چاہتا | ر و د | پُختہ ارادہ، مُرید صادِق، مُرادِ رَسُول |
| | اِلَّآ | اِل لَ | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |

رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا

روزی دے رکھی ہے، میرا یہ ارادہ بالکل نہیں کہ تمہارا خلاف کر کے خود اس چیز کی طرف جھک جاؤں جس سے تمہیں روک رہا ہوں، میرا ارادہ تو اپنی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاِصْلَاحَ | لْ اِصْ لَا حَ | (تمہاری) اصلاح | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، مُصالحت |
| | مَا | مَ | جس قدر | | مَا حَول، مَا فوقُ الفِطرت، مَا جرَہ |
| | اسْتَطَعْتُ ۭ | سْ تَ طَ عْ تُ | میں طاقت رکھتا ہوں | ط و ع | اِستطاعت، مُستَطِیع، حج کی اِستطاعت |
| | وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ | وَ مَا تَ وْ فِیْ قِیْ.. | اور مجھے توفیق نہیں ہے | و ف ق | توفیق، مُوافقت، مُوافق ہونا |
| | اِلَّآ | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | بِاللّٰهِ ۭ | بِل لَا هِ | اللہ (کی مدد) کے ساتھ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِیْ هِ | اسی پر | | |
| | تَوَكَّلْتُ | تَ وَكْ كَلْ تُ | میں نے بھروسہ کیا | و ك ل | توکُّل کرنا، مُتوکّل عَلَی اللہ |
| | وَاِلَيْهِ | وَ اِ لَا ئِیْ هِ | اور اسی کی طرف | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلان |
| | اُنِيْبُ ۸۸ | اُ نِیْ بُ | میں رجوع کرتا ہوں | ء ن ب | مُنِیبُ الرَّحمٰن، اِنابت (رُجوع کرنا) |

الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۸۸

طاقت بھر اصلاح کرنے کا ہی ہے، میری توفیق اللہ تعالیٰ ہی کی مدد سے ہے، اسی پر میرا بھروسہ ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں ۸۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹ | وَيٰقَوْمِ | وَ یَا قَا وْ مِ | اور اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | لَا يَجْرِمَنَّكُمْ | لَا یَ جْ رِ مَنْ نَ كُ مْ | تمہیں ہرگز نہ اُکسائے | ج ر م | جُرم، مُجرِم، فردِ جُرم، جَرائم پیشہ |
| | شِقَاقِيْٓ | شِ قَا قِیْ.. | میری مخالفت | ش ق ق | شاق گزرنا، مُشقّت کرنا، شَق ہونا |
| | اَنْ | آ ئِنْ | اس بات پر کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُّصِيْبَكُمْ | ىُ صِىْ بَ كُ مْ | تمہیں پہنچے | ص و ب | مُصِیبَت زدہ، مَصَائِب وآلَام |
| | مِّثْلُ | مِ ثْ لُ | مثل | م ث ل | مِثَال، مِثْل، اَمثِلہ، تَمثِیل |
| | مَآ | مَا.. | اس (عذاب) کے جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | اَصَابَ | اَصَا بَ | پہنچا تھا | ص و ب | مُصِیبَت زدہ، مَصَائِب وآلَام |
| | قَوْمَ نُوْحٍ | قَا ؤْ مَ نُوْ حِ نْ | قومِ نوح کو | ق و م | قوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَوْ | اَ ؤْ | یا | | |

وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ

اور اے میری قوم (کے لوگو!) کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کو میری مخالفت ان عذابوں کا مستحق بنا دے جو قوم نوح (علیہ السلام) اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْمَ هُوْدٍ | قَا ؤْ مَ هُوْ دِ نْ | قومِ ہود کو | ق و م | قوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ حضرت ہود علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَوْ | اَ ؤْ | یا | | |
| | قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ | قَا ؤْ مَ صَا لِ حْ | قومِ صالح کو | ق و م | قوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ حضرت صالح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ | وَ مَا قَا ؤْ مُ لُوْ طِ | اور نہیں ہے قومِ لوط | ق و م | قوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ حضرت لوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مِّنْكُمْ | مِ مِنْ كُ مْ | تم سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ | بِ بَ عِىْ دْ | کچھ دور | ب ع د | بَعِید از قِیاس، بُعد، بُعدُ المَشرِق |
| ۹۰ | وَاسْتَغْفِرُوْا | وَ سْ تَ غْ فِ رُوْ | اور تم بخشش طلب کرو | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُالغَفُور، اِستِغفَار، مَغفِرَت |
| | رَبَّكُمْ | رَ بْ بَ كُ مْ | اپنے رب سے | ر ب ب | اَربَاب، مُربِّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |

قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

قوم ہود (علیہ السلام) اور قوم صالح (علیہ السلام) کو پہنچے ہیں اور قوم لوط (علیہ السلام) تو تم سے کچھ دور نہیں ﴿۸۹﴾ تم اپنے رب سے استغفار کرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | تُوْبُوْٓا | تُوْ بُوْ.. | تم توبہ کرو | ت و ب | تَوبَہ، تَائِب، توبہ قبول کرنیوالا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَيْهِ ط | اِلَائِ ہ | اسی کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | رَبِّيْ | رَب بِيْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | رَحِيْمٌ | رَ حِیْ مُنْ | بڑا رحم کرنے والا | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | وَّدُوْدٌ ۝٩٠ | وَ دُو د | بڑا محبت کرنے والا ہے | و د د | وَدُود (اللہ کا نام)، مَوَدَّت (محبّت) |
| ٩١ | قَالُوْا | قَ الُو | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | يٰشُعَيْبُ | یَا شُ عَائِ بُ | اے شعیب! | | حضرت شُعَیب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مَا نَفْقَهُ | مَا نَفْ قَ ہُ | ہم نہیں سمجھتے | ف ق ہ | فِقہ، فَقیہ، فُقَہاء، تَفَقُّہ فِی الدِّین |
| | كَثِيْرًا | کَ ثِیْ رَ | بہت کچھ | ك ث ر | خیر کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | اس میں سے جو | | مَاحول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجَرہ |

ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ط اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ۝٩٠ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا

اور اسکی طرف توبہ کرو، یقین مانو کہ میرا رب بڑی مہربانی والا اور بہت محبت کرنے والا ہے ۝٩٠ انہوں نے کہا اے شعیب! تیری اکثر باتیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَقُوْلُ | تَ قُو لُ | تُو کہتا ہے | ق و ل | قول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بے شک ہم | | |
| | لَنَرٰىكَ | لَ نَ رَا کَ | یقیناً تجھے دیکھتے ہیں | ر ء ی | رِیَا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غَیر مَرئی |
| | فِيْنَا | فِیْ نَا | اپنے درمیان | | |
| | ضَعِيْفًا ج | ضَ عِیْ فَا | ضعیف | ض ع ف | ضَعیف، ضُعفاء، ضَعیف آدمی |
| | وَلَوْلَا | وَ لَا وْ لَا | اور اگر نہ ہوتا | | لَاتعداد، لَاعِلاج، لَاعِلم، لَاجواب |
| | رَهْطُكَ | رَہْ طُ کَ | تیرا قبیلہ | ر ہ ط | |
| | لَرَجَمْنٰكَ ز | لَ رَ جَمْ نَا کَ | تو یقیناً ہم تجھے سنگسار کر دیتے | ر ج م | رَجم کرنا (سنگسار کرنا)، حَدِ رَجم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَآ اَنْتَ | وَ مَا.. اَنْ تَ | اور تُو نہیں ہے | | |

تَقُوْلُ وَ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۫ وَمَآ اَنْتَ

تو ہماری سمجھ میں ہی نہیں آتیں اور ہم تو تجھے اپنے اندر بہت کمزور پاتے ہیں، اگر تیرے قبیلے کا خیال نہ ہوتا تو ہم تو تجھے سنگسار کر دیتے، اور ہم تجھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِ یْ نَا | ہم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | بِعَزِيْزٍ ﴿٩١﴾ | بِ عَ زِ یْ زِ | کچھ غالب | ع ز ز | اَلعَزِیز (غالِب، اللہ کا صِفاتی نام) |
| ٩٢ | قَالَ | قَا لَ | اس (شعیب) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَا وْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | اَرَهْطِيْٓ | اَ رَ ہْ طِیْ.. | کیا میرا قبیلہ | ر ھ ط | |
| | اَعَزُّ | اَ عَ زْ زُ | زیادہ دباؤ والا ہے | ع ز ز | اَلعَزِیز (غالِب، اللہ کا صِفاتی نام) |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ یْ کُ مْ | تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | مِّنَ اللّٰهِ ؕ | مِ نَ لْ لَا ہْ | اللہ سے؟ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَاتَّخَذْتُمُوْهُ | وَ تْ تَ خَ ذْ تُ مُوْ ہُ | اور تم نے بنا رکھا ہے اس (اللہ) کو | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُوَاخَذَہ کرنا، |

عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿٩١﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ

کوئی حیثیت والی ہستی نہیں گنتے ﴿٩١﴾ انہوں نے جواب دیا کہ اے میری قوم کے لوگو! کیا تمہارے نزدیک میرے قبیلے کے لوگ اللہ تعالیٰ سے بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَرَآءَكُمْ | وَ رَا... ءَ کُ مْ | پیچھے پھینکا ہوا (اپنی) | و ر ء | مَاوراءُالنَّہر، مَاورَائے آئین، مَاورَائے عَدالَت |
| | ظِهْرِيًّا ؕ | ظِ ہْ رِ یْ یَا | پیٹھ | ظ ھ ر | نَمازِ ظُہر، ظَاہِر، مُظَاہَرہ، مَظہَر |
| | اِنَّ | اِ نْ نَ | بے شک | | |
| | رَبِّيْ | رَ بْ بِیْ | میرا رب | ر ب ب | اَرْبَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کا جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُحِيْطٌ ﴿٩٢﴾ | مُ حِ ىْ ط | احاطہ کرنے والا ہے | ح و ط | اِحاطہ کرنا، اِحاطۂ تحریر، مُحِیط ہونا |
| ٩٣ | وَيٰقَوْمِ | وَ يَا قَا وْ مِ | اور اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعْمَلُوْا | عْ مَ لُوْ | تم عمل کرو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | عَلٰى مَكَانَتِكُمْ | عَ لَا مَ كَا نَ تِ كُ مْ | اپنی جگہ پر | ك و ن | مَکان، مَکیں، اِمکان، بَاتمکین |

وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٩٢﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ

زیادہ ذی عزت ہیں کہ تم نے اسے پس پشت ڈال دیا ہے یقیناً میرا رب جو کچھ تم کر رہے ہو سب کو گھیرے ہوئے ہے ﴿٩٢﴾ اے میری قوم کے لوگو!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | بلاشبہ میں (بھی) | | |
| | عَامِلٌ ۭ | عَا مِ لُ | عمل کر رہا ہوں | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | سَوْفَ | سَا وْ فَ | جلد ہی | | |
| | تَعْلَمُوْنَ ۙ | تَ عْ لَ مُوْ نَ | تم جان لوگے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | مَنْ | مَا ئِیْں | کون شخص ہے کہ | | |
| | يَّاْتِيْهِ | یَ x تِیْ هِ | اس پر آتا ہے | ء ت ی | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُوْ ئِیْں | ایسا عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | يُّخْزِيْهِ | یُ خْ زِ یْ هِ | جو اسے رُسوا کرے گا؟ | خ ز ی | خَزَایا، خِزیَان (رُسوا ہونا) |
| | وَمَنْ هُوَ | وَ مَنْ هُ وَ | اور کون ہے وہ جو | | |
| | كَاذِبٌ ۭ | كَا ذِ بُ | جھوٹا ہے؟ | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کَاذِب، کَذّاب، مُسیلِمَہ کَذّاب (جھوٹے نبی کا نام) |

اِنِّيْ عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ

اب تم اپنی جگہ عمل کئے جاؤ میں بھی عمل کر رہا ہوں، تمہیں عنقریب معلوم ہوجائے گا کہ کس کے پاس وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کردے اور کون ہے جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَارْتَقِبُوْٓا | وَرْ تَ قِ بُوْ.. | اور تم انتظار کرو | ر ق ب | رَقابَت، رَقیب، مُراقبہ |
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | بے شک میں (بھی) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَكُمْ | مَ ع کُ مْ | تمہارے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | رَقِیْبٌ ۝۹۳ | رَ قِیْ ب | انتظار کرنے والا ہوں | ر ق ب | رَقابت، رَقیب، مُراقبہ |
| ۹۴ | وَلَمَّا | وَ لَم مَا | اور جب | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آیا | ج ی ء | |
| | اَمْرُنَا | اَمْ رُ نَا | ہمارا حکم (عذاب) | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | نَجَّیْنَا | نَ ج جَا ئِیْ نَا | تو ہم نے نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجِیہ، نَجات دَہندہ |
| | شُعَیْبًا | شُ عَا ئِیْ بَا ؤں | شعیب کو | | حضرت شُعَیب علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَّالَّذِیْنَ | وَل لَ ذِیْ نَ | اور ان لوگوں کو جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے تھے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومِن، ایمان |

وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّیْ مَعَكُمْ رَقِیْبٌ ۝۹۳ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

جھوٹا ہے، تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں ۝۹۳ جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا ہم نے شعیب (علیہ السلام) کو اور ان کے ساتھ (تمام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَهٗ | مَ عَ ہُوْ | اس کے ساتھ | | مَع اَہل وعیال، مَعِیَّت |
| | بِرَحْمَةٍ | بِ رَحْ مَ تِ | رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | مِّنَّا | م مِن نَا | اپنی خاص | | |
| | وَاَخَذَتِ | وَ اَ خَ ذَ تِ | اور آ پکڑا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | الَّذِیْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کو جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوا | ظَ لَ مُ | ظلم کیا تھا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | الصَّیْحَةُ | ص صَا ئِیْ حَ ةُ | چیخ نے | ص ی ح | |
| | فَاَصْبَحُوْا | فَ اَصْ بَ حُوْ | تو وہ ہو گئے | ص ب ح | |
| | فِیْ دِیَارِهِمْ | فِیْ دِ یَا رِ ہِم | اپنے گھروں میں | د و ر | دَارُالفِکر، دَارُالاِحسان، دِیارِ غَیر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ اَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ

مؤمنوں کو اپنی خاص رحمت سے نجات بخشی اور ظالموں کو سخت چنگھاڑ کے عذاب نے دھر دبوچا جس سے وہ اپنے گھروں میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ | جَاثِ مِیْ ن | گھٹنوں کے بل گرے ہوئے | ج ث م | |
| ۹۵ | كَاَنْ | کَ اَ ن | گویا کہ | | |
| | لَّمْ يَغْنَوْا | ل لَمْ يَغْ نَ وْ | وہ نہ رہے تھے | غ ن و | |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | ان میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | اَلَا | اَ لَا | آگاہ رہو! | | |
| | بُعْدًا | بُ عْ دَ | دوری ہے | ب ع د | بَعِید اَز قِیاس، بُعد، بُعدَالمَشرِق |
| | لِّمَدْيَنَ | ل لِ مَ دْ يَ نَ | (اہلِ) مدین کے لئے | | |
| | كَمَا | کَ مَا | جیسے (رحمت سے) | | کَالعدم، کَمَاحَقُّہٗ |
| | بَعِدَتْ | بَ عِ دَ تْ | دُور ہوئے تھے | ب ع د | بَعِید اَز قِیاس، بُعد، بُعدَالمَشرِق |
| | ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ | ثَ مُوْ دُ | ثمود | | حضرت صالح علیہ السلام کی قوم |

جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾

اوندھے پڑے ہوئے ہوگئے ﴿۹۴﴾ گویا کہ وہ ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے، آگاہ رہو مدین کیلئے بھی ویسی ہی دوری ہو جیسی دوری ثمود کو ہوئی ﴿۹۵﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۶ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مُوْسٰى | مُوْ سَا | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آ يَا تِ نَا | اپنی آیتوں کے ساتھ | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | وَسُلْطٰنٍ | وَ سُلْ طَا نِ | اور دلیل (کے ساتھ) | س ل ط | |
| | مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ | م مُ بِيْ ن | واضح | ب ی ن | بیان، مُبَیِّنہ طور پر، دَلِیل بَیِّن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۹۷ | اِلٰى فِرْعَوْنَ | اِ لَا فِ رْ عَا ؤْ نَ | فرعون کی طرف | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | وَمَلَا۟ئِهٖ | وَ مَ لَ ءِ ہِیْ | اور اس (کی قوم) کے سرداروں | م ل ء | |
| | فَاتَّبَعُوْٓا | فَ تْ تَ بَ عُوْ.. | تو انہوں نے پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا

اور یقیناً ہم نے ہی موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی آیات اور روشن دلیلوں کے ساتھ بھیجا تھا ﴿۹۶﴾ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف، پھر بھی ان لوگوں نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ | اَ مْ رَ فِ رْ عَا ؤْ نَ | فرعون کے حکم کی | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ | وَ مَا.. اَ مْ رُ فِ رْ عَا ؤْ نَ | اور فرعون کا حکم نہیں تھا | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ | بِ رَ شِیْ دْ | بھلائی والا | ر ش د | رُشد وہدایت، رَاشِد، مُرشد |
| ۹۸ | يَقْدُمُ | یَ قْ دُ مُ | وہ آگے آگے ہوگا | ق د م | قدم، اَقدام، مُقدّم، مُقدّمہ |
| | قَوْمَهٗ | قَا ؤْ مَ ہُوْ | اپنی قوم کے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | يَوْمَ | یَا ؤْ مَ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | الْقِيٰمَةِ | لْ قِ یَا مَ ۃِ | قیامت کے | ق و م | قِیامت، روزِ قِیامت، سُورۃُ القیامہ |

اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

فرعون کے احکام کی پیروی کی اور فرعون کا کوئی حکم درست تھا ہی نہیں ﴿۹۷﴾ تو قیامت کے دن اپنی قوم کا پیش رو ہو کر ان سب کو دوزخ میں جا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَوْرَدَهُمُ | فَ اَ ؤْ رَ دَ ہُ مُ | پھر وہ انہیں لے جا داخل کرے گا | و ر د | وَارِد ہونا، وُرُودِ مَسعُود (تشریف لانا) |
| | النَّارَ ؕ | نْ نَا رَ | آگ میں | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| | وَبِئْسَ | وَ بِ x سَ | اور بُرا ہے وہ | ب ء س | |
| | الْوِرْدُ | لْ وِ رْ دُ | گھاٹ | و ر د | وَارِد ہونا، وُرُودِ مَسعُود (تشریف لانا) |
| | الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ | لْ مَا ؤْ رُوْ دُ | جس پر وہ لائے جائیں گے | و ر د | وَارِد ہونا، وُرُودِ مَسعُود (تشریف لانا) |
| ۹۹ | وَاُتْبِعُوْا | وَ اُ تْ بِ عُوْ | اور ان کے پیچھے لگا دی گئی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ هٰذِهٖ | فِیْ ہَا ذِہِیْ | اس (دنیا) میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | لَعْنَةً | لَ عْ نَ تَا ؤں | لعنت | ل ع ن | لَعْنَت کرنا، لَعِین، مَلْعُون، لَعْن طَعْن |

فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۭ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿٩٨﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً

کھڑا کرے گا، وہ بہت ہی بُرا گھاٹ ہے جس پر لاکھڑے کئے جائیں گے ﴿٩٨﴾ ان پر تو اس دنیا میں بھی لعنت چپکا دی گئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّيَوْمَ | وَ یَا ؤْ مَ | اور دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْقِيٰمَةِ ۭ | اَلْ قِ یَا مَ ةِ | قیامت کے (بھی) | ق و م | قِیَامَت، روزِ قِیَامَت، سُورَةُ الْقِیَامَہ |
| | بِئْسَ | بِ x سَ | بُرا ہے وہ | ب ء س | |
| | الرِّفْدُ | رِرِفْ دُ | عطیہ | ر ف د | |
| | الْمَرْفُوْدُ ﴿٩٩﴾ | اَلْ مَرْ فُوْ دُ | جو انہیں دیا جائے گا | ر ف د | |
| ١٠٠ | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | مِنْ اَنْۢبَاۗءِ | مِنْ اَمْ بَا...ءِ | کچھ خبریں ہیں | ن ب ء | نَبِی، اَنْبِیَاء، خَتْمِ نُبُوت، اَنْبَاء (سعودی چینل) |
| | الْقُرٰى | اَلْ قُ رَا | ان (تباہ شدہ) بستیوں کی | ق ر ی | قَریہ قَریہ بَستی بَستی |
| | نَقُصُّهٗ | نَ قُصْ صُ ہُوْ | ہم انہیں بیان کرتے ہیں | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الْاَنبیاء |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِیْ کَ | آپ پر | | عَلٰی وَجْہِ الْبَصِیرَت، عَلَی الْاِعْلَان |

وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿٩٩﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ

اور قیامت کے دن بھی بُرا انعام ہے جو دیا گیا ﴿٩٩﴾ بستیوں کی یہ بعض خبریں جنہیں ہم تیرے سامنے بیان فرما رہے ہیں ان میں سے بعض تو موجود

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | ان میں سے کچھ | | |
| | قَاۗىِٕمٌ | قَا...ءِ مُوْں | قائم ہیں | ق و م | قَوَّام، مُقِیم، قَائِم و دائِم |
| | وَّحَصِيْدٌ ﴿١٠٠﴾ | وَ حَ صِیْ دٌ | اور کچھ کاٹ (تباہ کر) دی گئی ہیں | ح ص د | |
| ١٠١ | وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ | وَ مَا ظَ لَمْ نَا ہُمْ | اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلٰكِنْ | وَ لَا کِنْ | اور لیکن | | |
| | ظَلَمُوْٓا | ظَ لَ مُوْ.. | انہوں نے (خود) ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ فُ سَ ہُمْ | اپنے آپ پر | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتَنَفِّس |
| | فَمَآ اَغْنَتْ | فَ مَا.. اَغْ نَتْ | پھر فائدہ نہ دیا | غ ن و | |

مِنْهَا قَآئِمٌ وَّ حَصِيْدٌ ﴿١٠٠﴾ وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ

ہیں اور بعض (کی فصلیں) کٹ گئی ہیں ﴿١٠٠﴾ ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا، بلکہ خود انہوں نے ہی اپنے اوپر ظلم کیا، اور انہیں ان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | انہیں | | |
| | اٰلِهَتُهُمُ | آ لِ ہَ تُ ہُمُ | ان کے معبودوں نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | الَّتِيْ | ل لَ تِیْ | جنہیں | | |
| | يَدْعُوْنَ | یَ دْ عُوْ نَ | وہ پکارتے تھے | د ع و | دُعا، دَعوَت، اَدعِیَہ، دَاعی اِلَی اللہ |
| | مِنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْ نِ | سوائے | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | مِنْ شَيْءٍ | مِنْ شَا ئِ ءٍ | کچھ بھی | ش ی ء | شَئے، اَشیاء، اَشیَائے خُوردنی اَشیَائے خُوردونوش |
| | لَّمَّا | ل لَمْ مَا | جب | | |
| | جَآءَ | جَا... ءَ | آ گیا | ج ی ء | |
| | اَمْرُ | اَمْ رُ | حکم (عذاب) | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمَعرُوف |
| | رَبِّكَ ؕ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کا | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العَالَمِین رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم |

عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ

معبودوں نے کوئی فائدہ نہ پہنچایا جنہیں وہ اللہ تعالیٰ کے سوا پکارا کرتے تھے، جب کہ تیرے پروردگار کا حکم آ پہنچا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا زَادُوْهُمْ | وَ مَا زَ ا دُ وْ ہُمْ | اور انہوں نے انہیں زیادہ نہ کیا | ز و د | زِیادہ، زَائِد، مَزِید، زِیَادَات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيۡرَ | غَ ا ئِ رَ | سوائے | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | تَتۡبِيۡبٍ ١٠١ | تَ ت بِ ی ب | تباہی کے | ت ب ب | |
| ١٠٢ | وَكَذٰلِكَ | وَ كَ ذَ ا لِ كَ | اور اسی طرح ہے | | |
| | اَخۡذُ | اَ خۡ ذُ | پکڑ | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | رَبِّكَ | رَ ب بِ كَ | آپ کے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | اِذَآ | اِ ذَ ا.. | جب | | |
| | اَخَذَ | اَ خَ ذَ | وہ پکڑتا ہے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | الۡقُرٰى | لۡ قُ رَا | بستیوں کو | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی |
| | وَهِىَ | وَ هِ يَ | اس حال میں کہ وہ | | |

وَمَا زَادُوۡهُمۡ غَيۡرَ تَتۡبِيۡبٍ ١٠١ وَكَذٰلِكَ اَخۡذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الۡقُرٰى وَهِىَ

بلکہ اور ان کا نقصان ہی انہوں نے بڑھا دیا ١٠١ تیرے پروردگار کی پکڑ کا یہی طریقہ ہے جب کہ وہ بستیوں کے رہنے والے ظالموں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ظَالِمَةٌ ؕ | ظَ ا لِ مَ ةٌ | ظالم ہوتی ہیں | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | اَخۡذَهٗۤ | اَ خۡ ذَ هُوۡ.. | اس کی پکڑ | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | اَلِيۡمٌ | اَ لِ یۡ مُنۡ | نہایت دردناک (اور) | ء ل م | اَلمناک حادثہ، رنج واَلم |
| | شَدِيۡدٌ ١٠٢ | شَ دِ یۡ دٌ | انتہائی سخت ہے | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشد ضروری |
| ١٠٣ | اِنَّ | اِ ن نَ | بے شک | | |
| | فِىۡ ذٰلِكَ | فِيۡ ذَ ا لِ كَ | اس میں | | |
| | لَاٰيَةً | لَ آ یَ تَ | یقیناً نشانِ (عبرت) ہے | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّمَنۡ | ل لِ مَنۡ | اس شخص کے لئے جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَافَ | خَافَ | ڈر گیا | خ و ف | خوف وہراس، بلاخوف، خوفناک |

ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِیْمٌ شَدِیْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ

پکڑتا ہے بیشک اسکی پکڑ دُکھ دینے والی اور نہایت سخت ہے ﴿۱۰۲﴾ یقیناً اس میں ان لوگوں کے لئے نشان عبرت ہے جو قیامت کے عذاب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابَ | عَ ذَ ا بَ | عذابِ | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عَذابِ آخرت |
| | الْاٰخِرَةِ ؕ | لْ آ خِ رَ ةِ | آخرت سے | ء خ ر | تاخیر، مُؤخَّر، تاخُّر، آخِری |
| | ذٰلِكَ | ذَ ا لِ كَ | وہ (یومِ آخرت) | | |
| | یَوْمٌ | یَ ا ؤْ مُ | ایک دن ہے کہ | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | مَّجْمُوْعٌ ۙ | مَ جْ مُوْ عُ | جمع کئے جائیں گے | ج م ع | جَمع، جَمیع، اِجماع، مَجمَع، مجموعہ |
| | لَّهُ | لْ لَ هُ | اس میں | | |
| | النَّاسُ | نْ نَا سُ | سب لوگ | ن و س | خَیرُالنّاس، عامۃُالنّاس، عوامُ النّاس |
| | وَذٰلِكَ | وَ ذَ ا لِ كَ | اور وہ | | |
| | یَوْمٌ | یَ ا ؤْ مُ | دن ہے کہ | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ | مَشْ هُوْ دُ | جس میں (سب) حاضر کئے جائیں گے | ش ه د | شَہادت، شاہد، شَہیدِ ملّت |

عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾

سے ڈرتے ہیں، وہ دن جس میں سب لوگ جمع کئے جائیں گے اور وہ، وہ دن ہے جس میں سب حاضر کئے جائیں گے ﴿۱۰۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۴ | وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ | وَمَا نُ ءَ خْ خِ رُ هُوْ.. | اور ہم نہیں مؤخر کرتے اس (دن) کو | ء خ ر | تاخیر، مُؤخَّر، تاخُّر، آخِری |
| | اِلَّا | اِ لْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | لِاَجَلٍ | لِ اَ جَ لِ | وقت (کے لئے) | ء ج ل | اَجَل، آجال، فرشتۂ اَجل، لُقمۂ اَجل |
| | مَّعْدُوْدٍ ؕ﴿۱۰۴﴾ | م مَ عْ دُوْ د | مقررہ (پورا کرنے) | ع د د | عدد، اَعداد، مَعدود، اَعداد و شُمار |
| ۱۰۵ | یَوْمَ | یَ ا ؤْ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَأْتِ | یَ x تِ | وہ آجائے گا | ء ت ی | |
| | لَا تَكَلَّمُ | لَا تَ کَل لَ مُ | تو کلام نہیں کرے گا | ك ل م | کَلِمہ طَیِّبہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | نَفْسٌ | نَف سُن | کوئی شخص | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسا نَفسی، مُتنفّس |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | بِاِذْنِهٖ ج | بِ اِذْ نِ ہٖ | اس (اللہ) کے حکم سے | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اِذنِ عام، بِاِذنِ اللہ |

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿١٠٤﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ج

اسے ہم جو ملتوی کرتے ہیں وہ صرف ایک مدت معین تک ہے ﴿١٠٤﴾ جس دن وہ آجائے گی مجال نہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمِنْهُمْ | فَ مِن ہُم | پھر کوئی ان میں سے | | |
| | شَقِيٌّ | شَ قِیْ یُن | بد بخت ہوگا | ش ق ی | شَقی آدمی، اَشقِیاء لوگ، شَقِیُّ القلب |
| | وَّسَعِيْدٌ ﴿١٠٥﴾ | وَ سَ عِیْ د | اور کوئی نیک بخت | س ع د | سَعد و سَعِید، سَعادت مَند |
| ١٠٦ | فَاَمَّا | فَ اَم مَ | پھر لیکن | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِی نَ | وہ لوگ جو | | |
| | شَقُوْا | شَ قُو | بد بخت ہوں گے | ش ق ی | شَقی آدمی، اَشقِیاء لوگ، شَقِیُّ القلب |
| | فَفِي النَّارِ | فَ فِن نَارِ | تو (وہ) آگ میں ہوں گے | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |
| | لَهُمْ فِيْهَا | لَ ہُم فِیْ ہَا | ان کے لئے اس (آگ) میں (ہوگا) | | |
| | زَفِيْرٌ | زَ فِیْ رُن | چیخنا چلاّنا | ز ف ر | |

فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿١٠٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ

کوئی بات بھی کرلے، سو ان میں کوئی بد بخت ہوگا اور کوئی نیک بخت ﴿١٠٥﴾ لیکن جو بد بخت ہوئے وہ دوزخ میں ہوں گے وہاں چیخیں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّشَهِيْقٌ ﴿١٠٦﴾ لا | وَ شَ ہِیْ ق | اور دھاڑنا | ش ه ق | |
| ١٠٧ | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بَرِیں، خُلود (ہمیشگی)، خالدہ (نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس (آگ) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مَادَامَتِ | مَا دَا مَتِ | جب تک (باقی) رہیں گے | د و م | دَوام بخشنا، مُداوَمت کرنا، دائمی مَریض |
| | السَّمٰوٰتُ | س سَ مَا وَا تُ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضُ | وَلْ اَرْ ضُ | اور زمین | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّاَ مَا شَاءَاللہ، اِلّاَ یہ کہ، اِلّاَ قَلیل |
| | مَاشَآءَ | مَا شَا ... ءَ | جو چاہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَا شَاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| | رَبُّكَ ط | رَب بُ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |

وَّ شَهِيْقٌ ﴿١٠٦﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ط

چلائیں گے ﴿١٠٦﴾ وہ وہیں ہمیشہ رہنے والے ہیں جب تک آسمان و زمین برقرار رہیں سوائے اس وقت کے جو تمہارا رب چاہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | رَبَّكَ | رَب بَ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | فَعَّالٌ | فَ ع عَا لُ | خوب کر گزرنے والا ہے | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| | لِّمَا | لِ مَا | اس کو جو | | |
| | يُرِيْدُ ﴿١٠٧﴾ | يُ رِیْ د | وہ چاہتا ہے | ر و د | پُختہ اِرادہ، مُرید صادِق، مُرادِ رَسُول |
| ١٠٨ | وَاَمَّا | وَ اَم مَ | اور لیکن | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | سُعِدُوْا | سُ عِ دُوْ | نیک بخت بنائے گئے | س ع د | سَعد وسَعِید، سَعادَت مَند |
| | فَفِي الْجَنَّةِ | فَ فِلْ جَن نَ ةِ | تو (وہ) جنت میں ہوں گے | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعَلّیٰ، جَنّتُ البقیع |
| | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بَریں، خُلُود (ہمیشگی)، خَالِدَہ (نام) |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس (جنت) میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝١٠٧ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

یقیناً تیرا رب جو کچھ چاہے کر گزرتا ہے ۝١٠٧ لیکن جو نیک بخت کئے گئے وہ جنت میں ہوں گے جہاں ہمیشہ رہیں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا دَامَتِ | مَا دَا مَتِ | جب تک (باقی) رہیں گے | د و م | دَوام بخشنا، مُداوَمت کرنا، دائمی مَرِیض |
| | السَّمٰوٰتُ | س سَ مَا وَا تُ | آسمان | س م و | سماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضُ | وَلْ اَ رْ ضُ | اور زمین | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | مَا شَآءَ | مَا شَا... ءَ | جو چاہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَا شَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | رَبُّكَ ؕ | رَب بُ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | عَطَآءً | عَ طَا... ءَ نْ | (یہ اللہ کی) عطا ہے | ع ط ی | عَطائے اِلٰہی۔ اللہ کی عطا |
| | غَيْرَ | غَ ا ئِ رَ | نہ | غ ی ر | غَیر آدمی، غَیرُاللہ، اِسکے بَغیر |
| | مَجْذُوْذٍ ۝١٠٨ | مَ جْ ذُ وْ ذ | ختم ہونے والی | ج ذ ذ | |

مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۝١٠٨

جب تک آسمان و زمین باقی رہے مگر جو تیرا پروردگار چاہے، یہ بے انتہا بخشش ہے ۝١٠٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٠٩ | فَلَا تَكُ | فَ لَا تَ كُ | پس آپ نہ ہوں | ك و ن | |
| | فِيْ مِرْيَةٍ | فِيْ مِ رْ يَ تِ | کسی شک میں | م ر ی | |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | اس سے جو | | مَا حول، مَا فوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | يَعْبُدُ | يَ عْ بُ دُ | عبادت کرتے ہیں | ع ب د | عِبادت کرنا، عابِد، مَعبود، عِبادت گُزار |
| | هٰٓؤُلَآءِ ؕ | هَا.. ءُ لَا... ء | یہ لوگ | | |
| | مَا يَعْبُدُوْنَ | مَا يَ عْ بُ دُوْ نَ | وہ عبادت نہیں کرتے | ع ب د | عِبادت کرنا، عابِد، مَعبود، عِبادت گُزار |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَمَا | کَ مَا | جیسے | | کالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | يَعْبُدُ | یَ عْ بُ دُ | عبادت کرتے تھے | ع ب د | عِبادت کرنا، عابِد، مَعبود، عِبادت گُزار |
| | اٰبَآؤُهُمْ | آ بَا... ءُ ہُمْ | ان کے باپ دادا | ء ب و | آبا و اَجداد، اِس کے آباء |

فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ

اس لئے آپ ان چیزوں سے شک وشبہ میں نہ رہیں جنہیں یہ لوگ پوج رہے ہیں، ان کی پوجا تو اس طرح ہے جس طرح ان کے باپ دادوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ قَبْلُ ؕ | مِنْ قَبْ ل | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بے شک ہم | | |
| | لَمُوَفُّوْهُمْ | لَ مُ وَف فُوْ ہُمْ | انہیں ضرور پورا دیں گے | و ف ی | وفا شِعاری، وَفاداری، اِیفائے عَہد |
| | نَصِيْبَهُمْ | نَ صِیْ بَ ہُمْ | ان کا حصہ | ن ص ب | نَصیب اَپنا اَپنا، ہمارا نَصیب |
| | غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۧ ١٠٩ | غَا ئِ رَ مَنْ قُوْ ص | کم نہیں کیا جائے گا (اس سے کچھ) | غ ی ر<br>ن ق ص | غیر مُلکی، غیر مَشروط، غیرُ اللہ<br>نَقصِ اَمن، نُقصان، نَقائِص، تَنقیص |
| ۱۱۰ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَدْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | اٰتَيْنَا | آ تَا ئِ نَا | ہم نے دی | ء ت ی | |
| | مُوْسَى | مُوْ سَا | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |

مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۧ ١٠٩ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

اس سے پہلے تھی، ہم ان سب کو ان کا پورا پورا حصہ بغیر کسی کمی کے دینے والے ہی ہیں ١٠٩ یقیناً ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْكِتٰبَ | اَلْ کِ تَا بَ | کتاب (تورات) | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | فَاخْتُلِفَ | فَ خْ تُ لِ فَ | تو اختلاف کیا گیا | خ ل ف | اِختلاف، مُختلِف ہونا، مُخالَفت |
| | فِيْهِ ؕ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | وَلَوْلَا كَلِمَةٌ | وَ لَوْ لَا کَ لِ مَ تُنْ | اور اگر نہ ہوتی ایک بات | ك ل م | کَلِمہ طَیِّبہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | سَبَقَتْ | سَ بَ قَتْ | جو پہلے طے ہو چکی ہے | س ب ق | سابِق، مَسبوق، سَبقَت لِسانی<br>سَبقَت لیجانا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ رَّبِّكَ | مِرْ رَبْ بِ كَ | آپ کے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | لَقُضِيَ | لَ قُ ضِ يَ | تو ضرور فیصلہ کر دیا جاتا | ق ض ی | قضاوقدر، قضائے الٰہی، قاضی |
| | بَيْنَهُمْ ط | بَ ئِ نَ هُمْ | ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاقوامی |

الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ط وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ط

کتاب دی، پھر اس میں اختلاف کیا گیا، اگر پہلے ہی آپ کے رب کی بات صادر نہ ہوگئی ہوتی تو یقیناً ان کا فیصلہ کر دیا جاتا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّهُمْ | وَ اِن نَ هُمْ | اور بلاشبہ وہ | | |
| | لَفِيْ شَكٍّ | لَ فِيْ شَ كْ كِ | یقیناً ایسے شک میں ہیں | ش ك ك | شک، شُکوک، شکوک وشبہات |
| | مِّنْهُ | مِ مِنْ هُ | اس سے | | منجانب، مِن حیثُ القوم |
| | مُرِيْبٍ ﴿١١٠﴾ | مُ رِ يْب | جو (انہیں) بے چین کرنے والا ہے | ر ی ب | لاَریب کِتاب، لاَریب بات |
| ١١١ | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بے شک | | |
| | كُلًّا لَّمَّا | كُل لَل لَم مَا | ہر ایک کو جب (وقت آئے گا) | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | لَيُوَفِّيَنَّهُمْ | لَ يُ وَف فِ يَن نَ هُمْ | یقیناً انہیں ضرور پوری جزا دے گا | و ف ی | |
| | رَبُّكَ | رَب بُ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | اَعْمَالَهُمْ ط | اَعْ مَا لَ هُمْ | ان کے عملوں کی | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿١١٠﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ط

انہیں تو اس میں سخت شبہ ہے ﴿١١٠﴾ یقیناً ان میں سے ہر ایک جب انکے روبرو جائے گا تو آپ کا رب اسے اسکے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے گا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک وہ | | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس سے جو | | ماشاءَاللہ، مافوقَ الفطرت، ماتحت |
| | يَعْمَلُوْنَ | يَ عْ مَ لُوْ نَ | وہ عمل کرتے ہیں | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | خَبِيْرٌ ﴿١١١﴾ | خَ بِيْ ر | خوب خبردار ہے | خ ب ر | خَبیر، خَبردار، خَبرناک (اخبار) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۲ | فَاسْتَقِمْ | فَسْ تَ قِ مْ | چنانچہ آپ ثابت قدم رہیں | ق و م | اِستقامت فِی الدِّین، مُقیم، خطِ مُستقیم |
| | كَمَآ | کَ مَا.. | جس طرح | | کَالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | اُمِرْتَ | اُمِ رْتَ | آپ کو حکم دیا گیا ہے | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور وہ لوگ (بھی) جنہوں نے | | |
| | تَابَ | تَا بَ | توبہ کی | ت و ب | توبہ، تائب، توبہ قبول کرنیوالا |
| | مَعَكَ | مَ عَ کَ | آپ کے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | وَلَا تَطْغَوْاؕ | وَلَا تَ طْ غَاؤ | اور تم سرکشی نہ کرو | ط غ ی | طُغیانی، سمندر میں طُغیانی، طَاغُوت |

اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْاؕ

بیشک وہ جو کررہے ہیں ان سے وہ باخبر ہے ﴿۱۱۱﴾ پس آپ جمے رہئے جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ لوگ بھی جو آپ کے ساتھ توبہ کر چکے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بے شک وہ (اللہ) | | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کو جو | | مَا حَول، مَا فوقَ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ | بَ صِیْ ر | خوب دیکھنے والا ہے | ب ص ر | بَصَارت، بَصِیرت، سَمع و بَصر |
| ۱۱۳ | وَلَا تَرْكَنُوْٓا | وَلَا تَ رْ کَ نُوْ.. | اور تم نہ جھکو | ر ك ن | |
| | اِلَى الَّذِيْنَ | اِلَلْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کی طرف جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | فَتَمَسَّكُمُ | فَ تَ مَسْ سَ کُ مُ | ورنہ تمہیں چھوئے گی | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَسَاس کرنا |
| | النَّارُۙ | نْ نَا رُ | آگ | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |

اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُۙ

خبردار! تم حد سے نہ بڑھنا، اللہ تعالیٰ تمہارے تمام اعمال کا دیکھنے والا ہے ﴿۱۱۲﴾ دیکھو! ظالموں کی طرف ہرگز نہ جھکنا ورنہ تمہیں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا لَكُمْ | وَ مَا لَ كُ مْ | اور تمہارے لئے نہیں ہوں گے | | |
| | مِّنْ دُوْنِ | مِنْ دُوْ نِ | سوائے | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مِنْ اَوْلِيَآءَ | مِنْ اَوْ لِ يَا...ءَ | کوئی دوست | و ل ی | وَلِیُ اللہ، وَلَایت، اَولیاءِ کِرام |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ | لَا تُنْ صَ رُوْ نَ | تمہاری مدد نہیں کی جائے گی | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| ۱۱۴ | وَاَقِمِ | وَ اَ قِ مِ | اور آپ قائم کریں | ق و م | قِیام، قَائِم، مُقیم، اِقامَتِ صَلٰوۃ |
| | الصَّلٰوةَ | ص صَ لَا ةَ | نماز | ص ل و | صَلٰوۃِ ظُہر، صَلٰوۃِ عِید، صَلٰوۃِ جُمعہ |
| | طَرَفَيِ | طَ رَ فَ يِ | دونوں طرفوں (حصوں) میں | ط ر ف | طَرف، اَطرَاف، طَرفَین |

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ

(دوزخ کی) آگ لگ جائے گی اور اللہ تعالیٰ کے سوا اور تمہارا مددگار نہ کھڑا ہو سکے گا اور نہ تم مدد دیئے جاؤ گے ﴿۱۱۳﴾ دن کے دونوں سروں میں نماز

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّهَارِ | ن نَ هَا رِ | دن کے | ن ہ ر | لَیل ونَہار، نَہار مُنہ، نَہاری |
| | وَزُلَفًا | وَ زُ لَ فً | اور کچھ گھڑیوں میں | ز ل ف | |
| | مِّنَ الَّيْلِ ط | م مِنَ ل لَا ئِ لِ | رات کو (بھی) | ل ی ل | لَیلۃُ القدر، لَیل ونہار، لَیلۃُ المُبارکہ |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | الْحَسَنٰتِ | لْ حَ سَ نَا تِ | نیکیاں | ح س ن | حَسَن، اِحسَان، مُحسِن، اَحسَنُ الجزاء |
| | يُذْهِبْنَ | یُ ذْ هِ بْ نَ | دُور کر دیتی ہیں | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیّت، ذَہاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |
| | السَّيِّاٰتِ ط | س سَا ئِ یِ آ تِ | بُرائیوں کو | س و ء | سیئات، اَعمَالِ سَیِّئہ، بِدعتِ سَیِّئہ |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ | | |
| | ذِكْرٰى | ذِ كْ رَا | نصیحت ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى

برپا رکھ اور رات کی کئی ساعتوں میں بھی، یقیناً نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلذّٰكِرِيْنَ ۚ ﴿١١٤﴾ | لِذ ذَا کِ رِیْ ن | ذکر کرنے والوں کے لئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| ١١٥ | وَاصْبِرْ | وَ صْ بِ رْ | اور آپ صبر کریں | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | پس بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمین |
| | لَا يُضِيْعُ | لَا یُ ضِیْ عُ | ضائع نہیں کرتا | ض ی ع | ضَائِع کرنا، وَقت کا ضِیَاع<br>پانی کا ضِیَاع |
| | اَجْرَ | اَ جْ رَ | اَجر | ء ج ر | اَجر وثَواب، روزے کا اَجر،<br>نَماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٥﴾ | لْ مُ حْ سِ نِیْ ن | نیکی کرنے والوں کا | ح س ن | حَسَن، اِحسَان، مُحسِن، اَحسَنُ الجزَاء |
| ١١٦ | فَلَوْلَا كَانَ | فَ لَا وْ لَا كَا نَ | پھر کیوں نہ ہوئے | ك و ن | |

لِلذّٰكِرِيْنَ ۚ ﴿١١٤﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٥﴾ فَلَوْلَا كَانَ

پکڑنے والوں کے لئے ﴿١١٤﴾ آپ صبر کرتے رہے یقیناً اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا ﴿١١٥﴾ پس کیوں نہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْقُرُوْنِ | مِنَ لْ قُ رُوْ نِ | ان اُمتوں میں سے | ق ر ن | قُرُونِ اُولیٰ، قَرنُ المَنَازِل |
| | مِنْ قَبْلِكُمْ | مِنْ قَبْ لِ كُ مْ | جو تم سے پہلے تھیں | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طعَام والکَلَام |
| | اُولُوْا بَقِيَّةٍ | اُوْلُوْ بَ قِیْ یَ تِنْ | عقل وفہم والے لوگ | ب ق ی | اُولُوالعَزم، اُولُوالاَمر<br>بَاقِی، بَقِیہ مَواد، بَقا، بَقَایا |
| | يَّنْهَوْنَ | یَنْ هَا وْ نَ | کہ وہ روکتے | ن ہ ی | نَہیِ عَنِ المُنکَر، مَنہِیَات (رُکنا) |
| | عَنِ الْفَسَادِ | عَنِ لْ فَ سَا دِ | فساد کرنے سے | ف س د | فَساد، فَسَادات، فاسِد مَادَہ، مُفسِد |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | قَلِيْلًا | قَ لِیْ لَ | تھوڑے ہی | ق ل ل | قَلِیل، اَقلِیّت، قِلَّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

**مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا**

تم سے پہلے زمانے کے لوگوں میں سے ایسے اہلِ خیر لوگ ہوئے جو زمین میں فساد پھیلانے سے روکتے، سوائے ان چند کے جنہیں ہم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّمَّنْ | م م مَ نْ | ان لوگوں میں سے جنہیں | | مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | اَنْجَيْنَا | اَنْ جَا ئْ نَا | ہم نے نجات دی | ن ج و | نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ |
| | مِنْهُمْ ج | مِنْ هُمْ | ان میں سے | | مِنجانب، مِن حیثُ القوم |
| | وَاتَّبَعَ | وَتْ تَ بَ عَ | اور پیچھے لگے | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اتباعِ سُنّت |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم کیا | ظ ل م | ظُلم، ظالم، مظلوم، ظالمین |
| | مَآ | مَا.. | ان چیزوں کے کہ | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | اُتْرِفُوْا | اُتْ رِ فُوْ | (وہ) ظالم خوشحال کردیئے گئے تھے | ت ر ف | |
| | فِيْهِ | فِيْ هِ | ان (چیزوں) میں | | فی الحال، فی الفور، فی الوقت |
| | وَكَانُوْا | وَ كَا نُوْ | اور وہ تھے | ك و ن | |
| | مُجْرِمِيْنَ ۝١١٦ | مُ جْ رِ مِيْ نَ | مجرم لوگ | ج ر م | جرم، مجرم، فردِ جرم، جرائم پیشہ |

**مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ج وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝١١٦**

ان میں سے نجات دی تھی، ظالم لوگ تو اس چیز کے پیچھے پڑ گئے جس میں انہیں آسودگی دی گئی تھی اور وہ گنہگار تھے ۝١١٦

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١٧ | وَمَا كَانَ | وَ مَا كَ ا نَ | اور نہیں ہے | ك و ن | |
| | رَبُّكَ | رَ بْ بُ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | لِيُهْلِكَ | لِ يُ هْ لِ كَ | کہ وہ ہلاک کرے | ه ل ك | ہلاک ہونا، مُہلک، ہلاکت |
| | الْقُرٰى | لْ قُ رَا | بستیوں کو | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی |
| | بِظُلْمٍ | بِ ظُ لْ مِنْ | ظلم سے (ناحق) | ظ ل م | ظُلم، ظالم، مظلوم، ظالمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ | وَ | جبکہ | | |
| | اَهْلُهَا | اَ ہْ لُ ہَا | ان کے رہنے والے | ء ہ ل | اَہل وعیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بیت |
| | مُصْلِحُوْنَ ﴿١١٧﴾ | مُ صْ لِ حُوْ نَ | اصلاح کرنے والے ہوں | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، مُصالحت |
| ١١٨ | وَلَوْ شَآءَ | وَ لَوْ شَا...ءَ | اور اگر چاہتا | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، ماشاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| | رَبُّكَ | رَبْ بُ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الارض |

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ

آپ کا رب ایسا نہیں کہ کسی بستی کو ظلم سے ہلاک کردے اور وہاں کے لوگ نیکوکار ہوں ﴿١١٧﴾ اگر آپ کا پروردگار چاہتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَجَعَلَ | لَ جَ عَ لَ | تو ضرور بنا دیتا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | النَّاسَ | نْ نَا سَ | تمام لوگوں کو | ن و س | خَیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | اُمَّةً | اُمْ مَ تَا ؤں | ایک اُمت | ء م م | اُمّتِ مُحمّدیہ، اُمّتِ حَنیفہ |
| | وَّاحِدَةً | وَا حِ دَ تَا ؤں | ایک | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، اَحَد |
| | وَّلَا يَزَالُوْنَ | وَ لَا یَ زَا لُوْ نَ | جبکہ وہ ہمیشہ رہیں گے | ز ی ل | |
| | مُخْتَلِفِيْنَ ﴿١١٨﴾ | مُ خْ تَ لِ فِیْ نَ | (آپس میں) اختلاف کرنے والے ہی | خ ل ف | اِختلاف، مُختلف ہونا، مُخالفت |
| ١١٩ | اِلَّا مَنْ | اِلْ لَا مَ | مگر ان لوگوں کے جن پر | | اِلّا ماشاءَاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | رَّحِمَ | رَ رَ حِ مَ | رحم کیا | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکرم |
| | رَبُّكَ ط | رَبْ بُ كَ | آپ کے رب نے | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الارض |

لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿١١٨﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ط

تو سب لوگوں کو ایک ہی راہ پر ایک گروہ کر دیتا، وہ تو برابر اختلاف کرنے والے ہی رہیں گے ﴿١١٨﴾ سوائے ان کے جن پر آپ کا رب رحم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلِذٰلِكَ | وَ لِ ذَا لِ كَ | اور اسی لئے | | |
| | خَلَقَهُمْ ط | خَ لَ قَ هُمْ | اس نے انہیں پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مَخلوق، خلقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَتَمَّتْ | وَ تَم مَتْ | اور پوری ہوئی | ت م م | تمام، تمّت بِالخیر، اِتمامِ حُجّت |
| | كَلِمَةُ | کَ لِ مَ ةُ | بات | ك ل م | کلمہ طیبہ، کلامُ اللہ، کلیمُ اللہ |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کی | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | لَاَمْلَئَنَّ | لَ اَمْ لَ ءَن نَ | کہ یقیناً میں ضرور بھروں گا | م ل ء | |
| | جَهَنَّمَ | جَ ہَن نَ مَ | جہنم کو | ج ھ م | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | مِنَ الْجِنَّةِ | مِنَ لْ جِن نَ ةِ | جِنّوں سے | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | وَالنَّاسِ | وَن نَاسِ | اور انسانوں | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |

وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

فرمائے، انہیں تو اسی لئے پیدا کیا ہے، اور آپ کے رب کی یہ بات پوری ہے کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ | اَجْ مَ عِیْ نَ | سب سے | ج م ع | جمع، جمیع، اِجماع، مجمع، مجموعہ |
| ۱۲۰ | وَكُلًّا | وَ کُل لَن | اور ہر ایک چیز کو | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | نَّقُصُّ | نَ قُص صُ | ہم بیان کرتے ہیں | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | عَلَيْكَ | عَ لَیْ کَ | آپ پر | | علیٰ وجہِ البصیرت، علی الاعلان |
| | مِنْ اَنْۢبَاۗءِ | مِنْ اَمْ بَا...ءِ | خبروں میں سے | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، ختمِ نبوت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | الرُّسُلِ | رْ رُ سُ لِ | رسولوں کی | ر س ل | رِسالت، رَسول، رِسالہ، مُرسَل اِلیہ |
| | مَا نُثَبِّتُ | مَا نُ ثَ ب بِ تُ | وہ جو ہم مضبوط رکھتے ہیں | ث ب ت | ثابت قدم، مُثبت قدم، اِثبات |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | فُؤَادَكَ ج | فُ ءَا دَ کَ | آپ کا دل | ف ء د | محمد فُؤاد (نام)، فُؤاد باقی (مصنف) |

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ج

پُر کروں گا ﴿۱۱۹﴾ رسولوں کے سب احوال ہم آپ کے سامنے آپ کے دل کی تسکین کے لئے بیان فرما رہے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَجَآءَكَ | وَجَا...ءَکَ | اور آیا ہے آپ کے پاس | ج ی ء | |
| | فِیْ هٰذِهِ | فِیْ ہَاذِہِ | اس (سورت یا واقعات) میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | الْحَقُّ | لْ حَق قُ | حق | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | وَمَوْعِظَةٌ | وَ مَاوْ عِ ظَ تُوْں | اور نصیحت | و ع ظ | وَعظ، وَاعظ، وَعظ و نصیحت |
| | وَّ ذِكْرٰى | وَذِکْ رَا | اور یاد دہانی | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ | لِلْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمنوں کے لئے | ء م ن | اَمن و اَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| ۱۲۱ | وَقُلْ | وَقُ لْ | اور آپ کہہ دیجئے | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | لِّلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے لئے جو | | |

وَجَآءَكَ فِیْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ

آپ کے پاس اس سورت میں بھی حق پہنچ چکا جو نصیحت و وعظ ہے مؤمنوں کے لئے ﴿۱۲۰﴾ ایمان نہ لانے والوں سے کہہ دیجئے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا یُ x مِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے: | ء م ن | اَمن و اَمَان، مُؤمِن، اِیمَان |
| | اعْمَلُوْا | عْ مَ لُوْ | تم عمل کرو | ع م ل | عَمل، اَعمَال، عَامِل، مَعمُول |
| | عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ط | عَ لَا مَ کَا نَ تِ کُ مْ | اپنی جگہ پر | ك و ن | زَمَان و مَکَاں، مَکَانَات، اِمکَان |
| | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم (بھی) | | |
| | عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ | عَامِ لُوْنَ | عمل کرنے والے ہیں | ع م ل | عَمل، اَعمَال، عَامِل، مَعمُول |
| ۱۲۲ | وَانْتَظِرُوْا ج | وَنْ تَ ظِ رُوْ | اور تم انتظار کرو | ن ظ ر | اِنتِظَار کرنا، مُنتَظِر ہونا، اِنتِظَار گاہ |
| | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم (بھی) | | |
| | مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ | مُنْ تَ ظِ رُوْ نَ | انتظار کرنے والے ہیں | ن ظ ر | اِنتِظَار کرنا، مُنتَظِر ہونا، اِنتِظَار گاہ |

لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ط اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ج اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

تم اپنے طور پر عمل کئے جاؤ ہم بھی عمل میں مشغول ہیں ﴿۱۲۱﴾ اور تم بھی انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں ﴿۱۲۲﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۳ | وَلِلّٰهِ | وَلِل لَاہِ | اور اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | غَيْبُ | غَائِبُ | غیب | غ ی ب | غیب کا علم، غیاب، غیبی امداد |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَاوَاتِ | آسمانوں کا | س م و | سماوِی کُتُب، ارض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَرْضِ | اور زمین کا | ء ر ض | ارض وسَماء، اَراضی، کُرہ اَرض |
| | وَاِلَيْهِ | وَاِلَائِہِ | اور اسی کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | يُرْجَعُ | یُرْجَعُ | لوٹائے جاتے ہیں | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| | الْاَمْرُ | لْ اَمْرُ | کام | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمعرُوف |
| | كُلُّهٗ | کُل لُ ہُوْ | سب کے سب | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | فَاعْبُدْهُ | فَ عْ بُ دْ ہُ | لہٰذا آپ اسی کی عبادت کریں | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| | وَتَوَكَّلْ | وَ تَ وَ كْ كَلْ | اور بھروسہ کریں | و ك ل | تَوکُّل کرنا، مُتوکِّل عَلَی اللہ |

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ

زمینوں اور آسمانوں کا علم غیب اللہ تعالیٰ ہی کو ہے، تمام معاملات کا رجوع بھی اسی کی جانب ہے، پس تجھے اسی کی عبادت کرنی چاہیے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ ؕ | عَ لَائِہ | اسی پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلَان |
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں ہے | | |
| | رَبُّكَ | رَ بْ بُ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربِّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | بِغَافِلٍ | بِ غَافِ لِنْ | کچھ غافل | غ ف ل | غافِل آدمی، نَماز سے غافِل، کھانے پینے سے غافِل |
| | عَمَّا | عَمْ مَا | اس سے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | تَعْمَلُوْنَ ۱۲۳ ع | تَ عْ مَ لُوْنَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۱۲۳ ع

اور اسی پر بھروسہ رکھنا چاہئے اور تم جو کچھ کرتے ہو اس سے اللہ تعالیٰ بے خبر نہیں ۱۲۳

اٰيَاتُهَا ۱۱۱ (۱۲) سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ (۵۳) رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | الٓرٰ قف | اَلِفْ لَآ...م رَا | الٓرٰ | | حُرُوفِ مُقَطَّعَات میں سے ہے |
| | تِلْكَ | تِ لْ کَ | یہ | | |
| | اٰيٰتُ | آ یَا تُ | آیتیں ہیں | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیاتِ قُرآنیہ، آیات بَیِّنہ |
| | الْكِتٰبِ | لْ کِ تَا بِ | کتاب کی | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | الْمُبِيْنِ قف ① | لْ مُ بِیْ نِ | واضح | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ۲ | اِنَّآ | اِنْ نَا.. | بلاشبہ ہم نے | | |
| | اَنْزَلْنٰهُ | اَنْ زَلْ نَا هُ | اسے نازل کیا ہے | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | قُرْءٰنًا | قُرْ آ نَنْ | قرآن | ق ر ء | قرآنِ عَظِیم، قِرات، قارِی |
| | عَرَبِيًّا | عَ رَ بِیْ یَنْ | عربی (زبان میں) | ع ر ب | عَرَبی زبان، عَرَبی لِباس، مُلکِ عَرَب، سَعُودِی عَرَب |
| | لَّعَلَّكُمْ | لْ لَ عَلْ لَ کُ مْ | تاکہ تم | | |

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ قف ① اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

الرٰ، یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ① یقیناً ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل فرمایا ہے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعْقِلُوْنَ ② | تَ عْ قِ لُوْ نَ | سمجھو | ع ق ل | عَقل، عاقِل، مَعقُول، عُقَیل |
| ۳ | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | نَقُصُّ | نَ قُصْ صُ | بیان کرتے ہیں | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الاَنبیاء |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا یْ كَ | آپ پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | اَحْسَنَ | اَحْ سَ نَ | بہترین | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسِن، اَحسَنُ الجَزاء |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْقَصَصِ | لْ قَصَ صِ | بیان | ق ص ص | قِصّہ، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | بِمَآ اَوْحَيْنَآ | بِ مَا.. اَوْ حَائِ نَا.. | بذریعہ اپنے وحی کرنے کے | و ح ی | وَحیِ مَتلُو، وَحیِ غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | اِلَيْكَ | اِلَا ئِ کَ | آپ کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | هٰذَا | ہَا ذَ | یہ | | |

تَعْقِلُوْنَ ۝٢ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا

تم سمجھ سکو ② ہم آپ کے سامنے بہترین بیان پیش کرتے ہیں اس وجہ سے کہ ہم نے آپ کی جانب یہ قرآن وحی کے ذریعے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْقُرْاٰنَ ۖق | لْ قُرْ آ نَ | قرآن | ق ر ء | قُرآنِ عَظیم، قِراءت، قارِی |
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | جبکہ یقیناً | | |
| | كُنْتَ | کُنْ تَ | آپ تھے | ك و ن | |
| | مِنْ قَبْلِهٖ | مِنْ قَبْ لِ ہِیْ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝٣ | لَ مِنَ لْ غَا فِ لِیْ نَ | یقیناً بے خبروں میں سے | غ ف ل | غافِل آدمی، نَماز سے غافِل، کھانے پینے سے غافِل |
| ٤ | اِذْ | اِذْ | (یاد کرو) جس وقت | | |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يُوْسُفُ | یُوْ سُ فُ | یوسف نے | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | لِاَبِيْهِ | لِ اَ بِیْ ہِ | اپنے باپ سے: | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | يٰۤاَبَتِ | یَا.. اَ بَ تِ | اے میرے ابا جان! | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |

الْقُرْاٰنَ ۖق وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝٣ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ

نازل کیا ہے اور یقیناً آپ اس سے پہلے بے خبروں میں سے تھے ③ جب کہ یوسف (علیہ السلام) نے اپنے باپ سے ذکر کیا کہ ابا جان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | بے شک میں نے | | |
| | رَاَيْتُ | رَ آ ئِ تُ | دیکھے (خواب میں) | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مَرئی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَحَدَ عَشَرَ | اَ حَ دَ عَ شَ رَ | گیارہ | وح د ع ش ر | وَاحِد، وَحدَانیت، اَحَد سَبعَہ عَشَرَہ قِرأت، عُشر، عَشَرَہ مُبَشَّرَہ |
| | كَوْكَبًا | کَا ؤ کَ بَا ؤں | ستارے | ك وك ب | کَوکَب (ستارہ)، کَواکِب (ستارے) |
| | وَّالشَّمْسَ | وَ ش شَمْ سَ | اور سورج | ش م س | شمس وقمر، شَمسی سال، شَمسی توانائی |
| | وَالْقَمَرَ | وَلْ قَ مَ رَ | اور چاند | ق م ر | شمس وقمر، چودھویں رات کا قمر، قمری مہینہ، اَقمار (قمر کی جمع) |
| | رَاَيْتُهُمْ | رَ آ ئِ تُ ہُمْ | میں نے انہیں دیکھا ہے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مرئی |
| | لِىْ | لِیْ | مجھے | | |
| | سٰجِدِيْنَ ۝٤ | سَا جِ دِیْ نَ | سجدہ کرتے ہوئے | س ج د | سَجدہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدہ گاہ، مَسجِد |

اِنِّىْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِىْ سٰجِدِيْنَ ۝٤

میں نے گیارہ ستاروں کو اور سورج چاند کو دیکھا کہ وہ سب مجھے سجدہ کر رہے ہیں ۝٤

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥ | قَالَ | قَا لَ | اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰبُنَىَّ | یَا بُ نَا ئِیْ یَ | اے میرے پیارے بیٹے! | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، بَنَات، اِبنِ عُمَر |
| | لَا تَقْصُصْ | لَا تَقْ صُ صْ | مت بیان کر | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | رُءْيَاكَ | رُ x یَا کَ | اپنا خواب | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مرئی |
| | عَلٰٓى اِخْوَتِكَ | عَ لَا.. اِخْ وَ تِ کَ | اپنے بھائیوں سے | ء خ و | اُخُوّت پروگرام، مُواخات اُخُوّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | فَيَكِيْدُوْا | فَ یَ کِیْ دُوْ | ورنہ وہ تدبیر کریں گے | ك ی د | کائِد، مَکائِد (مکار) |
| | لَكَ | لَ کَ | تیرے لئے | | |
| | كَيْدًا ؕ | کَا ئِیْ دَا | کوئی (بُری) تدبیر | ك ی د | کائِد، مَکائِد (مکار) |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |

قَالَ يٰبُنَىَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ

یعقوب (علیہ السلام) نے کہا پیارے بچے! اپنے اس خواب کا ذکر اپنے بھائیوں سے نہ کرنا، ایسا نہ ہو کہ وہ تیرے ساتھ کوئی فریب کاری کریں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | الشَّيْطٰنَ | ش شَا ئِ طَا نَ | شیطان | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | لِلْاِنْسَانِ | لِلْ اِنْ سَا نِ | انسان کے لئے | ء ن س | اِنسانی خُلیہ، خوبصورت اِنسان، اِنسانیت، اِنسانی وَقار |
| | عَدُوٌّ | عَ دُ وْ وُ | دشمن ہے | ع د و | عَدُو، عَداوت، عُدوان، تَعَدّی |
| | مُّبِيْنٌ ۵ | م مُ بِيْ ن | کھلا | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ٦ | وَكَذٰلِكَ | وَ کَ ذَا لِ کَ | اور اسی طرح | | کَالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | يَجْتَبِيْكَ | يَ جْ تَ بِيْ کَ | تجھے چنے گا | ج ب ی | مُحَمَّد مُجتبیٰ ﷺ (پسندیدہ) |
| | رَبُّكَ | رَبْ بُ کَ | تیرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | وَيُعَلِّمُكَ | وَ يُ عَلْ لِ مُ کَ | اور وہ تجھے سکھائے گا | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |

الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۞ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ

شیطان تو انسان کا کھلا دشمن ہے ۞ اور اسی طرح تجھے تیرا پروردگار برگزیدہ کرے گا اور تجھے معاملہ فہمی (یا خوابوں کی تعبیر) بھی سکھائے گا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | مِنْ تَاْوِيْلِ | مِنْ تَ x وِيْ لِ | تعبیر کرنا | ء و ل | تاوِیلِ کلام، مُؤَوَّل کلام |
| | الْاَحَادِيْثِ | لْ اَ حَا دِيْ ثِ | باتوں (خوابوں) کی | ح د ث | حَدیث، تَحدیثِ نِعمت، مُحَدِّث |
| | وَيُتِمُّ | وَ يُ تِمْ مُ | اور وہ پوری کرے گا | ت م م | تَمام، تَمَّت بِالخَیر، اِتمامِ حُجَّت |
| | نِعْمَتَهٗ | نِ عْ مَ تَ هُوْ | اپنی نعمت | ن ع م | نِعمت، اِنعام، نِعمَ البَدَل |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ کَ | تجھ پر | | عَلیٰ وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلان |
| | وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ | وَ عَ لَا.. آ لِ يَعْ قُوْ بَ | اور آلِ یعقوب پر | | حضرت یعقوب علیہ السلام کی آل اولاد |
| | كَمَآ | کَ مَا.. | جس طرح | | کَالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | اَتَمَّهَا | اَ تَمْ مَ هَا | اس نے اسے پورا کیا تھا | ت م م | تَمام، تَمَّت بِالخَیر، اِتمامِ حُجَّت |

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا

اور اپنی نعمت تجھے بھرپور عطا فرمائے گا اور یعقوب (علیہ السلام) کے گھر والوں کو بھی، جیسے کہ اس نے اس سے پہلے تیرے دادا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓی اَبَوَیۡكَ | عَ لَا.. اَبَ وَا یۡ کَ | تیرے باپ دادا پر | ء ب و | آباؤاَجداد، اِس کے آباء |
| | مِنۡ قَبۡلُ | مِنۡ قَبۡ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعَام والکَلَام |
| | اِبۡرٰهِیۡمَ | اِبۡ رَا ہِیۡ مَ | (یعنی) ابراہیم | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاِسۡحٰقَ ؕ | وَ اِسۡ حَا قَ | اور اسحاق (پر) | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّ | اِنۡ نَ | بے شک | | |
| | رَبَّكَ | رَبۡ بَ کَ | تیرا رب | ر ب ب | رَبّ، مُربِّی، اَرباب، رَبُّ الاَرض |
| | عَلِیۡمٌ | عَ لِیۡ مٌ | خوب جاننے والا | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | حَکِیۡمٌ ؑ ۶ | حَ کِیۡ مٌ | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حَکیم، حِکمت و دانائی، حُکَماء |
| ۷ | لَقَدۡ | لَ قَ دۡ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | کَانَ | کَ ا نَ | تھیں | ك و ن | |

عَلٰٓی اَبَوَیۡكَ مِنۡ قَبۡلُ اِبۡرٰهِیۡمَ وَاِسۡحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ؑ ۶ لَقَدۡ کَانَ

اور پر دادا یعنی ابراہیم و اسحاق (علیہم السلام) کو بھی بھرپور اپنی نعمت دی، یقیناً تیرا رب بہت بڑے علم والا اور زبردست حکمت والا ہے ۶ یقیناً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِیۡ یُوۡسُفَ | فِیۡ یُوۡ سُ فَ | یوسف | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاِخۡوَتِهٖۤ | وَ اِخۡ وَ تِ ہِیۡ.. | اور اس کے بھائیوں (کے واقعے) میں | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُؤاخات، اُخُوَّت، اَخوَانُ المُسلِمِین |
| | اٰیٰتٌ | آ یَا تٌ | بڑی نشانیاں | ء ی ی | آیَت (نشانی/واحد)، آیَات (جمع) |
| | لِّلسَّآئِلِیۡنَ ۷ | لِ لِس سَا... ءِ لِیۡ نَ | سوال کرنے والوں کے لئے | س ء ل | سَائِل، سَائِلِین، مَسَائِل، مَسئَلَہ |
| ۸ | اِذۡ | اِ ذۡ | جب | | |
| | قَالُوۡا | قَا لُوۡ | انہوں نے (آپس میں) کہا: | ق و ل | قَول و قَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولَہ |
| | لَیُوۡسُفُ | لَ یُوۡ سُ فُ | بلاشبہ یوسف | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاَخُوۡهُ | وَ اَ خُوۡ ہُ | اور اس کا بھائی (بنیامین) | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُؤاخات، اُخُوَّت، اَخوَانُ المُسلِمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَحَبُّ | اَحَب بُ | زیادہ پیارے ہیں | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحبّت |

فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۞ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ

یوسف (علیہ السلام) اور اسکے بھائیوں میں دریافت کرنے والوں کیلئے (بڑی) نشانیاں ہیں ⑦ جبکہ انہوں نے کہا کہ یوسف (علیہ السلام) اور اسکا بھائی بہ نسبت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰٓى اَبِيْنَا | اِلَا .. اَبِیْ نَا | ہمارے باپ کو | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | مِنَّا | مِن نَا | ہم سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | وَنَحْنُ | وَ نَ حْ نُ | حالانکہ ہم | | |
| | عُصْبَةٌ | عُ صْ بَ ہْ | ایک طاقتور جماعت ہیں | ع ص ب | |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | اَبَانَا | اَ بَا نَا | ہمارا باپ | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | لَفِيْ | لَ فِیْ | یقیناً میں ہے | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | ضَلٰلٍ | ضَ لَا لِ | غلطی | ض ل ل | ضَلالَت (گمراہی)، ضَلالَت و گُمراہی |
| | مُّبِيْنِ ۞ | م مُ بِیْ ن | واضح | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ۹ | اِقْتُلُوْا | اُقْ تُ لُوْ | تم قتل کر دو | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتُول، مَقتَل |
| | يُوْسُفَ | یُوْ سُ فَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |

اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۞ اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ

ہمارے، باپ کو بہت زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم (طاقتور) جماعت ہیں، کوئی شک نہیں کہ ہمارے ابّا صریح غلطی میں ہیں ⑧ یوسف (علیہ السلام) کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوِاطْرَحُوْهُ | اَوِ طْ رَ حُوْ هُ | یا اسے پھینک دو | ط ر ح | |
| | اَرْضًا | اَ رْ ضَا ئِنْ | کسی زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | يَّخْلُ | یَ خْ لُ | (کہ) خالی ہو جائے گا | خ ل و | خَلوَت، خَالی ہونا، خَلاء |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَجْهُ | وَ جْ هُ | چہرہ | و ج ہ | وَجْهٌ (چہرہ)، وُجُوہ، جِہت، تَوَجُّہ |
| | اَبِيْكُمْ | اَ بِیْ کُ مْ | تمہارے باپ کا | ء ب و | آباوَاَجداد، اِس کے آباء |
| | وَتَكُوْنُوْا | وَ تَ کُوْ نُوْ | اور تم ہوجانا | ك و ن | |
| | مِنْۢ بَعْدِهٖ | مِمْ بَ عْ دِ ہِیْ | اس کے بعد | ب ع د | بَعداَزنَماز، بَعداَزَاں، بَعداَزظُہر |
| | قَوْمًا | قَا وْ مَنْ | لوگ | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | صٰلِحِيْنَ ۝٩ | صَا لِ حِیْ نَ | نیک | ص ل ح | صَالِحِین، صُلحاء، مُصَالحَت |

اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝٩

تو مار ہی ڈالو یا اسے کسی (نامعلوم) جگہ پھینک دو کہ تمہارے والد کا رخ صرف تمہاری طرف ہی ہو جائے، اس کے بعد تم نیک ہو جانا ۝٩

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٠ | قَالَ | قَا لَ | کہا | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | قَآئِلٌ | قَا...ءِ لُ | ایک کہنے والے نے | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ ہُمْ | ان میں سے: | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | لَا تَقْتُلُوْا | لَا تَقْ تُ لُوْ | تم قتل نہ کرو | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتُول، مَقتَل |
| | يُوْسُفَ | یُوْ سُ فَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاَلْقُوْهُ | وَ اَلْ قُوْ هُ | اور تم اسے ڈال دو | ل ق ی | اِلقَاء ہونا، اِلقَاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فِيْ غَيٰبَتِ | فِیْ غَ یَا بَ تِ | تاریک تہ (گہرائی) میں | غ ی ب | |
| | الْجُبِّ | لْ جُبْ بِ | کنوئیں کی | ج ب ب | |
| | يَلْتَقِطْهُ | یَلْ تَ قِ طْ هُ | کہ اسے اُٹھا لے جائے | ل ق ط | |
| | بَعْضُ | بَ عْ ضُ | (راہ چلتے قافلے کا) کوئی | ب ع ض | بَعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضُ اَشیَاء |

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ

ان میں سے ایک نے کہا یوسف کو قتل تو نہ کرو بلکہ اسے کسی اندھے کنوئیں (کی تہ) میں ڈال آؤ کہ اسے کوئی (آتا جاتا) قافلہ اٹھا لے جائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | السَّيَّارَةِ | س سَا ئِ يَا رَ ةِ | مسافر | س ی ر | سیر و تفریح، صُبح کی سیر، خلائی سیّارہ |
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ کُنْ تُمْ | اگر تم ہو | ك و ن | |
| | فٰعِلِيْنَ ⑩ | فَا عِ لِيْ نَ | کرنے والے ہی | ف ع ل | فِعل، فَاعِل، مَفعُول، اَفعَال |
| ۱۱ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | يٰٓاَبَانَا | يَا.. آ بَا نَا | اے ہمارے ابا جان! | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | مَا لَكَ | مَا لَ كَ | آپ کو کیا ہے | | |
| | لَا تَاْمَنَّا | لَا تَ x مَن نَا | (کہ) آپ ہمیں امین نہیں سمجھتے | ء م ن | اَمانت و دیانت، اَمِین، اَمانت دار |
| | عَلٰى يُوْسُفَ | عَ لَا يُوْ سُ فَ | یوسف پر | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | حالانکہ بلاشبہ ہم | | |

السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ⑩ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا

اگر تمہیں کرنا ہی ہے تو یوں کرو ⑩ انہوں نے کہا ابا! آخر آپ یوسف (علیہ السلام) کے بارے میں ہم پر اعتبار کیوں نہیں کرتے ہم تو اسکے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے | | |
| | لَنٰصِحُوْنَ ⑪ | لَ نَا صِ حُوْ نَ | یقیناً خیرخواہ ہیں؟ | ن ص ح | نَصِیحت کرنا، نَاصِح، نَصَائِح |
| ۱۲ | اَرْسِلْهُ | اَرْ سِلْ هُ | آپ اسے بھیجیں | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مَعَنَا | مَ عَ نَا | ہمارے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیّت، اسکی مَعِیّت میں |
| | غَدًا | غَ دَا ئِنْ | کل | غ د و | |
| | يَّرْتَعْ | يَ رْ تَ عْ | کہ وہ (خوب) کھائے | ر ت ع | |
| | وَيَلْعَبْ | وَ يَلْ عَ بْ | اور کھیلے کودے | ل ع ب | لَہو و لَعِب، مَلاعِب (کھیل) |
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور یقیناً ہم | | |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کی | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَحٰفِظُوۡنَ ﴿۱۲﴾ | لَ حَا فِ ظُوۡ ن | ضرور حفاظت کرنے والے ہیں | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| ۱۳ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اِنِّیۡ | اِن نِیۡ | بے شک میں | | |

لَهٗ لَنٰصِحُوۡنَ ﴿۱۱﴾ اَرۡسِلۡهُ مَعَنَا غَدًا يَّرۡتَعۡ وَيَلۡعَبۡ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّیۡ

خیر خواہ ہیں ﴿۱۱﴾ کل آپ اسے ضرور ہمارے ساتھ بھیج دیجئے کہ خوب کھائے پیئے اور کھیلے، اسکی حفاظت کے ہم ذمہ دار ہیں ﴿۱۲﴾ (یعقوب علیہ السلام نے) کہا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَيَحۡزُنُنِیۡۤ | لَ یَ حۡ زُ نُ نِیۡ.. | یقیناً مجھے غمگین کرتی ہے | ح ز ن | حُزن وملال، عَامُ الحُزن، غَم وحُزن |
| | اَنۡ | اَنۡ | یہ بات کہ | | |
| | تَذۡهَبُوۡا بِهٖ | تَ ذۡ هَ بُوۡ بِ هِیۡ | تم اسے لے جاؤ | ذ ھ ب | ذَاھِب (جانے والا)، مَذہَبِیَّت، ذَہَاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاھِب |
| | وَاَخَافُ | وَ اَ خَا فُ | اور میں ڈرتا ہوں | خ و ف | خَوف، خَائِف، مَخَافَۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | اَنۡ | آ ئِیۡں | اس سے کہ | | |
| | يَّاۡكُلَهُ | یَ x کُ لَ هُ | اسے کھا جائے | ء ك ل | اَکلِ حلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |
| | الذِّئۡبُ | ذِ ذِ x بُ | بھیڑیا | ذ ء ب | |
| | وَاَنۡتُمۡ تَذۡهَبُوۡا | وَ اَنۡ تُمۡ | اس حال میں کہ تم | | |
| | عَنۡهُ | عَنۡ هُ | اس سے | | |
| | غٰفِلُوۡنَ ﴿۱۳﴾ | غَا فِ لُوۡ ن | غافل ہو | غ ف ل | غَافِل آدمی، نماز سے غَافِل، کھانے پینے سے غَافِل |

لَيَحۡزُنُنِیۡۤ اَنۡ تَذۡهَبُوۡا بِهٖ وَاَخَافُ اَنۡ يَّاۡكُلَهُ الذِّئۡبُ وَاَنۡتُمۡ عَنۡهُ غٰفِلُوۡنَ ﴿۱۳﴾

اسے تمہارا لے جانا مجھے تو سخت صدمہ دے گا اور مجھے یہ بھی کھٹکا لگا رہے گا کہ تمہاری غفلت میں اسے بھیڑیا کھا جائے ﴿۱۳﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴ | قَالُوۡا | قَ ا لُوۡ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرَار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | لَئِنۡ | لَ ءِ نۡ | یقیناً اگر | | اِن شَاءَ اللہ |
| | اَكَلَهُ | اَ کَ لَ هُ | اسے کھا جائے | ء ك ل | اَکلِ حلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الذِّئْبُ | ذ ذِ x بُ | بھیڑیا | ذ ء ب | |
| | وَنَحْنُ | وَ نَ حْ نُ | جبکہ ہم | | |
| | عُصْبَةٌ | عُ صْ بَ تُنْ | ایک طاقتور جماعت ہیں | ع ص ب | |
| | اِنَّآ | اِن نَا.. | بلاشبہ ہم | | |
| | اِذًا | اِ ذَنْ | اس وقت | | |
| | لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ | ل لَ خَا سِ رُوْ ن | یقیناً خسارہ پانے والے ہونگے | خ س ر | خَسارہ اُٹھانے والا، خَائِب وخَاسِر |
| ۱۵ | فَلَمَّا | فَ لَم مَا | پھر جب | | |
| | ذَهَبُوْا بِهٖ | ذَ ہَ بُوْ بِ ہِیْ | وہ اس کو لے گئے | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیَّت، ذَہَاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ

انہوں نے جواب دیا کہ ہم جیسے (زورآور) جماعت کی موجودگی میں اگر اسے بھیڑیا کھا جائے تو ہم بالکل نکمّے ہی ہوئے ﴿۱۴﴾ پھر جب اسے لے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَجْمَعُوْٓا | وَ اَ جْ مَ عُوْ.. | اور انہوں نے عزم کر لیا | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| | اَنْ | آ ئیں | یہ کہ | | |
| | يَّجْعَلُوْهُ | یَ جْ عَ لُوْ ہ | وہ اسے ڈال دیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقَابلہ، جَعلی کا غذات |
| | فِيْ | فِیْ | میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | غَيٰبَتِ | غَ يَا بَ تِ | تاریک تہہ (گہرائی) | غ ی ب | |
| | الْجُبِّ ج | لْ جُب بِ | کنوئیں کی | ج ب ب | |
| | وَاَوْحَيْنَآ | وَ آ وْ حَا یِْ نَا.. | اور ہم نے وحی کی | و ح ی | تِلاوَت، وَحی مَتلو، وَحی غَیر مَتلو |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا یِْ ہِ | اس (یوسف) کی طرف | | رُجُوع اِلَی الله، مُرسَل اِلَیہ |
| | لَتُنَبِّئَنَّهُمْ | لَ تُ نَب بِ ءَن نَ ہُمْ | کہ یقیناً تو انہیں ضرور خبر دے گا | ن ب ء | نَبی، اَنْبِیَاء، خَتمِ نُبوت، اَنْبَاء (سعودی چینل) |
| | بِاَمْرِهِمْ | بِ اَمْ رِ ہِمْ | اس کام کی | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، اَمر بِالمَعرُوف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَاَجۡمَعُوۡۤا اَنۡ يَّجۡعَلُوۡهُ فِىۡ غَيٰبَتِ الۡجُبِّ ۚ وَاَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمۡ بِاَمۡرِهِمۡ

چلے اور سب نے مل کر ٹھان لیا کہ اسے غیر آباد گہرے کنوئیں کی تہ میں پھینک دیں، ہم نے یوسف (علیہ السلام) کی طرف وحی کی کہ یقیناً (وقت آرہا ہے کہ) تو انہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰذَا | ہَا ذَا | ان کے | | |
| | وَهُمۡ | وَ ہُمۡ | جبکہ وہ | | |
| | لَا يَشۡعُرُوۡنَ ⑮ | لَا یَشۡ عُ رُوۡن | نہیں سمجھتے ہوں گے | ش ع ر | شُعُوری طور پر، لاشُعُوری طور پر |
| ١٦ | وَجَآءُوۡ | وَجَا... ءُوۡ.. | اور وہ آئے | ج ی ء | |
| | اَبَاهُمۡ | اَ بَا ہُمۡ | اپنے باپ کے پاس | ء ب و | آباوَاَجداد، اِس کے آباء |
| | عِشَآءً | عِ شَا... آ ئِن | عشاء کے وقت | ع ش ی | عِشَائیہ، نمازِ عِشاء، وقتِ عِشاء |
| | يَّبۡكُوۡنَ ؕ⑯ | یَبۡ کُوۡن | روتے ہوئے | ب ك ی | مَیّت پر آہ و بُکا، مَظلُوم کی آہ و بُکا |
| ١٧ | قَالُوۡا | قَا لُوۡ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | يٰۤاَبَانَا | یَا.. اَ بَا نَا.. | اے ہمارے ابا جان! | ء ب و | آباوَاَجداد، اِس کے آباء |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک | | |

هٰذَا وَهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ⑮ وَجَآءُوۡۤ اَبَاهُمۡ عِشَآءً يَّبۡكُوۡنَ ؕ⑯ قَالُوۡا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّا

اس ماجرا کی خبر اس حال میں دیگا کہ وہ جانتے ہی نہ ہوں ⑮ اور عشاء کے وقت (وہ سب) اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے پہنچے ⑯ اور کہنے لگے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذَهَبۡنَا | ذَ ہَبۡ نَا | ہم گئے | ذ ھ ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیّت، ذَہاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |
| | نَسۡتَبِقُ | نَسۡ تَ بِ قُ | (اور) دوڑ کا مقابلہ کرنے لگے | س ب ق | سَابِق، مَسبُوق، سَبقَتِ لِسَانی، سَبقَت لیجانا، مُسَابَقَت |
| | وَتَرَكۡنَا | وَ تَ رَکۡ نَا | اور ہم نے چھوڑ دیا | ت ر ك | تَرک، تَارِک، مَترُوک، تَرکَہ |
| | يُوۡسُفَ | یُوۡ سُ فَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | عِنۡدَ | عِنۡ دَ | پاس | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں، عِندَالطَّلَب |
| | مَتَاعِنَا | مَ تَا عِ نَا | اپنے سامان کے | م ت ع | مَتَاعِ کارواں، مَتَاعِ عَزِیز، تَمَتُّع (فائدہ اٹھانا)، حَجِّ تَمَتُّع |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَكَلَهُ | فَ اَ كَ لَ هُ | تو اسے کھا گیا | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | الذِّئْبُ ج | ذِ ءْ x بُ | بھیڑیا | ذ ء ب | اَلذِّئْبُ (بھیڑیا/خونخوار درندہ) |
| | وَمَآ اَنْتَ | وَ مَا.. اَنْ تَ | اور آپ نہیں | | |

ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ج وَمَآ اَنْتَ

کہ ابا جان ہم تو آپس میں دوڑ میں لگ گئے اور یوسف (علیہ السلام) کو ہم نے اسباب کے پاس چھوڑا پس اسے بھیڑیا کھا گیا، آپ تو ہماری بات

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمُؤْمِنٍ | بِ مُ ءْ x مِ نِنْ | یقین کرنے والے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | لَّنَا | لْ لَ نَا | ہماری بات کا | | |
| | وَلَوْ | وَ لَ وْ | اگرچہ | | |
| | كُنَّا | كُنْ نَا | ہم ہیں | ك و ن | |
| | صٰدِقِيْنَ ⑰ | صَا دِ قِیْ نَ | سچے (ہی) | ص د ق | صادق، صدیق، مُصدِّق، صِدق |
| ١٨ | وَجَآءُوْ | وَ جَا... ءُ وْ | اور وہ (لگا) لائے | ج ی ء | |
| | عَلٰى قَمِيْصِهٖ | عَ لَا قَ مِیْ صِ هِیْ | اس کی قمیص پر | ق م ص | قَمِیص اُتارنا (کُرتا اُتارنا) |
| | بِدَمٍ | بِ دَ مِنْ | خون | د م و | دَمِ مسفوح، دَمِ حلال وحرام عُمرہ وحج میں دَم |
| | كَذِبٍ ط | كَ ذِ بْ | جھوٹا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (جھوٹے نبی کا نام) |
| | قَالَ | قَا لَ | اس (یعقوب) نے کہا: حقیقت یہ نہیں | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |

بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ⑰ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ط قَالَ بَلْ

نہیں مانیں گے، گو ہم بالکل سچے ہی ہوں ⑰ اور یوسف کے کرتے کو جھوٹ موٹ کے خون سے خون آلود بھی کر لائے تھے، باپ نے کہا یوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَوَّلَتْ | سَا وْ وَ لَتْ | خوبصورت بنادی ہے | س و ل | |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْفُسُكُمْ | اَنْ فُ سُ کُ مْ | تمہارے دلوں نے | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسانَفسی، تَنفّس |
| | اَمْرًا ؕ | اَمْ رَا | ایک بات | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بالمعرُوف |
| | فَصَبْرٌ | فَ صَبْ رُنْ | اب صبر ہی | ص ب ر | صَبر، صَابر، صَبُور، صَابرین |
| | جَمِيْلٌ ؕ | جَ مِیْ لْ | بہتر ہے | ج م ل | جَمَالِ مُصطفٰی ﷺ، حَسِین وجَمِیل، اَجمَل |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَاہُ | اوراللہ (ہی سے) | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الْمُسْتَعَانُ | لْ مُسْ تَ عَانُ | مدد طلب کی جاتی ہے | ع و ن | اِستِعَانَت، اِعَانَت، مُعَاوَنَت |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | اس پر جو | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم<br>مَاشَاءَاللہ، مَافَوقَ الفِطرَت، مَاتحت |
| | تَصِفُوْنَ ۝١٨ | تَ صِ فُوْنَ | تم بیان کرتے ہو | و ص ف | وَصف، اَوصَاف، تَوصِیف |

سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝١٨

نہیں، بلکہ تم نے اپنے دل ہی سے ایک بات بنالی ہے، پس صبر ہی بہتر ہے، اور تمہاری بنائی ہوئی باتوں پر اللہ تعالیٰ ہی سے مدد کی طلب ہے ۝١٨

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٩ | وَجَآءَتْ | وَجَا ... ءَتْ | اور آیا | ج ی ء | |
| | سَيَّارَةٌ | سَائِ یَا رَتُنْ | ایک قافلہ | س ی ر | سَیروتَفرِیح، صُبح کی سَیر، خَلائی سَیّارہ |
| | فَاَرْسَلُوْا | فَ اَرْ سَ لُوْ | توانہوں نے بھیجا | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَارِدَهُمْ | وَارِدَ ہُمْ | اپنا پانی لانے والا | و ر د | وَارِد ہونا، وُرُودِ مَسعُود (تشریف لانا) |
| | فَاَدْلٰى | فَ اَدْ لَا | تواس نے لٹکایا | د ل و | |
| | دَلْوَهٗ ؕ | دَلْ وَہٗ | اپنا ڈول | د ل و | |
| | قَالَ | قَالَ | (تو) اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | يٰبُشْرٰى | یَا بُشْ رَا | واہ خوشخبری ہے! | ب ش ر | بَشَارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | هٰذَا | ہَاذَا | یہ (تو) | | |
| | غُلٰمٌ ؕ | غُ لَامْ | لڑکا ہے | غ ل م | غُلَام، غِلمَان، غُلَام علی (نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ

اور ایک قافلہ آیا اور انہوں نے اپنے پانی لانے والے کو بھیجا اس نے اپنا ڈول لٹکا دیا، کہنے لگا واہ واہ خوشی کی بات ہے یہ تو ایک لڑکا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَسَرُّوْهُ | وَ اَ سَ رُ رُ وْ هُ | اور انہوں نے اسے چھپالیا | س ر ر | سِرّی نماز، پُراَسرار، اَسرار و رُموز |
| | بِضَاعَةً ؕ | بِ ضَا عَ ةً | پونجی سمجھ کر | ب ض ع | |
| | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلِيْمٌۢ | عَ لِ يْ مُمْ | خوب جانتا تھا | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | بِمَا | بِ مَا | اسے جو | | مَاحَول، مَافوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ | يَ عْ مَ لُوْ نَ | وہ کررہے تھے | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ٢٠ | وَشَرَوْهُ | وَ شَ رَ وْ هُ | اور انہوں نے اسے بیچ ڈالا | ش ر ی | بَیع و شِراء، مُشتری ہوشیار باش |
| | بِثَمَنٍۢ | بِ ثَ مَ نِمْ | قیمت | ث م ن | ثَمَنِ قَلیل، ثَمِین، ثَمِینَہ (نام) |
| | بَخْسٍ | بَ خْ سِنْ | معمولی میں | ب خ س | |

وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ

انہوں نے اسے مال تجارت قرار دے کر چھپا دیا اور اللہ تعالیٰ اس سے باخبر تھا جو وہ کررہے تھے ﴿١٩﴾ اور انہوں نے اسے بہت ہی ہلکی قیمت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | دَرَاهِمَ | دَ رَا هِ مَ | درہموں میں | د ر ھ م | دِرہَم و دِینَار، دَرَاہِم و دَنَانِیر |
| | مَعْدُوْدَةٍ ۚ | مَ عْ دُوْ دَ ةٍ | (یعنی) گنتی کے چند | ع د د | عَدد، اَعدَاد، مَعدُود، اَعدَاد و شُمار |
| | وَكَانُوْا | وَ كَا نُوْ | اور وہ تھے | ك و ن | |
| | فِيْهِ | فِيْ هِ | اس کے متعلق | | فِی الْحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ ع | مِنَ زْ زَا هِ دِ يْنَ | بے رغبت اور بیزار | ز ھ د | زُہد و تَقویٰ، زَاہِد و عَابِد، زُہّاد |
| ٢١ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا | ق و ل | قَول و قَرَار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولَہ |
| | الَّذِى | ل لَ ذِيْ | اس شخص نے جس نے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اشْتَرٰىهُ | شْ تَ رَا هُ | خریدا تھا اس (یوسف) کو | ش ر ی | بَیع و شراء، مُشتری ہوشیار باش |

**دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ**

پر گنتی کے چند درہموں پر ہی بیچ ڈالا، وہ تو یوسف (علیہ السلام) کے بارے میں بہت ہی بے رغبت تھے ⑳ مصر والوں میں سے جس نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ مِّصْرَ | مِمْ مِصْ رَ | مصر میں | | مُلکِ مصر، عزیزِ مصر، کوزہ مصری |
| | لِامْرَاَتِهٖٓ | لِمْ رَ اَ تِ ہِیْ.. | اپنی بیوی سے: | م ر ء | |
| | اَكْرِمِىْ | اَکْ رِ مِیْ | تو اچھا کر | ك ر م | کَرِیم، اَکرم، مُکرَّم، تکریم |
| | مَثْوٰىهُ | مَ ثْ وَا هُ | اس کا ٹھکانہ | ث و ی | |
| | عَسٰٓى | عَ سَا.. | اُمید ہے | | |
| | اَنْ يَّنْفَعَنَآ | اَ ئِیْں یَنْ فَ عَ نَا.. | کہ وہ ہمیں نفع دے | ن ف ع | نَفع، مُنافع، مَنفعت |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | نَتَّخِذَهٗ | نَتْ تَ خِ ذَ هُوْ | (یہ کہ) ہم اس کو بنالیں | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، ماخذ، ماخوذ، مُواخذہ کرنا۔ |
| | وَلَدًا ؕ | وَ لَ دَا | بیٹا | و ل د | وَالِد، وَلَد، مَولُود، اَولاد |

**مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ**

اسے خریدا تھا اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ اسے بہت عزت واحترام کے ساتھ رکھو، بہت ممکن ہے کہ یہ ہمیں فائدہ پہنچائے یا اسے ہم اپنا بیٹا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَذٰلِكَ | وَ كَ ذَا لِ كَ | اور اسی طرح | | |
| | مَكَّنَّا | مَ كْ كَنْ نَا | ہم نے قوت (جگہ) دی | ك و ن | تمکین، اِمکان، باتمکین، مُتمکّن |
| | لِيُوْسُفَ | لِ يُوْ سُ فَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فِى الْاَرْضِ ۚ | فِلْ اَرْ ضِ | اس زمین (مصر) میں | ء ر ض | ارض وسماء، اراضی، کُرۂ ارض |
| | وَلِنُعَلِّمَهٗ | وَ لِ نُ عَلْ لِ مَ هُوْ | اور تاکہ ہم اسے سکھائیں | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، معلوم، علّامہ |
| | مِنْ تَاْوِيْلِ | مِنْ تَ x وِیْ لِ | تعبیر کرنا | ء و ل | تاویلِ کلام، مُؤوّل کلام، تفسیر و تاویل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَحَادِيْثِ ؕ | لْ اَحَا دِ يْث | باتوں (خوابوں) کی | ح د ث | حَدِیثِ دِل،تَحدِیثِ نِعمت،مُحَدّث |

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ

ہی بنا لیں، یوں ہم نے مصر کی سرزمین میں یوسف (علیہ السلام) کا قدم جما دیا، کہ ہم اسے خواب کی تعبیر کا کچھ علم سکھا دیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہہ،اِلٰہُ العالمین |
| | غَالِبٌ | غَا لِ بُنْ | غالب ہے | غ ل ب | غَالِب اِمکان،غَلبہ،مَغلُوب |
| | عَلٰٓى اَمْرِهٖ | عَ لَا.. اَمْ رِ ہِیْ | اپنے (ہر) کام پر | ء م ر | اَمر،اُمُور،آمِر،امر بِالمعرُوف |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا کِنْ نَ | اور لیکن | | |
| | اَكْثَرَ | اَ کْ ثَ رَ | اکثر | ك ث ر | خیر کَثِیر،کَثرت،اَکثر،کَثِیر لوگ |
| | النَّاسِ | نْ نَا سِ | لوگ | ن و س | خَیرُ النّاس،عامّۃُ النّاس،عوامُ النّاس |
| | لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢١﴾ | لَا یَ عْ لَ مُوْ نَ | نہیں جانتے | ع ل م | عِلم،تَعلِیم،مُعَلِّم،مَعلُوم،عَلّامہ |
| ٢٢ | وَلَمَّا | وَ لَمْ مَا | اور جب | | |
| | بَلَغَ | بَ لَ غَ | وہ (یوسف) پہنچا | ب ل غ | بَالِغ،بُلُوغَت،اَبلاغِ عامہ،مُبلّغ |

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا بَلَغَ

اللہ تعالیٰ اپنے ارادے پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ بے علم ہوتے ہیں ﴿٢١﴾ اور جب (یوسف علیہ السلام) پختگی کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَشُدَّهٗٓ | اَ شُدْ دَ ہُوْ.. | اپنی بھرپور جوانی کو | ش د د | شَدِید،شِدّت،اَشد ضروری |
| | اٰتَيْنٰهُ | آ تَا ئِ نَا ہُ | تو ہم نے اسے دیا | ء ت ی | |
| | حُكْمًا | حُ كْ مَا ؤں | عظیم حکم | ح ك م | حَاکِم،مَحکمۂ عدل،حَکَم،حُکّام |
| | وَّعِلْمًا ؕ | وَ عِ لْ مَا | اور عظیم علم | ع ل م | عِلم،تَعلِیم،مُعَلِّم،مَعلُوم،عَلّامہ |
| | وَكَذٰلِكَ | وَ كَ ذَا لِ كَ | اور اسی طرح | | کَالعدم،کَمَاحَقُّہٗ |
| | نَجْزِى | نَ جْ زِ | ہم جزا دیتے ہیں | ج ز ی | جزا و سزا،جزائے خیر،جزاکَ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ | لُ مُ حْ سِ نِيْ نَ | نیکی کرنے والوں کو | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| ٢٣ | وَرَاوَدَتْهُ | وَ رَا وَ دَتْ هُ | اور اسے پھسلایا | ر و د | پُختہ ارادہ، مُرید صادِق، مُرادِ رسُول |
| | الَّتِيْ | ل لَ تِيْ | اس عورت نے کہ | | |

اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ

عمر کو پہنچ گئے ہم نے اسے قوت فیصلہ اور علم دیا، ہم نیک کاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿٢٢﴾ اس عورت نے جس کے گھر میں یوسف (علیہ السلام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُوَ | هُ وَ | وہ (یوسف تھا) | | |
| | فِيْ بَيْتِهَا | فِيْ بَ ئِيْ تِ هَا | اُس کے گھر میں | ب ی ت | بَیتُ المَعمُور، بیتِ ارقم، بیتُ اللہ |
| | عَنْ نَّفْسِهٖ | عَنْ نَفْ سِ هِيْ | اُس کے نفس سے | ن ف س | نفس، اَنفُس، نفسانفسی، مُتنفّس |
| | وَغَلَّقَتِ | وَ غَلْ لَ قَ تِ | اور اُس عورت نے اچھی طرح بند کر دیئے | غ ل ق | |
| | الْاَبْوَابَ | لْ اَبْ وَا بَ | سب دروازے | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ ارقم |
| | وَقَالَتْ | وَ قَا لَتْ | اور کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | هَيْتَ لَكَ ۭ | هَا ئِيْ تَ لَ كَ | لو آجاؤ | | |
| | قَالَ | قَا لَ | اس (یوسف) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | مَعَاذَ | مَ عَا ذَ | پناہ! | ع و ذ | تعوّذ، معاذ اللہ، تعویذ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |

هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۭ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ

تھے، یوسف (علیہ السلام) کو بہلانا پھسلانا شروع کیا کہ وہ اپنے نفس کی نگرانی چھوڑ دے اور دروازے بند کر کے کہنے لگی لو آجاؤ، یوسف (علیہ السلام) نے کہا اللہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهٗ | اِنْ نَ هُوْ | تحقیق وہ (عزیز مصر) | | |
| | رَبِّيْٓ | رَبْ بِيْ.. | میرا آقا ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | اَحْسَنَ | اَحْ سَ نَ | اس نے اچھا کیا | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَثْوَایَ ط | مَ ثْ وَا یَ | میرا ٹھکانہ | ث و ی | |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک شان یہ ہے | | |
| | لَا یُفْلِحُ | لَا یُفْ لِ حُ | فلاح نہیں پاتے | ف ل ح | فلَاح و بَہبود، حَیَّ عَلَی الفَلَاح |
| | الظّٰلِمُوْنَ ۲۳ | ظ ظَا لِ مُوْنَ | ظالم لوگ | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| ۲۴ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | هَمَّتْ | هَم مَتْ | اُس عورت نے ارادہ کیا | ه م م | اِہتِمَام کرنا، اَمرِ ہَام، اِعلَانِ ہَام |
| | بِهٖ ج | بِ هِیْ | اُس (یوسف) کا | | |
| | وَهَمَّ | وَ هَم مَ | اور وہ (بھی) ارادہ کرلیتا | ه م م | اِہتِمَام کرنا، اَمرِ ہَام، اِعلَانِ ہَام |

اِنَّهٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ط اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۲۳ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ج وَهَمَّ

کی پناہ! وہ میرا رب ہے، مجھے اس نے بہت اچھی طرح رکھا ہے، بے انصافی کرنے والوں کا بھلا نہیں ہوتا ۲۳ اس عورت نے یوسف (علیہ السلام) کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهَا | بِ هَا | اس کا | | |
| | لَوْلَآ | لَوْ لَا | اگر نہ ہوتی | | |
| | اَنْ رَّاٰ | اَ رْ رَآ | یہ بات کہ اُس (یوسف) نے دیکھ لی | ر ء ی | رِیَا، رُؤیَا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | بُرْهَانَ | بُ رْ هَا نَ | واضح دلیل | ب ر ه | بُرہَان (دلیل)، بَرَاہِینِ قَاطِعَہ |
| | رَبِّهٖ ط | رَب بِ هِیْ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح (اسے دلیل دکھائی) | | |
| | لِنَصْرِفَ | لِ نَصْ رِ فَ | تاکہ ہم پھیر دیں | ص ر ف | صَرفِ نَظَر، مَصَارِفِ زکوٰۃ، مَصرُوف و مَشغُول، مَصرَف |
| | عَنْهُ | عَنْ هُ | اس سے | | |
| | السُّوْٓءَ | س سُوْ...ءَ | بُرائی | س و ء | عُلَمَاءِ سُوء، اَخلَاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | وَالْفَحْشَآءَ ط | وَلْ فَ حْ شَا...ءَ | اور بے حیائی | ف ح ش | فُحش کلامی، فَوَاحِش، فَاحِشَہ، فَحَاشی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ

طرف کا قصد کیا اور یوسف (علیہ السلام) اس کا قصد کرتے اگر وہ اپنے پروردگار کی دلیل نہ دیکھتے، یونہی ہوا اس واسطے کہ ہم اس سے بُرائی اور بے حیائی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بے شک وہ (یوسف) | | |
| | مِنْ عِبَادِنَا | مِنْ عِ بَا دِ نَ | ہمارے بندوں میں سے تھا | ع ب د | عَبد، عِبَادت، عابِد، عِبَادُ اللہ |
| | الْمُخْلَصِيْنَ ۝۲۴ | لْ مُ خْ لَ صِیْ ن | خالص کئے ہوئے | خ ل ص | خَالِص، خُلاصہ، مُخلِص، اِخلاص |
| ۲۵ | وَاسْتَبَقَا | وَسْ تَ بَ قَ | اور وہ دونوں دوڑے | س ب ق | سَابِق، مَسبُوق، سَبقت لِسانی، سَبقت لیجانا |
| | الْبَابَ | لْ بَا بَ | دروازے کو | ب و ب | بابِ رَحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| | وَقَدَّتْ | وَ قَدْ دَتْ | اور اُس (عورت) نے پھاڑ دی | ق د د | |
| | قَمِيْصَهٗ | قَ مِیْ صَ ہُوْ | اُس (یوسف) کی قمیص | ق م ص | قَمِیص (کُرتا) |
| | مِنْ دُبُرٍ | مِنْ دُ بُ رِیْ اُوْں | پیچھے سے | د ب ر | دُبرِ صَلوٰۃ، مُدبِر، اَدبار |
| | وَّ اَلْفَيَا | وَ اَلْ فَ یَا | اور دونوں نے پایا | ء ل ف | |

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝۲۴ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّ اَلْفَيَا

دور کر دیں، بیشک وہ ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھا ۝۲۴ دونوں دروازے کی طرف دوڑے اور اس عورت نے یوسف (علیہ السلام) کا کُرتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَيِّدَهَا | سَ ئِیْ یِ دَ ہَا | اس کے (سردار) خاوند کو | س و د | سَیّد سَادات، سَیّد فیملی، سَیّدہ فاطمہؓ |
| | لَدَا | لَ دَ | نزدیک | | |
| | الْبَابِ ؕ | لْ بَا ب | دروازے کے | ب و ب | بابِ رَحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| | قَالَتْ | قَا لَ تْ | اُس عورت نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | مَا جَزَآءُ | مَا جَ زَا ... ءُ | کیا سزا ہے | ج ز ء | جَزَائے خیر، جَزَاکُمُ اللہ |
| | مَنْ | مَنْ | اس کی جس نے | | |
| | اَرَادَ | اَ رَا دَ | ارادہ کیا | ر و د | پُختہ اِرادہ، مُرِید صادِق، مُرادِ رَسول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَهْلِكَ | بِ اَہْ لِ کَ | تیری بیوی کے ساتھ | ء ہ ل | اَہل وعیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بیت |
| | سُوْٓءًا | سُوْ...ءَ نْ | بُرائی کا؟ | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | سوائے | | اِلَّاماشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | اَنْ | آ ئیں | اس کے کہ | | |
| | يُّسْجَنَ | یُس جَ نَ | اسے قید کیا جائے | س ج ن | سِجن (قید خانہ) |

سَیِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ

پیچھے کی طرف سے کھینچ کر پھاڑ ڈالا اور دروازے کے پاس ہی عورت کا شوہر دونوں کو مل گیا، تو کہنے لگی جو شخص تیری بیوی کے ساتھ بُرا ارادہ کرے بس اسکی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | (دی جائے) کوئی سزا؟ | ع ذ ب | عَذابِ الٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| | اَلِيْمٌ ﴿٢٥﴾ | اَ لِیْ م | دردناک | ء ل م | اَلمناک حادثہ، رنج واَلَم |
| ٢٦ | قَالَ | قَا لَ | اس (یوسف) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | هِيَ | ہِ یَ | اسی نے | | |
| | رَاوَدَتْنِيْ | رَا وَ دَتْ نِیْ | مجھے پھسلایا | ر و د | |
| | عَنْ نَّفْسِيْ | عَنْ نَفْ سِیْ | میرے نفس سے | ن ف س | نفس، اَنفس، نفسانفسی، مُتنفّس |
| | وَشَهِدَ | وَ شَ ہِ دَ | اور گواہی دی | ش ہ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | شَاهِدٌ | شَا ہِ دُ | ایک شاہد نے | ش ہ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | مِّنْ اَهْلِهَا ۚ | م مِنْ اَہْ لِ ہَا | اس عورت کے خاندان میں سے | ء ہ ل | اَہلِ خیر، اَہلِ دانش، اَہلِ بیت |

اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٥﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ

سزا یہی ہے کہ اسے قید کردیا جائے یا اور کوئی دردناک سزا دی جائے ﴿٢٥﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا یہ عورت ہی مجھے پھسلا رہی تھی، اور عورت کے قبیلے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنْ كَانَ | اِنْ کَا نَ | اگر ہے | ك و ن | اِن شَاءَاللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَمِيۡصُهٗ | قَ-مِیۡ-صُ-ہُوۡ | اس (یوسف) کی قمیص | ق م ص | قَمِیص (کُرتا) |
| | قُدَّ | قُدۡ-دَ | پھٹی ہوئی | ق د د | |
| | مِنۡ قُبُلٍ | مِنۡ قُبُ-لِنۡ | آگے (کی طرف) سے | ق ب ل | قبلہ، مدِّمقابل، مُتقابل، تقابُل |
| | فَصَدَقَتۡ | فَ-صَ-دَ-قَتۡ | تو وہ عورت سچی ہے | ص د ق | صادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | وَهُوَ | وَ-ہُ-وَ | اور وہ (یوسف) | | |
| | مِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿۲۶﴾ | مِ-نَ لۡ-کَا-ذِ-بِیۡ-ن | جھوٹوں میں سے ہے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذَّاب مُسیلمہ کَذَّاب (جھوٹے نبی کا نام) |
| ۲۷ | وَاِنۡ | وَ-اِنۡ | اور اگر | | |
| | كَانَ | کَ-ا-نَ | ہے | ك و ن | |

اِنۡ كَانَ قَمِيۡصُهٗ قُدَّ مِنۡ قُبُلٍ فَصَدَقَتۡ وَهُوَ مِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنۡ كَانَ

ہی کے ایک شخص نے گواہی دی کہ اگر اسکا کُرتا آگے سے پھٹا ہوا ہو تو عورت سچی ہے اور یوسف جھوٹ بولنے والوں میں سے ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر اس کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَمِيۡصُهٗ | قَ-مِیۡ-صُ-ہُوۡ | اس (یوسف) کی قمیص | ق م ص | قَمِیص (کُرتا) |
| | قُدَّ | قُدۡ-دَ | پھٹی ہوئی | ق د د | |
| | مِنۡ دُبُرٍ | مِنۡ دُبُ-رِنۡ | پیچھے سے | د ب ر | دُبُرِ صلوٰۃ، مُدبِر، اَدبارِ زمانہ |
| | فَكَذَبَتۡ | فَ-کَ-ذَ-بَتۡ | تو وہ عورت جھوٹی ہے | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذَّاب مُسیلمہ کَذَّاب (جھوٹے نبی کا نام) |
| | وَهُوَ | وَ-ہُ-وَ | اور وہ (یوسف) | | |
| | مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۲۷﴾ | مِ-نَ صۡ-صَا-دِ-قِیۡ-ن | سچوں میں سے ہے | ص د ق | صادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ۲۸ | فَلَمَّا | فَ-لَمۡ-مَا | پھر جب | | |
| | رَاٰ | رَ-آ | اس (عزیزِ مصر) نے دیکھی | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | قَمِيۡصَهٗ | قَ-مِیۡ-صَ-ہُوۡ | اس (یوسف) کی قمیص | ق م ص | قَمِیص (کُرتا) |
| | قُدَّ | قُدۡ-دَ | تو پھٹی ہوئی تھی | ق د د | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٢٧﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ

کُرتا پیچھے کی جانب سے پھاڑا گیا ہے تو عورت جھوٹی ہے اور یوسف سچوں میں سے ہے ﴿۲۷﴾ خاوند نے جو دیکھا کہ یوسف کا کُرتا پیٹھ کی جانب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ دُبُرٍ | مِنْ دُ بُ رِنْ | پیچھے سے | د ب ر | دُبُرِ صَلٰوۃ، مُدبِر، اَدْبارِ زمانہ |
| | قَالَ | قَا لَ | اس (عزیزِ مصر) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک یہ | | |
| | مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ | مِنْ كَا ئِيْ دِ كُنْ نَ | تم عورتوں کے مکر و فریب سے ہے | ك ى د | کائد، مَکائد (مکار) |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | كَيْدَكُنَّ | كَا ئِيْ دَ كُنْ نَ | تم عورتوں کا مکر و فریب | ك ى د | کائد، مَکائد (مکار) |
| | عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾ | عَ ظِيْ مُنْ | بہت بڑا ہے | ع ظ م | عَظیم، اَعظم، عَظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ۲۹ | يُوْسُفُ | يُوْ سُ فُ | اے یوسف! | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اَعْرِضْ | اَعْ رِضْ | درگزر کر | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |

مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ

سے پھاڑا گیا ہے تو صاف کہہ دیا کہ یہ تو تم عورتوں کی چال بازی ہے، بیشک تمہاری چال بازی بہت بڑی ہے ﴿۲۸﴾ یوسف (علیہ السلام) اب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ هٰذَا سکتة | عَنْ هَا ذَا | اس (معاملے) سے | | |
| | وَاسْتَغْفِرِيْ | وَسْ تَغْ فِ رِيْ | اور (بیوی سے کہا:) تو بخشش طلب کر | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، اِستغفار، مَغفِرت |
| | لِذَنْۢبِكِ ۚۖ | لِ ذَمْ بِ كِ | اپنے گناہ کی | ذ ن ب | ذَنبِ صَغیر (چھوٹے گناہ) ذَنبِ کَبیر (بڑے گناہ) |
| | اِنَّكِ | اِن نَ كِ | بلاشبہ | | |
| | كُنْتِ | كُنْ تِ | تُو ہی ہے | ك و ن | |
| | مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿٢٩﴾ ع | مِنَ لْ خَا طِ ءِ يْ نَ | خطا کاروں میں سے | خ ط ء | خَطا، اِخطاء، خطاکار، خَطائیں |
| ۳۰ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نِسْوَةٌ | نِ سْ وَ تُنْ | کچھ عورتوں نے | ن س و | نِساءُالمُؤمنین، تربیتِ نِسواں، نِسوانیت |

عَنْ هٰذَا ۜ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚۖ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَ نِسْوَةٌ

اس بات کو آئی جاتی کرو اور (اے عورت) تُو اپنے گناہ سے توبہ کر، بیشک تو گنہگاروں میں سے ہے ﴿٢٩﴾ اور شہر کی عورتوں میں چرچا ہونے لگا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْمَدِيْنَةِ | فِلْ مَ دِیْ نَ تِ | شہر (مصر) میں: | | مُدُن، مَدِینہ طَیِّبہ، مَدِینۃُ الرَّسول ﷺ |
| | امْرَاَتُ | مْ رَ اَ تُ | بیوی | م ر ء | |
| | الْعَزِيْزِ | لْ عَ زِیْ زِ | عزیز کی | ع ز ز | اَلْعَزِیز (غالِب، اللہ کا صِفاتی نام) |
| | تُرَاوِدُ | تُ رَا وِ دُ | پھسلاتی ہے | ر و د | |
| | فَتٰىهَا | فَ تَا ہَا | اپنے غلام کو | ف ت ی | فِتْیَان (جمع/غلام) |
| | عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ | عَنْ نَفْ سِ ہٖ | اس کے نفس سے | ن ف س | نفس، اَنْفُس، نَفسانَفسی، مُتَنفّس |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | شَغَفَهَا | شَ غَ فَ ہَا | گھر کر گئی ہے اس کے دل میں | ش غ ف | |
| | حُبًّا ۭ | حُبْ بَا | (یوسف کی) محبت | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحبّت |

فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ

کہ عزیز کی بیوی اپنے (جوان) غلام کو اپنا مطلب نکالنے کے لئے بہلانے پھسلانے میں لگی رہتی ہے، ان کے دل میں یوسف (علیہ السلام) کی محبت بیٹھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّا | اِنْ نَا | بے شک ہم | | |
| | لَنَرٰىهَا | لَ نَ رَا ہَا | یقیناً اسے دیکھتی ہے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غیر مرئی |
| | فِيْ ضَلٰلٍ | فِيْ ضَ لَا لِنْ | گمراہی میں | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |
| | مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾ | مُ مُ بِیْ نْ | کھلی | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| ٣١ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |
| | سَمِعَتْ | سَ مِ عَتْ | اس (عزیز مصر کی بیوی) نے سنی | س م ع | سَامِع، مَسموع، قوتِ سَماعت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَكْرِهِنَّ | بِ مَ کْ رِ ہِن نَ | ان کی ملامت (چال) | م ك ر | مکروفریب، مکار آدمی |
| | اَرْسَلَتْ | اَ رْ سَ لَ تْ | تو اس نے (پیغام) بھیجا | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِلَيْهِنَّ | اِ لَا ئِ ہِن نَ | ان کی طرف (بلانے کو) | | رُجوع اِلیٰ اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٣٠ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ

گئی ہے، ہمارے خیال میں تو وہ صریح گمراہی میں ہے ۝٣٠ اس نے جب ان کی اس پُرفریب غیبت کا حال سنا تو انہیں بلوا بھیجا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَعْتَدَتْ | وَ اَ عْ تَ دَ تْ | اور اس نے تیار کی | ع ت د | |
| | لَهُنَّ | لَ ہُن نَ | ان کے لئے | | |
| | مُتَّكَاً | مُت تَ کَ آ ؤں | تکیے لگی مجلس | و ك ء | |
| | وَّاٰتَتْ | وَ آ تَ تْ | اور اس نے دی | ء ت ی | |
| | كُلَّ | کُل لَ | ہر ایک | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | وَاحِدَةٍ | وَا حِ دَ تِ | عورت کو | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، اَحَد |
| | مِّنْهُنَّ | م مِنْ ہُن نَ | ان میں سے | | |
| | سِكِّيْنًا | سِ ک کِ نا ؤں | (ایک) ایک چھری | س ك ن | |
| | وَّقَالَتِ | وَ قا لَ تِ | اور (یوسف سے) کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اخْرُجْ | خْ رُ جْ | تو نکل | خ ر ج | خارِج، وزارتِ خارجہ<br>مَخرَج، خُروج |

وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ

اور ان کے لئے ایک مجلس مرتب کی اور ان میں سے ہر ایک کو چھری دی، اور کہا اے یوسف! ان کے سامنے چلے آو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِنَّ ج | عَ لَا ئِ ہِن نَ | ان کے سامنے | | |
| | فَلَمَّا | فَ لَم مَا | پھر جب | | |
| | رَاَيْنَهٗۤ | رَ آ ئِ نَ ہُو.. | ان عورتوں نے دیکھا اس (یوسف) کو | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیرمَرئی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَكْبَرْنَهٗ | آ کْ بَ رْ نَ ہُوْ | تو اسے بہت بڑا جانا | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبِیر، کَبِیرہ |
| | وَقَطَّعْنَ | وَ قَط طَ عْ نَ | اور انہوں نے بُری طرح کاٹ لئے | ق ط ع | قاطعِ بِدعت، قَطعِ تَعَلُّق، قَطعِ رَحمی |
| | اَيْدِيَهُنَّ | آ ئِ دِ یَ ہُن نَ | اپنے ہاتھ | ی د ی | یدِ بَیضا، یدِ طُولیٰ، رَفعِ یدین، قَطعِ ید |
| | وَقُلْنَ | وَ قُ لْ نَ | اور وہ بولیں | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | حَاشَ لِلّٰهِ | حَا شَ لِل لَا ہِ | حَاشَا لِلّٰهِ (اللہ کی پناہ!) | ح و ش<br>ء ل ہ | حَاشَا وَ كَلَّا (اللہ کی پناہ)<br>اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مَا هٰذَا | مَا ہَا ذَا | نہیں ہے یہ | | |

عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا

ان عورتوں نے جب اسے دیکھا تو بہت بڑا جانا اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے، اور زبان سے نکل گیا کہ حاشا للہ! یہ انسان تو ہرگز نہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَشَرًا ؕ | بَ شَ رَا | بشر | ب ش ر | خَیرُ البَشَر، نُور و بَشَر، بَشرِیّت |
| | اِنْ | اِنْ | نہیں ہے | | |
| | هٰذَآ | ہَا ذَا.. | یہ | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا ماشاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | مَلَكٌ | مَ لَ كُنْ | کوئی فرشتہ | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فرشتہ)<br>مَسجُودِ مَلَائکہ |
